جاء فی القرآن الکریم ان الله علیم حکیم

بفضل وتائید دانای کلیات وجزئیات و مبیاے مظہرات ومضمرات
نسخہ مجموعہ افادات مصنفہ جامع الکمالات مولوی حکیم محمد فضل اللہ صاحب مدظلہ

مخزن المفردات

معروف بہ

جامع الادویہ

حسب مایش صاحب مکرم دانش محمد حافظ خانصاحب سلمہ اللہ الواہب
صاحبزادہ جناب حافظ محمد عبدالستار خانصاحب تاجر کتب باجازت جناب حافظ صاحب ممدوح

در مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلْحَکِیْمِ الَّذِیْ عِنْدَہٗ شِفَآءُ الْاَمْرَاضِ وَالْعِلَلِ وَنُصَلِّیْ عَلَی الطَّبِیْبِ الْمُعَالِجِ لِاَسْقَامِ
الْاَدْیَانِ وَالْمِلَلِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ ہُمْ بَادَرُوْا فِی التَّدَابِیْرِ لِدَفْعِ الْاٰلَامِ الضَّلَلِ وَالزَّلَلِ
بعد حمد وصلوٰۃ کے فقیر حقیر امیدوار مغفرت ایزدی بے مثال الداعی محمد فضل اللہ ابن
مولانا الحاج مولوی محمد عبد اللہ صاحب صدیقی حنفی لکھنوی بکتا ہو کہ از روئے حسب
فرمایش بعض اخوان احباب کے خاصکر حسب ارشاد برگزیدہ بارگاہ ستار و غفار جناب حافظ محمد
عبد الستار خان صاحب تاجر کتب کے یہ کتاب در الترتیب عجیب و غریب مسمّٰی بہ مخزن المفردات
معروف بہ جامع الادویہ فن مفردات طب میں متقدمین و متاخرین اعلی اللہ درجتہم کی معتبر کتابوں
سے یعنی تحفۃ المومنین و تالیف شریفی مصنفہ حکیم علوی خان صاحب و مخزن الادویہ و مفردات
قیصرانی و ناصر المعالجین وغیرہ سے محض بغرض افادہ عوام و خواص صحیح انتخاب کی گئی اور تمام
اردو زبان میں اس خوبی کے ساتھ تحریر کی گئی ہے کہ خدا چاہے تو کسی قسم کی خفا پوشیدگی اب نہیں
رہی ہو ہاں سوا اسکے کہ آدمی خطا و بھول چوک سے بنا ہوا ہے پھر بھی اگر کوئی سقم و خطا باقی ہو تو اوسکو ناظرین
اور فائدہ حاصل کرنیوالے محض براہ عفو و عطا اصلاح فرمائیں اور فقیر کو دعاء مغفرت میں بھول
جاویں وَاللّٰہُ وَلِیُّ التَّوْفِیْقِ وَھُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اور یہ کتاب شامل ہے ایک مقدمہ اور
دو بابوں اور ایک فہرست نام عربی دوا اور ایک خاتمہ کو مقدمہ۔ فصل در تعریف علم طب میں جاننا چاہیے
کہ طب کے معنی لغت میں سحر یعنے جادو کے اور اصلاح یعنے نکو کاری کرنیکے اور عادت کے اور عمد قصد یعنے

کی دانائی کے ہین طبیبون کی اصطلاح مین طب وس علم کا نام ہے جسمین انسانی صحت و
مرض کے احوال بیان مین اور قواعد کلیہ کے طور پر اسکا بیان ہے کہ صحت موجودہ کیونکر محفوظ
یا حاصل رہسکتی ہے اور مرض لاحقہ کس طور زائل و معدوم ہوسکتا ہے کسواسطے کہ بیدار بشمار
لتون کا تفصیل علم امکان بشری سے خارج ہے۔ اب طب کے لغوی و اصطلاحی معنون کی مناسبت
مدار پر مخفی نہین ہے کہ نگہداشت کرنا صحت کا اور زائل کرنا مرض ایسے بدن کا کہ باہم متضاد اور
مخالف عناصر سے ملکر بنا ہے گویا سحر سازی ہے اور طبیب اصلاح کرنے والا بدن کا تو ہوتا ہی ہے
اور یہ بھی ظاہر ہے کہ طبیب کو طب کی ایسی مزاولت کرنا چاہیے کہ گویا اوسکی عادت مین سے ہوجاوے
اور یہ بھی ہر شخص جانتا ہی کہ طبیب زیرک اور دانا شخص ہوسکتا ہے۔ اب ضمنا یہ بات بھی معلوم
ہوگئی کہ موضوع فن طب کا جسکے احوال سے اسمین بحث کیجاتی ہے انسان کا بدن ہے اور غایت اوسکی
اسکا حاصل کرنے سے نگہداشت صحت کی اور ازالہ مرض کا ہے فصل درج شناخت طبیعت و مزاج
دوا کے اور اسکے درجون کے بیان مین اصطلاح اطبا مین دوا کی کیفیت عنصری کو طبیعت یا مزاج
دوا کا کہتے ہین اور دوا کی کیفیت عنصری منحصر نو حالتون مین ہے اسواسطے کہ یا تو دوا معتدل فرضی
اطبا کی ہوگی یا غیر معتدل ہوگی اور غیر معتدل یا تو گرم ہوگی یا سرد یا تر یا خشک اور یا مرکب ان چارون
کیفیتون کے دو سے یعنے گرم تر یا گرم خشک۔ یا سرد تر۔ یا سرد خشک اور سوائے معتدل کے
غیر معتدل کی آٹھ کیفیتون کے اطبا نے بحسب استقرا یعنی جستجو کے چار درجے مقرر کیے ہین باین
لحاظ سے کہ اگر دوا بدن انسان معتدل یا قریب بہ معتدل جوان ذکی الحس مین وارد ہوگی تو اس شخص
کی اصلی حرارت سے منفعل ہونیکے بعد کوئی اپنی زائد کیفیت اسمین پیدا کریگی یا نہ پیدا کریگی اگر نہ پیدا کریگی
اوسکو تو معتدل کہتے ہین اور وہ دوا معتدل ہے اور اگر کوئی زائد کیفیت پیدا کی اون آٹھون کیفیتون
منفرد و مرکب سے اور وہ کیفیت زائد محسوس نہین ہوتی ہے تو وہ درجہ اول اس کیفیت کا ہے
کہ جسمین کہ زائد ہے اعتدال سے۔ وہ دوا اس کیفیت کے پہلے درجے مین ہوگی مثلاً گرم پہلے درجے مین
اور جو اس دوا کی کیفیت محسوس بھی ہوتی ہے الا مضرت نہین کی تو وہ دوا دوسرے درجے مین اس کیفیت
کی ہوگی مثلاً گرم دوسرے درجے مین اور اگر اس دوا کی کیفیت محسوس بھی ہوتی اور مضر بھی ہوے لیکن
ہلاک کرنیوالی نہین ہوتی تو وہ تیسرے درجے مین اس کیفیت کی ہوگی مثلاً گرم تیسرے درجے مین اور اگر

اس دوا کی کیفیت محسوس نہیں ہوتی اور ضرر بہلاکت نہیں پہنچاتا اور وہ چوتھے درجہ میں اس کیفیت کی ہو گی
مثلاً گرم چوتھے درجہ میں اور اطبا نے ان چاروں درجوں مذکورہ بالا کے تین تین مرتبے مقرر کیے ہیں
اول وسطی آخری جیسے جو دوا مثلاً گرم پہلے درجے کے مرتبہ اول میں ہو گی اسکی کیفیت اندمالکل ہی محسوس
ہو گی اور جو دوا مثلاً گرم پہلے درجے کے مرتبہ وسطی میں ہو گی اسکی کیفیت اندکسیقدر محسوس ہو گی اور جو دوا مثلاً
پہلے درجے کے مرتبہ آخری میں ہو گی اسکی کیفیت مرتبہ وسطی والی سے زیادہ محسوس ہو گی۔ یہاں پر چاہیے کہ کیفیت
کی چوتھے درجے کی دوا کو دوائے سمی کہتے ہیں خواہ وہ دوا اپنی خاصیت میں تریاق یا فادزہر کیوں نہ ہو۔ اور بعض
اطبا کے نزدیک یہ ہر کہ سمیت کی بہت اقسام ہیں جیسے کہ پہلی مرتبہ میں ہو گی اسکا ازالہ ممکن ہر اور وہ ممکن العلاج ہو
اور جس دوا کی سمیت دوسرے درجے کے مرتبہ وسطی میں ہو گی اسکا ازالہ علاج دشوار ہر اور جس دوا کی سمیت اس
درجے کے مرتبہ آخری میں ہو گی اسکا ازالہ علاج ناممکن ہر فائدہ مخفی نرہے کہ جو دوا گرم تر ہو گی اسکی
گرمی پہلے درجے سے زیادہ نہو گی اسلیے کہ اگر گرمی اسکی پہلے درجے سے زیادہ ہو گی تو وہ تری کو فنا کرنیوالی ہو
پس وہ دوا گرم تر نرہیگی بلکہ گرم خشک ہو گی لہذا یہ قاعدہ مقرر ہو گیا ہر کہ جو دوا دوسرے درجے میں گرم
ہو گی وہ خشک ہو گی خواہ پہلے درجے میں ہو خواہ دوسرے درجے میں اور جو دوا گرم تیسرے درجے میں
یا چوتھے درجے میں ہو گی وہ خشک اسی درجے میں ہو گی جس درجے کی وہ گرم ہے یعنے دوائے گرم
تیسرے درجے کی تیسرے درجے میں خشک ہو گی اور دوائے گرم چوتھے درجے کی چوتھے درجے میں خشک
ہو گی۔ اسیطرح جو دوا سرد تر ہو گی اسکی سردی دوسرے درجے سے زیادہ نہو گی اسلیے کہ دوائے تیسرے
وچوتھے درجے کی اسکی تری کو کثیف کر دیتی ہر بسبب شدت سردی کے اور کثافت کا اطلاق یبوست
پر کیا جاتا ہر لہذا دوا سرد تیسرے وچوتھے درجے کی خشک ہو گی پس دوا سرد درجہ پہلے کی پہلے
یا دوسرے درجے میں تر ہو گی اور اسیطرح دوا سرد دوسرے درجے کی بھی پہلے یا دوسرے درجے میں
ہو گی لہذا قیاسی چار درجے کیفیات اربعہ کے ثابت ہوتے ہیں اب دو درجے یعنے تیسرے وچوتھے درجے
کے ترمنہا ہو کر دو درجے باقی رہے فائدہ ہمنے جدول مفردات میں بعلامت درجہ ہندسہ لکھدیے
یعنے پہلے درجہ کی جگہ ۱ اور دوسرے کی جگہہ ۲- اور تیسرے کی جگہہ ۳- اور چوتھے کی جگہہ ۴
اور بسبب تنگی خانہ طبیعت کے ونیز بوجہ اسکے کہ اکثر دواؤں کے مراتب بیان کرنے میں خود
متقدمین حکماء نے کمی کی ہر مراتب کے اشارے کا لحاظ نہیں کیا گیا ۔

اس جدول میں چند دواؤن جدون کی کچھ تھوڑی تھوڑی سی ایسان بقید درجہ علحدہ علحدہ کو ہین

نام کیفیت و قید درجہ	نام ادویہ
دوائین گرم پہلے درجے کی	لاؤن۔ پیٹھا۔ انگور۔ شہتوت۔ الیوا۔ بابونہ۔ السی۔ کو ترتی۔ سنگھاڑا وغیرہ
دوائین گرم دوسرے درجے کی	کندر۔ امبوو۔ مصطگی۔ تاشی۔ شہد۔ زعفران۔ سوتوا۔ ناٹ۔ گندہک۔ جوانسا۔ تخم انگن۔ پیٹھی۔ بلسان۔ زراوند گرد۔ زراوند دراز۔ کرنجوا کا مصا کا اندر وغیرہ
دوائین گرم تیسرے درجے کی	دودھ ابر۔ مولی۔ ریٹھی۔ تیشنہ۔ پرانی شراب۔ آکاش بیل۔ تج۔ ابرادن۔ پیپل۔ پودینہ۔ تیل سرسون کی۔ ننمنا۔ تگر۔ تخم رام تلسی۔ کرنس کرہی۔ نعناع۔ کیرا۔ شہد کا جلا ہوا۔ بال جلے ہوئے۔ وغیرہ
دوائین گرم چوتھے درجے کی	تیل ہینگ کی۔ کرٹن۔ پیاز۔ سمندر پھین۔ گندنا۔ قسط۔ جلی ہوئی چیزین۔ آک کا دودھ۔ پی کھا سون کا دودھ۔ فرفیون۔ گرم یعنی انگور کا جھاڑ۔ بیش یعنی سنکھیا۔ وغیرہ
دوائین سرد پہلے درجے کی	کھجور۔ ببول کیکر کا چھال و پانی خشخاش۔ برگ بنفشہ کا کیج۔ نشاستہ۔ کاسنی۔ تیل تخم سرس کا تیل۔ امرود۔ تانبہ کا برادہ۔ بلوط۔ بانس کی پتی۔ تمر ہندی کا تور۔ پیٹھا۔ پھٹکری۔ ترش ہی۔ وغیرہ
دوائین سرد دوسرے درجے کی	خربوزہ۔ اسپغول کچا پیون۔ ہرا مازہ۔ کدو۔ بارتنگ۔ بانس۔ کھیرا۔ ککڑی۔ چولائی کا ساگ۔ شفتالو۔ ترنج کے بیج۔ رانگا۔ ناگرون۔ سماق۔ بیٹ سترک وغیرہ
دوائین سرد تیسرے درجے کی	خرفہ کا ساگ۔ لونیہ کا ساگ۔ چوکہ۔ ترنج۔ سدا بہار۔ خشخاش سیاہ۔ گلنار۔ لال ساگ۔ شاہ بیرگ یعنی نفات۔ سلاجیت۔ پھین تجتر۔ وغیرہ
دوائین سرد چوتھے درجے کی	افیون۔ دھتورہ کا گران۔ ماذریون۔ تمباکو۔ تمباکو کا بیج۔ اجوائن خراسانی۔ بن ٹوپی کا تخم۔ کنبنا۔ شاہ بلبروی کی جڑ۔ دوائین مخدر یعنی اعضا کو سست کر نیوالی

نام کیفیت مع قید درجہ	نام ادویہ
دوائین خشک پہلے درجہ کی	لسّی - میٹھا بادام - کمنکال یعنے بسفائج - پرسیاوشان - خربوزہ کے بیج کے چھلکے - زعفران - سونٹھ - کندر - امرود - گوکھرو - بیل کی جڑ - بابونہ - تخم اونگن - لوبان - سدابہار - سونف - جوکا آٹا - اخروٹ کا گوند - سوسن - ساتر یعنے صعتر - کلفہ - حب الغار - وغیرہ
دوائین خشک دوسرے درجہ کی	سونل - اودبلاو کے خصیے - بچ - بالچھڑ - شاہترہ - مغلئی - شہد جنگلی - بیگن - چائے خطائی - نیلوفر کی جڑ - بلسان - زراوند - زفت - چرائتا - ترنج کے چھلکے - ماذشیر - مکڑی کا جالا وغیرہ —
دوائین خشک تیسرے درجہ کی	لسن - تگر - رندی - اکاس بیل - ہینگ - کندر - جنا - تج - شکر - دوناعرنا - بانس - جوزبوا - ساتر - بلوط - زوفائے خشک - کیکر کا عصارہ - ستاروچ کے - کمار - نرنج - اجوائن - کلونجی - تلی - سرسہ - کیکڑا جلایا سوا - بال ملے ہوئے - ترک - کاسے پھل - موصلیت —
دوائین خشک چوتھے درجہ کی	رائی - تلی جنگلی - گندنا کے بیج - افیون - دہتورہ - انگور کا جھاڑ - افرسون - قطران یعنے تکہ وغیرہ —
دوائین تر پہلے درجے کی	توودری - کاہو - گاوزبان - پالک کے بیج - شفتالو - روغن گل - چرونجی - بنفشہ - سوسن کا عصارہ - گلہ یعنے انجیر آدم - خصیہ ثعلب - وغیرہ
دوائین تر دوسرے درجے کی	چولائی کا ساگ - خرفہ کا ساگ - خربوزہ - تربوز - خوبانی - اسغول - پالک - ترئی - کھیرا - انبہ - نارنگی - شریفہ - آلوسے بخارا - وغیرہ ترفواکہات -

اس جدول مین دواؤن کی ان تاثیری صفتون کے عربی ناسون کا ذکر ہی جو اطبا کے مصطلح اور محاورۂ روزمرہ ہورہے ہین

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
اکال	عضو کو کھاجانیوالی	بوجہ تیزی کی قوت جلا دیکھل کی اجزاء ہر عضو کو فنا کردیتی ہے	زنگار - ابزدست یعنی لالی - نمک - مالشان یعنی جوک - سیندور - بیسی جلی ہوئی - توتیا - تانبے چون - مردار سنگ - نورہ -

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
جاذب	کھینچنے والی	بوجہ گرمی و لطافت کے اخلاط یا رطوبت کو اپنے پاس یا ظاہر جلد کی طرف کھینچ لاتی ہے	اود بلاؤ کے خصیے - کانتھیا - اور بعض شئے قوی جاذب ہیں کہ گانسی کو اندر بدن سے نکالتی ہیں جیسے کوڑی یا گھونگھے کا گوشت -
جالی	جلا کرنیوالی اور پاک کرنیوالی	جلد یا سطح ظاہر عضو یا اسکی رطوبت کو میلکے پاک اور روشن کر دیتی ہے	لال شکر - شورہ - ٹنکار - مصری - ہرتال - زفت - بلسان کے بیج اور شیرا - بنفشہ کی جڑ یعنی ایرسا -
جامد	جما دینیوالی	پتلے اخلاطوں کو گاڑھا اور سخت و بستہ کر دیتی ہے -	سوم - کہربا - کتیرا - نشاستہ - گیرو - گل ملتانی - صمغ عربی -
حالق و حلاق	بال مونڈنیوالی	بالونکو سست کرکے کمزور یا اکھڑنے پر آمادہ کر دیتی ہے بسبب تیزی کے	نورہ - ہڑتال - چونہ سفیدہ - راکھ - وغیرہ
حکاک و محکک	کھجلی پیدا کرنیوالی	بوجہ تیزی و گرمی کے گاڑھی خلطونکو مسام کی طرف کھینچتی اور سہو کے کھجلی پیدا کرتی ہے	آنکن - جل تیل یعنی کونچ - بچھیا گھاس - مشک دانہ کے پتے - غیرتی کے پتے - تھنڈی کے پتے وغیرہ
خاتم	پورا کرنیوالی	زخم کو ختم کرکے بوجہ خشکی کے خشک کرتی اور گوشت زندہ باندھ دیتی ہے	انزروت لمبولالی - پرانی دہی یا ہوا - توتیا - ایلوہ سیپی - مہلی ہول - جنبرلیلہ گھیکوار - وغیرہ
دابق	چپکنے والی	بسبب لیس کے ہاتھ میں چپکتی ہے	دابق یعنے بیرزک - عسل - سریس - کتھہ - وغیرہ -
دافع خمار	نشہ کو دور کرنیوالی	بوجہ منع کرنے تخمیر کے نشہ کو دفع کرتی ہے -	گلاب کا پھول سونگھنا - کھٹا انار - عرق لیمون عرق گلاب - شربت قند کا -
رادع	لوٹا دینے والی متقابل جاذب کے ہے	بوجہ قوت قبض کے اور سردی کے سیال خلطون کو عضو ماؤف پر گرنے نہ دیو اور عضو ماؤف کو محفوظ رکھتے -	مکو - اسپغول - گلنار - چھالیہ - دھنیا - خطمی - السی - ملتانی مٹی - گیرو - المتاش وغیرہ
عاصر	نچوڑنے والی	بوجہ شدت قبض کے سکیڑ کے عضو کو تنگ کرتی اور پتلی رطوبت کو نچوڑتی ہے جو کہ عضو میں ہے	املی کے بیج - ہڑ - انزروت - سینگھاڑی - ببول کی اور انار کے چھلکے - اور اسکی چھال - جامن کی گٹھلی وغیرہ

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
غسّال	دہونیوالی	بوجہ قوت جلا کے فضول کو سطح عضو سے دہو دیتی ہے اسکا سیال ہونا لازم ہے	نیم گرم پانی۔ آب جو۔ ماء العسل یعنے شہد کا گھلا ہوا پانی وغیرہ
قاتل	مارڈالنیوالی	یعنی مخالفت وضدیت کیوجہ قوی وروح حیوانی ونفسانی وطبعی کو فنا کرتی اور ہلاک کرتی ہو	افیون۔ فرفیون۔ بیش۔ سنکھیا۔ سینگیا۔ زہر۔ ہیرا۔ پارہ۔ شیر کی مونچھ کے بال۔ وغیرہ
قاتلات دود	پیٹ کے کیڑے مارنیوالی	یہ دوا پیٹ کے کیڑے مارتی ہو	بابرنگ کابلی۔ کمیلہ۔ کلونجی۔ پودینہ۔ زوفا خشک۔ شفتالو کے پتے۔ عرعرہ۔ جہاز یعنی ترمس۔ عنبربید یعنی جعدہ۔ ہلیلہ۔ درمنہ یعنی شیح۔
قابضات	روکنے اور بند کرنیوالی	بوجہ بوجھل ہونے یا خشک ہونے یا کیسیلے پن کے طبیعت کو بند کردیتی ہے۔	تربج۔ مرغ کا سنگدان۔ جفت بلوط۔ بیل کا چھلکا۔ زرشک۔ حب الآس۔ باقلا۔ ترمس۔ بنسلوچن۔ ہیرا دکھی یعنے دم الاخوین۔ گلنار۔ سماق۔ سوپاری۔ ترنگ۔ جراکش یعنے اذخر۔ جاموں کی گٹھلی۔ انبہ کی گٹھلی۔ مصطگی۔ حنا۔ چاول۔ مامیثا۔ آرد۔ وغیرہ
قاشر	چھلکا اتارنیوالی	بوجہ شدت جلا کے عضو کو صاف کرے اور چھلکا اتارے	برگ ترب۔ آرد نخود۔ جو بریان۔ کالے تل۔ خشخاش وغیرہ
کاوی	داغ دینے والی	بسبب تیزی اور سوزش اور خشکی کے عضو میں داغ کردے اور جلا ہوا کردے۔	سفیدہ۔ قلقطار۔ ادرک۔ لہسن۔ تیزاب وغیرہ
کاسر الریاح	ریاح دفع کرنیوالی	ریاح غلیظ کو پتلا اور توڑ کے بوجہ حرارت کے دفع کرے	تلی کے بیج اور سونٹھ۔ نانخواہ سیاہ۔ سونف۔ پودینہ۔ اجوائن۔ کلونجی۔ زیرہ۔ چوک۔ چرکا مرلی وغیرہ
لاذع ومقطّع	خراش کرنیوالی	بوجہ شدت گرمی تیزی وقوت نفوذ کے عضو کو چھیلے اور کاٹے۔	شکر۔ لیموں۔ نمک۔ شورہ۔ رائی۔ جاسوں کا تیزاب۔ سکنجبین۔ انگور تازہ۔ منقے وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
لزج	چپکنے والی	بوجہ چکنائی و لس کے عضو سے جدا نہووے۔	خبازی۔ بعض قسم کی مچھلی۔ مسور۔ چاول۔ موگرا وغیرہ۔
مانع احلام ردی	خواب پریشان کو منع کرتی ہے		کدو کے بیج۔ خرفہ۔ اکر کرہا۔ ششو۔ باور کا پتھر۔ زیتون کی لکڑی گلے مین لٹکانا۔ ہیکاری سرہانے رکھنا۔
[illegible]	خون بہنے اور خون منہ سے آنے اور خونی سنگرہنی کو منع کرنیوال	رگون مین سدہ پیدا کرکے اور اندرونی زخمون مین الکر نالا کے خون کے جاری ہونے کو بند کرنے والی بوجہ اپنی خشکی کے۔	ہیرا دوکھی۔ مصطگی۔ شوکھادہنیا۔ زرنباد۔ رسوت۔ زیرہ۔ کافور۔ پودینہ۔ بیخ انجبار۔ گیرو۔ جفت بلوط۔ سرمہ۔ بارتنگ۔ کہربا۔ نشاستہ۔ ابوان اسان۔ گلنار۔ کندر۔ مازو۔ ریشہ برگد۔ ریوند چینی۔ چھوٹی مائین۔ جنگلی تلسی۔ وغیرہ۔
مبرد	سردی کرنیوالی	بوجہ اپنی سردی کے اعضا کو سردی بخشتی ہے۔	کافور۔ کاہو۔ صندل۔ گزہل کا پھول۔ نیلوفر۔ خوشبو دار مٹی وغیرہ
مبہی	قوت باہ بڑھانے والی	بوجہ معتدل گرمی اور فاضل رطوبت کے پٹھون اور اعضاے تناسل مین ریاح غلیظ اور مادہ منی کا پیدا کرکے قوت جماع بخشتی ہے۔	سونٹھ۔ کھجور و چھوارا۔ چھیر۔ شیر۔ مرغ۔ بیضہ نیمبرشت۔ گوریا۔ گوریا کا مغز وانڈے۔ انگور۔ گاجر کے بیج۔ گائے کا تل۔ جاوتری۔ شلجم۔ گوشت بکری کا کتیرا۔ دارچینی۔ مغز بادام۔ اخروٹ کی گری۔ مغز چلغوزہ۔ باقلا۔ پیڑیا۔ شتر۔ ہینگ۔ پستہ۔ جند بیدستر۔ خصیہ الثعلب۔ کلونجی۔ پربری۔ تج۔ سونٹھ۔ بنولا۔ بندق۔ لوبیا۔ سقنقور۔ ستاور۔ گوکھرو۔ بہمن سرخ و سفید۔ موصلی سیاہ و سفید۔ تودری زرد و سفید۔ کھوپرا۔ پیاز کے بیج۔ مولی کے بیج۔ دارچلی۔ سنبل۔ خشخاش۔ مشک۔ مصطگی۔ عنبر۔ وغیرہ

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
۲۳ مجفف	خشکی کرنیوالی	بوجہ اپنی خشک کرنے کے اعضا کی رطوبت کو خشک وتحلیل کردیتی ہے۔	سیپی جلی ہوئی۔ چھوارے کی گٹھلی جلی ہوئی۔ لاکھ مردارسنگ۔ سنگجراحت۔ ایلوا۔ چونہ دہویا ہوا۔ توتیا۔ جھربیلہ وغیرہ۔
۲۴ محرق	جلانیوالی	بوجہ قوت نفوذ وقوی گرمی کے عضو کی رطوبت کو فنا کرکے عضو کو جلادیتی ہے۔	فرفیون۔ ہرتال۔ تیزاب چاندی کا۔ زنگار۔ توتیا۔ چونہ۔ نوزہ۔ آگ۔ مدار کا دودھ وغیرہ۔
محلمات ردیہ	بدخواب کرنیوالی	بوجہ تبخیر کے خواب پریشان دکھلاتی ہے	شراب کشیز مینا۔ کچی پیاز کی نا۔ آلو کی ترکاری بیگن۔ باقلا۔ گندنا۔ لوبیا۔ گوبھی مسور۔ وغیرہ
۲۵ محلل	جزو جزو فنا کردینے والی	بوجہ اپنی قوت حرارت کے لگدار غلطون کو جو عضو مین چپکی ہین بذریعہ بخارات کے یعنے بخارات بناکر ایک ایک جزو فنا کردیتی ہے۔	زراوند دراز وگرد۔ ونامردا اذدبلا وکے ناخونہ چنبیلی کی پتی نرگس بستانی۔ بھوانس یعنے ترمس۔ بابونہ خطمی۔ عنبر بید۔ برسیاوشان تگر۔ کندوار۔ بچ یعنے وچ۔ پودینہ کوہی کرنجوہ اشق یعنے کاندر۔ پیاز جنگلی۔ جاوشیر۔ انزروت نافث۔ زفت۔ صمغ البطم۔ لادن۔ حاشا۔ جراکش۔ باقلا۔ رائی۔ بلدی۔ گل جزو دارچینی۔ کینکرا۔ سویہ۔ ملکوے سبز وغیرہ
۲۶ محمر	سرخ کرنیوالی اکثر اس دینا سرخ کرنیوالی مراد ہوتی ہی	بوجہ گرمی اور قوت جذب اپنی کے عضو کے ظاہر کو سرخ کردیتی ہے۔	رائی۔ پودینہ۔ انجیر۔ لالہ کا پھول۔ نارنگی کے چھلکے۔ چرائتہ۔ بالچھڑ جراکش دارچینی۔ وغیرہ
۲۷ مخدر	حس کم کرنے والی	بوجہ اپنی سردی وخشکی وقوت نبض کے مسامات ومجاری کو کثیف کرکے روح کو نافذ ہونے سے منع کرے یا خود روح کو کثیف کرے اور حس وحرکت سے باز رکھے	افیون۔ اسپند۔ کچلہ۔ شاہترہ کی جڑ۔ تمباکو کے پتے تمباکو کے بیج۔ کندر۔ شوکران۔ بونگ دشتی بر۔ اجوائن خراسانی۔ پٹ کو ایعنے کا گنج لکھنا لکھمنی۔ وغیرہ

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مخرجات الجنین	بچہ نکالنے ویپیدا کرنیوالی	وہ دوا ہے کہ بچہ جلد بآسانی پیدا کرتی ہے۔	کنکول مرچ لینے اصل کا آسا۔ زراوند۔ السی۔ تخم۔ کال مرچ۔ ببوزیدان۔ پرسیاوشان۔ کلنگی۔ کالازیرہ۔ یہ سب یا بعض لتہ میں لت کرکے فرج میں رکھنا۔ نازو۔ یا کلونجی پیس کے پینا۔ مہندی سبز و بانس کے پتے جوش کرکے پینا۔ املتاس کے چھلکے جوش کرکے پینا۔ وغیرہ
مخشن	کھر کھرا کرنیوالی	بوجہ قوت قبض و تنگی سے عضو کے سطح ظاہری کو کھر کھرا یعنی نشیب و فراز کر دیتی ہے	ہلیلہ۔ اکلیل الملک یعنے ناخونہ۔ اقرہ۔ جامن کی گٹھلی۔ آم کے چھینا۔ مجیٹھ لانوان۔ انبہ کی گٹھلی۔ وغیرہ۔
مدرات	پیشاب میں یا منی یا دودھ یا پسینا جاری کرنیوالی	بوجہ لطیف گرمی اور سیکی اطافت کر کے ذکی رطوبت یا انفصال سیال کو دفع کرتی ہے ان راہوں مذکورہ خانہ ترجمہ سے	کنکول مرچ۔ مرزنجوش۔ رندی۔ بابونہ۔ پرسیاوشان۔ تلسی۔ سونف۔ فارچینی۔ تخج۔ کباب۔ اذخر۔ بلادر کے خصیے۔ عود صلیب۔ اجمودا۔
مدرات البول بارده	پیشاب لانیوالی سرد چیزیں	بسبب اور سردی کیوجہ سے مائیت کو براہ پیشاب دفع کرتی ہے۔	گوکھرو۔ کھیرا و ککڑی کے بیج۔ گل خیرو۔ کاسنی کا رانگ۔ خرفے کے بیج۔ چرچرہ کے بیج۔ لوکی کا پانی۔ کیسرے کا پانی۔ تربوز کا پانی۔ کاسنی کے بیج۔ آش جو۔ لیموں کا عرق۔ شورہ۔ بیٹ کوالینی بن تکہ
مدرات البول حاره	گرمی سے پیشاب لانیوالی چیزیں		گاجر کے بیج۔ پرسیاوشان۔ بابچھر۔ املتاس۔ سونف۔ کباب چینی۔ کٹھا۔ زعفران۔ تخم رندی۔ زوفائے خشک۔ تلسی۔ تگر۔ اگر۔ باتشان۔ کنکول مرچ۔ اجمودا۔ کرہ۔ کلونجی۔ پودینہ۔ اجوائن دیسی۔ خبازی۔ وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مدرات حیض	حیض جاری کرنے والی	بوجہ لطافت و تیزی و گرمی کے خون بستہ و غیر معتدل کو معتدل و پگھلا کے براہ قبل نکالتی ہے اور گرانی کو دفع کرتی ہے۔	پرسیاؤشان۔ کباب چینی۔ تج۔ بابرنگ کابلی۔ کلونجی۔ کنکول مرچ۔ کٹ پیٹھا۔ اسپند۔ تلسی جنگلی۔ پکھان بید۔ اگر۔ جاؤشیر۔ زعفران۔ بابونہ۔ زوفا خشک۔ چنے کا زلال۔ سوگندبالا۔ تلی۔ املتاس کے چھلکے۔ ناگرموتھہ۔ عام۔ اجموذا۔ چھڑیلہ۔ دونا مروا۔ اجوائن دیسی۔ بجہ انس۔ بچ۔ عود صلیب۔ فراسیون وغیرہ
مدرات منی	منی کو جاری کرنیوالی	منی کو پتلا کرکے اور منی کا راستہ کھول کے جاری کرتی ہے بسبب گرمی کے۔	اجمودھ۔ اکاس بیل۔ سوافت۔ مجنوانس۔ ورسنہ ترکی۔ وغیرہ۔
مدرات لبن	دودھ جاری کرنیوالی	بوجہ رطوبت فضلی کے دودھ پیدا کرتی ہے اور بہاتی ہے	ستاور۔ موصلی سیاہ و سفید۔ سفید تل۔ بنیا۔ گوند ببول کا۔
مدمل	زخم بھرانیوالی	زخموں کی رطوبت کو خشک کرکے صحیح گوشت بھر لاتی ہے اور کثیف کرتی ہے	سنگ جراحت۔ سرمہ۔ رنگ برت۔ گوند کتیرا۔ آلو۔ ایلوا۔ گلنار۔ موآبادل۔ لائی۔ سفید کنیر۔ سوم سفید۔ زراوند۔ گائے کا گھی دھویا ہوا۔ سیاہ زیرہ۔ رال۔ ملتانی مٹی۔ بابرنگ کا رانگ۔
مرخی	عضو کو سست کرنیوالی	اپنی قوت حرارت و رطوبت کی وجہ سے اعضا اور ان کے مسام کو نرم کرتی ہے	سویا۔ السی۔ خطمی۔ کرم کلہ کے پتے۔ بہیدانہ۔ روغن گل۔
مرطب	اعضا کو تر کرنیوالی	اپنی قوی رطوبت کی وجہ سے اعضا کو تری بخشتی ہے	لوکی۔ خربزہ۔ تربوز۔ اسبغول۔ دودھ گائے کا۔ موصلی۔ کتیرا۔ کھیرا۔ ترئی۔ بھنڈی۔ وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مرقق	خلطون کو پتلا کرنیوالی	بوجہ تیزی و لطیف حرارت رکھنے کے خلطون کو نرم اور پتلا کرتی ہے۔	شہد۔ سرکہ۔ شکر۔ پودینہ کا عرق۔ وغیرہ۔
مزلق	پھسلن پیدا کرنیوالی	عضو باطنی کے سطح اندرونی کو نرم و لعین کرکے مادہ فضلی کو دفع کرتی ہے۔	آلو بخارا۔ پرانی املی۔ تخم ریحان۔ ترنجبین وغیرہ
مسدد	سدہ پیدا کرنیوالی	بوجہ اپنی کثافت و خشکی کے مجاری مسامات کو بند کردیتی ہے	خشخاش سفید۔ جامن کی گٹھلی۔ اسپغول کوٹا ہوا اجوائن۔ شورنجان تلخ۔ املی کے چیئن۔ وغیرہ
مسکر	جلد نشا لانیوالی		کدو بادام زعفران جاوتری۔ [illegible]۔ بھنگ۔ بیخ یونکہ وغیرہ۔
مسکن	دردون کو تسکین دینیوالی	دردون کو تسکین دیتی ہے اور اخلاط و ارواح کو حرکت غیر طبعی سے باز رکھتی ہے	افیون۔ شخ کی چربی۔ لکھنا لکھنی کی جڑ۔ مرغی کے انڈے کی سفیدی۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ گوند ببول کا۔ وغیرہ۔
مسبت	خوب نیند لانیوالی	اعضاء نفسانی کو بے حس کرتی اور نیند پیدا کرتی ہے	فرامشی۔ اسطرک۔ زعفران۔ ستورا۔ کاہو۔ سیٹ۔ تلسی۔ گل لالہ۔ پودینہ کوہی۔ وغیرہ
مسمن	بدن کو فربہ کرنیوالی		خوب کلان۔ چاول۔ آم۔ مکھن۔ دودھ۔ کیلی۔ کیلہ۔ وغیرہ۔
مسهر	غلبہ نیند کا دفع کرنے والی		چائے۔ شکر۔ رائی۔ کالی مرچ۔ مشک۔ سونگھنا۔ نکث۔ ایارج فیقرا۔ کافور سونگھنا۔ لونگ۔ پودینہ۔ وغیرہ۔
مسہل صفرا	دست لانیوالی پتون کی	فاسد خلطون اور ردی فضلا کو از راہ دست دفع کرتی ہے معدہ اور اندرون بدن و رگون سے۔	آلو بخارا۔ املی پرانی۔ زردہ۔ گل بنفشہ۔ گلسرخ۔ لیموں۔ گلاب کے پھول۔ سنا کے پتے۔ ترنجبین۔ شیرخشت۔ اکاس بیل۔ املتاس کی پھلی۔ محمودہ۔ شاہترہ۔ ایلوا۔ عشق پیچان۔ شبرم۔ وغیرہ۔

نام دوا	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
۱۵ مسہلات بلغم	دست لانیوالی بلغم کی		اندراین کے پروے - غاریقون - بسفایج سفید - تخم بند - نیل کے بیج - ماہی زہرہ - سونٹھ - ریندی کی گری - گوگل - ریندی کا تیل - املتاس کی پھلی - کلونجی - کریلا - کلونجی - سورنجان شیرین - ریوند چینی - بابونہ - لوفانے خرد و بزرگ - بسفایج - تخم کاسنی -
۱۶ مسہلات سودا	دست لانے والی سودے کی		اکاس بیل - دھاو - بالنگو - آلوبخارا - لاجورد - سنگ ارمنی - کابلی ہڑ - کالی ہڑ - سنا مکی - بسفایج - کشوث - غاریقون - نیل کے بیج - ریوند خطائی - ایارج فیقرا -
۱۷ مسہلات ولادت	جلد وضع حمل کرانے والی	بوجہ شدید قبض کے یا دست آور ہونے کے بچے کو جلد پیدا کرتی ہے	گوگل - تج - کلنار - اندراین کا پردا - نیلوفر کی جڑ - تیتی - بارتنگ کا حصارہ - کالی خشخاش - کالا ترکیا ہوا رکھنا - دارچینی کھلانا - تھوہر کا دہی ران میں باندھنا - چاکسو بائیں ہاتھ میں دینا -
مشہی	بھوک پیدا کرنیوالی	دوا دواؤں جن کے استعمال سے بھوک لگتی ہے اور کھانے کی خواہش معلوم ہوتی ہے	لیموں کا عرق - ترنج کا چھلکا - چھوٹی سنفرطی - سرکہ - زرشک - پوست لیموں - کالی مرچ - ساتھ نمک - مقشر - خولنجان - پنیر - بسر دیا - بھونی الائچی - اونٹ کا دود
۵۵ مصدع	دردسر پیدا کرنیوالی	بوجہ تبخیر کے دردسر پیدا کرتی ہے -	اطفار الطیب - ہینگ کی دھونی کھانا - اجوائن خراسانی - تربان گندنا - سونا لہسن - پیاز - شور - سیمیں - اشنی - فاکسی - ترنج - توت - رنوفی - بالک کا ساگ - جراکس - گلنجیرو - سونولی - بیگن - چقندر کا گوشت - بلوط - جوزبوا - گلنار - رام تلسی -

	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
	سختی کرنیوالی	جو ہر عضو یا سواد کو بوجہ کثافت کے سخت کر دیتی ہے	
	اصلاح کرنیوالی	کھانے اور پینے یا مفرد دوا کی اصلاح کرتی ہے۔	زعفران کتیرا شہد۔ یہ دوائیاں عموماً اکثر دواؤں کی اصلاح کرتی ہیں۔ اور ہر ہر دوا و غذا کی مصلح جدول مفردات میں مذکور ہیں۔
۵۳ مضرات باہ	باہ کو ضرر کرنے والی		رام تلسی۔ کاسنی۔ کاہو۔ دھنیا۔ کوکنس خام۔ نیلوفر کی جڑ۔ عناب۔ بنفشہ کی جڑ۔ کت۔ کال خشخاش۔ چولائی کا ساگ۔ چوکہ۔ کافور۔ املی۔ آلو بخارا۔ لیموں۔ سوم۔ نمک۔ ٹھنڈا پانی
۵۴ مضرات بصر	بینائی کو ضرر کرنے والی		مسور۔ خرفہ کا ساگ۔ چوکہ۔ کاہو۔ چرچرہ۔ گندنا۔ جماع بہت کرنا۔ دھوپ کھانا۔ آگ کے قریب بیٹھنا۔ چمکدار چیز کی طرف بہت نظر کرنا۔
۵۵ مضرات جگر	جگر یعنی کلیجے کو ضرر کرنیوالی		کھجور۔ انجیر۔ نارنگی۔ شکر۔ شہد۔ ہڑ کابلی۔ جاوتری۔ شردیالی۔ بگائن۔ کاٹنے پھل۔
۵۶ مضرات اسنان و لثہ	دانتوں کو اور مسوڑوں کو ضرر کرنیوالی		دودھ۔ پھاٹمکرا دمنی کا دودھ۔ مثل۔ برف کا پانی۔ کھٹی چیزیں۔ چوکٹ۔ گرم گرم چیزوں کو کھاکے یاپی کے پانی سرد پینا یا کلی کرنا۔
مضرات دماغ	دماغ کو ضرر کرنیوالی		ہتا جوڑسی۔ ہینگ۔ خشخاش۔ آلو بخارا۔ اوٹ کٹارا۔ کابلی ہڑ۔ تمباکو۔ سرسوں۔
مضرات ریہ	پھیپھڑے کو ضرر کرنے والی		سوگند بالا۔ کلتھی کے بیج۔ شاہترہ۔ جاثا پیٹنے۔ پودینہ کوہی۔ بادآورد۔ بنفشہ کی جڑ۔ سنگ مقناطیس۔ وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مفتحات سدہ	سدہ کی ضرر کرنیوالی		تل مقشر۔ اشخرہ۔ بالچھڑ کے بیج۔ آلو شیرہ عناب۔ السی۔ کشنیز۔ ادرک۔ کتان۔ رب تانیا۔ چچڑیا۔ کچے انگور کا پانی۔ پنیر کرم کاکنج کا گھی۔ شیرینی۔ وغیرہ۔
مطفی	تیزی گرمی کی بجھانے والی	بوجہ سردی زائد اور رطوبت کے گرمی، سوزش کو دفع کرتی ہے۔	کوہڑ کا تخم۔ کاہو۔ مغز کدو۔ نیلوفر۔ کالی دریائی ناریل۔ برف۔ بالنگو کے بیج۔ کھیرے کا پانی۔ کدو کا پانی۔ تربوز کا پانی وغیرہ۔
معدلات و مصفیات خون	خون کو معتدل اور صاف کرنیوالی	بوجہ لطیف سردی تری کے خون کو معتدل القوام کرتی ہے	تخم کاہو۔ کاسنی کے بیج۔ آلو بخارا۔ برگ مہندی۔ آبنوس کی لکڑی۔ نیم کے پتے۔ شیشم کی لکڑی۔ نیلوفر کے پھول۔ بنفشہ کے پھول۔ صندل کا شربت۔ گاجر کا شربت۔ شوف۔ عرق گلاب کے پھول۔ لیموں کا عرق۔ سکنجبین۔ عناب کا شربت وغیرہ۔
معدلات صفرا	صفرا کو معتدل کرنیوالی		کاسنی۔ خربوزہ کے بیج۔ اسبغول۔ تخم خیارین۔ دھنیا۔ صندل سفید۔ تخم کاہو۔ کافور۔ بیدانہ۔ وغیرہ۔
معدلات بلغم	بلغم کو معتدل کرنیوالی		سونف۔ رومی سونف یعنی انیسون۔ زیرہ۔ دارچینی۔ ملٹھی۔ الائچی چھوٹی و بڑی۔ ستقے۔ السی۔ بالچھڑ۔ خبازی۔ خطمی۔ وغیرہ۔
معدلات سودا	سودا کو معتدل کرنیوالی		سپستان۔ پستہ۔ اسطوخودوس۔ گاؤزبان۔ خربوزہ کے بیج۔ ملٹھی۔ اکاس بیل۔ انجبار۔ تخم شربت۔ وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
معرق	پسینا لانیوالی	بہ رطوبت کو مسامات کی راہ سے جاری کرتی ہے	پانی پینا۔ کل مدر چیزین۔ بے حد گرمی۔ دوا لینے سرالی کپڑے اوڑھنا وغیرہ۔
معطس	چھینک لانیوالی	دماغ کے مواد کو حرکت دیکے بذریعہ چھینک دفع کرتی ہے	تمباکو۔ نکچھکنی۔ شیرۂ بادام کڑوا۔ چھینٹا۔ نوشادر۔ دونا مروا۔ ہلاس۔ سونٹھ۔ وغیرہ
معطش	پیاس لگانیوالی	بسبب گرمی اور سوزش کے طبیعت کو مشتاق پانی پینے اور ہوا کھانے کی کرتی ہے	جیسے روئی۔ گرمی دھوپ کھانا۔ گرم چیزین۔ گوشت۔
معفن	سڑا دینے والی	مزاج عفونت دار روح کو فاسد کرتی اور رطوبت کو سڑا دیتی ہے۔	ہرتال۔ شنافسیا۔ گندھک کا تیل۔ سنکھیا۔ سور کا گوشت۔ کچا لہسن۔ گوشت کا اوجھل۔ وغیرہ
مغری	چپکانے والی آنتون مین	بوجہ لیس کے رگون وآنتون کے منہ مین چپک کے سدہ پیدا کرتی ہے۔	گوند۔ کتیرا۔ دھویا ہوا پودینہ۔ سنگجراحت۔ وغیرہ
مغشی	غشی پیدا کرنیوالی	بوجہ لذع اور ریح کے غشی پیدا کرتی ہے	رومی سونف یعنے انیسون۔ اکاس بیل۔ باؤبڑنگ۔ گاجر کے بیج۔ سنبھالو۔ جاوترشیر۔ تاماپیلامول۔ زیرہ۔ فرنج سیاہ۔ سونٹھ۔ نرکچور۔ زراوند تلخ۔ لوبان۔ اجمود۔ دیسی اجوائن۔ ناگرموتھہ۔ شاتر یعنے صعتر۔ وغیرہ۔
مغلظ	گاڑھا کرنیوالی	خلطون یا قومی اور ارواح یا مواد یا منی یا دودھ کو گاڑھا کرتی ہے۔	کل ساگ پات۔ کل گوشت نیم بریان۔ کل بادی ترکاریان۔ املی بہمن۔ تودری موصلی سیاہ و سفید۔ اسبغول کی بھوسی۔ تال مکھانہ۔ سنبھل کا مدھلا۔ جامن کی گٹھلی۔ املی کے چیئن۔ وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
مفتت	بھوڑنے والی و ریزہ ریزہ کرنیوال	سنگ گردہ و مثانہ کو بھوڑ کر ریزہ ریزہ کرکے بہاتی ہے۔	سوکنڈ بالا۔ تلسی۔ حجر الیہود۔ سنگ سرماہی۔ ببول کی راکھ۔ گوند۔ آلو۔ خربوزہ کے بیج۔ کالی جھانپ یعنے پرسیاوشان۔ کندل۔ کڑوا بادام۔ گوکھرو۔ سولف۔ کاکچ۔ کلتھی۔ ناگرموتھہ۔ وغیرہ۔
مفتح	کھولنے والی	سدوں آنتوں اور رگوں کے اور مسام داخلی و خارجی دفع کرتی وکھولتی ہے۔	جراکش۔ شاہترہ۔ غاریقون۔ بادیان اکل ستاور۔ مروہ۔ بنفشہ کی جڑ۔ کبابہ۔ مر۔ اکاس بیل۔ باقلہ مصری یعنے ترمس و ہندی بھتوانس۔ سونف۔ ساتر۔ جاوتری۔ اجمودہ۔ جاوشیر۔ بکھان بید۔ سپند۔ زیرہ کرمانی۔ ولیتی اجوائن۔ بابون۔ نکچی۔ دارچینی۔ زعفران۔ بلائی نون۔ گاجر کے بیج۔ سونٹھہ وغیرہ۔
مفجج	کچا رکھنے والی	اصلی گرمی اور خارجی گرمی کو اپنے فعل کرنے سے باز رکھ کے خلط کو کچا اور ہضم کو ناقص رکھتی ہے	اسبغول۔ تخم ریحان۔ وغیرہ۔
مفجر الاورام	ورم کو پھاڑ دینے والی	بوجہ تیزی اور گرمی کے جلد کو پھاڑ دیتی ہے	کاندر یعنے جنگلی پیاز۔ سفیدہ۔ بیر اکسیر۔ ہڑتال۔ سکبز ترکی تبت۔ عالم۔ چیتہ۔ دودھ والے درختوں کے دودھ۔ کف صابون۔ رتن جوت۔ قلقطار۔ فرفیون وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
مفرح	فرحت دینوالی	طبیعت کو خوش کرتی اور دل کو قوت دیتی ہے	زعفران ابریشم۔ لونگ کافور۔ صندل سفید مشک۔ نکھ۔ تج۔ بالچھڑ امرود و ترنج۔ انار کھٹا و میٹھا۔ آملہ۔ لیموں کے پھول۔ لیموں کا چھلکا۔ سونگھا سونگے کی جڑ۔ پان۔ کھنکھالی یعنی بسفائج۔ زہر مہرہ خطائی۔ لاجورد۔ گلاب کے پھول۔ الچی۔ بنفشہ وچن۔ اگر۔ سوتی نیلوفر کے پھول۔ پودینہ۔ یاقوت۔ یشب۔ عنبر۔ ورق چاندی اور سونے کا۔ خربشتہ۔ بہمن سپید۔ بہی۔ سیب۔ انجیر۔ زرنبی۔ بالنگو دارچینی الائچی۔ وغیرہ۔
مقرح	زخم کردینوالی	جو کسی رطوبت کو تحلیل و فنا کر کے عضو میں زخم پیدا کرتی ہو بوجہ تیزی اور زیادہ گرمی کے	ہرتال۔ سفیدا اسقیل لہسن پیاز بالم کبوتر کی بیٹ چونہ۔ کٹ۔ پودینہ۔ صابون تلی [illegible] راسن۔ رووباریوں زیتون کا دودھ رتن جوت [illegible]
مقی	قی لانیوال	تینوں خلطوں صفرا و سودا و بلغم کو یا انمیں سے ایک کو معدہ اور اسکے اطراف سے ابھار کے قی کی راہ سے نکالتی ہے۔	سوئی کے بیج مولی کے پتوں کا رانگ۔ سوئے کا رانگ سوئے کے بیج۔ ملتی۔ خربوزے کے بیج شہد۔ سکنجبین۔ نمک۔ شکر سرخ رائی۔ کنگی۔ اکد کڑ لینی لوکی کا پانی کڑوا۔ اونٹ کٹارہ۔ منقی نکھمکنی۔ کھاری نمک۔ گاؤ دگھی۔ گرم پانی۔ سرخ لوبیا۔ وغیرہ۔
مقویات بصر	بینائی کی قوت دینوالی	[illegible]	سرکہ۔ آملہ۔ زعفران۔ مشک۔ ہرزرشو۔ میٹھا بادام۔ مہندی۔ سوکھی سیپی جلی ہوئی۔ ابریشم جلایا ہوا پیاز بکالی ہوئی۔ شہد۔ کالی مرچ سوتی۔ چاندی کی سلائی عینک کا لگانا۔ مہتاب کی طرف نظر کرنا وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مقویات جگر	جگر کو قوت دینے والی		کاسنی۔ کشارو۔ جوزبوا۔ انار۔ چھڑیلہ۔ کمہہ۔ پودینہ کوہی۔ بلسان کے بیج۔ زرنبہ۔ ناگرموتھہ۔ درونج عقربی۔ سوگند بالا۔ الائچی جیوتی۔ دارچینی۔ کشوث۔ پستہ۔ مصطگی۔ تج۔ غافث۔ ناردین یعنی سنبل رومی۔ لونگ۔ بلائی لوشن۔ سنگے۔ زرشک۔ وغیرہ۔
مقویات اسنان و لثات	دانتوں اور مسوڑوں کو قوت دینے والی		بھنگری۔ مشی۔ ہڑ کا چھلکا۔ سپاری۔ عاقرقرحا۔ زیرہ۔ تروتیزک۔ گلاب۔ گلنار۔ لوبان۔ ناگرموتھہ۔ مازو۔ بارہ سنگھا جلا ہوا۔ جیوتی و بڑی مائیں۔ مصطگی۔ دانہ الائچی۔ کالی مرچ۔ کسیس۔ جنلوجن۔ زرد ہڑ کی گٹھلی جلائی ہوئی۔ بھلاواں جلا یا ہو۔ لالی۔ چندرس۔ سنگ جراحت۔ مشتر۔ املی کے چیئیں۔ مونگے کی جڑ۔ نرکل کی جڑ۔ کت۔ سوتی۔ مولسری کی چھال۔ سرس کے بیج۔ تالیسر۔ کف دریا۔ تمباکو جلا یا ہوا۔ کوڑی زرد۔ کبابہ۔ ببول۔
مقویات دماغ	دماغ کو قوت دینے والی		سوتی۔ گلاب۔ ناگرموتھہ۔ بالچھڑ۔ سونٹھ۔ آنولہ۔ بلاداں۔ بالنگو۔ کندر۔ بندق۔ مشک۔ اگر۔ عنبر۔ لونگ۔ سیب کے بیدل۔ امرود کے پھول۔ نیبی کے پھول۔ جانوروں کا بھیجا۔ زعفران۔ مرغی کا گوشت۔ تیتر کا گوشت۔ دوناموا۔ چھیلا۔ مغز کدو۔ کاہو کے بیج۔ ہڑ کا مربا۔ لوہ کا گوشت۔ شربت نارنج۔ جوزبوا۔ صندل سفید۔ میٹھا بادام۔ رام تلسی۔ گلاب کا عرق۔ بھیڑی کا دودھ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مقویات قلب	دل کو قوت دینے والی		اقرود - انار میٹھا - املی - آلوز - سیب - ابریشم - ترنج کا چھلکا - لیموں کے پھول - چھڑیلہ - صندل - بنسلوچن - دونا مروا - بہمن سفید و زرد - ترنج - کھکاکل - گل مختوم - ریباس - بسبذ - تلسی جنگلی - تکمہ - گاؤزبان - دہنیا خشک - گلاب کے پھول - زرنبی - اجینی - سونگا - سونگے کی جڑ - نیلوفر - مولی کے بیج - پان - نارنج - زرد ہڑ - مولسری - چنبیلی - بالچھڑ - تج - ناگرموتھہ - اگر - عنبر - مشک - شقاقل - یاقوت - بادام تلسی کا بیج - کپور - ورق چاندی و سونے کا - الائچی - لاجورد - نعناع - عود صلیب - وغیرہ
مقویات معدہ	معدہ کو قوت دینے والی	جتنی چیزیں معدہ کی قوت دینے والی ہیں وہی آنتوں اور زخرہ اور معدہ کی رگوں کو بھی قوت دیتی ہیں - لہذا انکے مقویات علیحدہ مذکور نہیں ہوئے -	گلاب کے پھول - آلو - انار دانہ - تبر بتی - بنفشہ - تن ترک - آلو - مرکا مرچ - جراکش - ترنج کا چھلکا - بالنگو - جائفل - سوگند بالا - جوز بوا - عقاقا - کال مرچ - اونٹ کا دودھ - دارچینی - نرکچور - ناگرموتھہ - تج - چھڑیلہ - تیزپات - لونگ - الائچی - لوبان - مصطگی - پودینہ - شاہ زیرہ - مشکطرامشیع - نعناع - دہی - اگر - ترنج کا سنگدان - سونٹھہ - وغیرہ -
ملطفات	لطافت بخشنے والی	گاڑہی گاڑہی غلطوں کو پتلا اور نرم کرتی اور دفع کرتی ہے	اسقیل - دونا مروا - جراکش - مرہ بتی - تخم اسگندھ - بنفشہ کی جڑ - انجیر - بابونہ - پودینہ - چوکہ - سرکہ - بلسان کے بیج - اود بلاؤ کے خصیے - شورہ - عنبرید - اسپند - رائی - دارچینی - زوفائے خشک - تل - لہسن - پیاز - زراوند - ساتر - عقرقرحا - کرتھ - وقیبی اجوائن - بیار تھی پودینہ - دہی - مشکطرامشیع - کت - بلائی نوش - ناگرموتھہ - فرد مانا - کماذریوس - تاکم - کندل -

نام دوا	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
ملینات اورام	ورموں کو نرم کرنے والی	بوجہ قوت مسہلہ کے مواد ورم کو نرم کرتی ہے اور تحلیل کرتی ہے۔	بنفشہ کی جڑ۔ ناخونہ۔ ببول کا گوند۔ کتیرا۔ شقاقل۔ خبازی۔ [illegible]۔ تخم خطمی۔ برگ چقندر۔ روغن السی۔ مہندی۔ ناگر موتھا۔ رینڈی کا تیل۔ مرغ کی چربی۔ گوگل۔ کرمی کانی کا گودہ۔ بنولہ کا تیل۔ اسپغول۔ زوفا۔ تخم کتاں۔ انزروت کا عصارہ۔
ملینات بطن	پیٹ کو نرم کرنے والی	معدہ اور آنتوں کے سُدّے دور کر کے بند مادے کو دستوں کی راہ نرم کر کے نکال دیتی ہے۔	چرونجی۔ خرفہ کا ساگ۔ منقّی۔ کرنب۔ بادام کی گری۔ گنے کا رس۔ شہد۔ بکائن۔ آلو بخارا۔ نشاستہ۔ شکر۔ پالک۔ سرکہ عنصل۔ سونف۔ بکری و بھیڑ کا دودھ۔ تربد۔ سنا۔ املتاس۔ گلاب۔ ترنجبین۔ انجبار۔ سونف کی جڑ۔ گلقند۔ سونف کا عرق۔
ممسک	روکنے والی اور بند کرنے والی	بوجہ خشکی اور لطیف گرمی کے منی کو نکلنے سے باز رکھتی ہے اور وقت جماع کے مرد کو جلد انزال ہونے سے منع کرتی ہے۔	انیسون۔ جوز بوا۔ بیر بہوٹی۔ گوگل۔ تودری کے بیج۔ اجوائن خراسانی۔ لونگ۔ [illegible]۔ جاوتری۔ زعفران۔ مصطگی۔ دار چینی۔ سونٹھ۔ کافور۔ مشک۔ عاقرقرحا۔ ببول کے پھول۔ دھتورہ کے پتے۔ کنول کا پھل و بیج۔ [illegible]۔
ملذذات جماع	جماع میں لذت دینے والی	مرد یا عورت یا دونوں کو وقت جماع کے لذت اور مزہ بخشتی ہے	لونگ۔ دارچینی۔ کبابہ۔ عاقرقرحا۔ مغز۔ نرم نرم گوشت کے شہد ملا کر نکالو رکھنا اور وقت جماع لعاب دہن میں تر کر کے ذکر پر ملنا۔ آدمی کے سر کے بال چنبیلی کے تیل میں پیس کے ذکر پر لگا کر جماع کرنا۔ بیر بہوٹی۔ پارہ۔ زعفران۔ کافور۔ کبوتر کی بیٹ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مطولات ذکر	ذکر کو دراز کرنیوالی		زنبق رومی کیوڑے - چونک - عاقرقرحا کنیر کے چھلکے - بیر بہوٹی - بہارنجی عشق پیچان مفرد یا مرکب چنبیلی کے تیل میں ستوا کر لگانا - لونگ - جوزبوا - دارچینی - زعفران - چنبیلی کے تیل میں لگانا - روغن زیت ہمیشہ لگانا - کرفس کے جوشاندے سے بار بار ملکر دھونا کچھ جونک خشک چنبیلی کے تیل میں پیس کے ملنا - بھیڑیں کی چربی برابر لگاتے رہنا -
مضیقات	عورت کی فرج کو تنگ کرنیوالی		بکائین کی چھال - انار کی چھال - مولسری کی چھال - باریک پیس کے لتہ میں لت کرکے فرج میں رکھنا - اجوپھل - کافور - شمشدین ملاکے لیپ کرنا - مواآبادل - کاثے ٹل - گوگھرو - املی کے چیین - باریک پیس کے فرج میں چھڑکنا - پھٹکری کا ڈے گسی میں پیس کے فرج پر ملنا - ببول کے کل اجزا کی پسی ہوئی پھنکی چھڑکنا - وغیرہ -
مجمد	جما دینے والی	بوجہ سردی اور قوت قبض کے فلطون اور رطوبتوں کو بستہ کرتی اور جما دیتی ہے	اجوائن خراسانی - نشاشتہ - کتیرا - گوندھ وغیرہ
منضجات صفرا	صفرا کو پکانیوالی	[illegible]	عناب - گلاب کے پھول - بنفشہ - گل نیلوفر - شاہترہ - کاسنی کے بیج - کاسنی کی جڑ کا جوشاندہ - سکنجبین - ترنجبین - شیر خشت - آلو کا شربت گلقند آفتابی وغیرہ -

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیلی	نام ادویہ
منضجات بلغم	بلغم کو پکانیوالی	•	تخم خطمی کے بیج۔ کاسنی کی جڑ۔ سوا تخم خطمی۔ بادیان رومی۔ پرسیاوشان۔ بیکا تخم انجیر۔ گلاب کے پھول۔ گلقند۔ یا سکنجبین۔
منضجات سودا	سودا کو پکانیوالی	•	لسوڑہ۔ عناب۔ گاؤزبان۔ بیلائی بوٹی۔ پرسیاوشان۔ ملٹھی۔ وونافروا۔ منکائی۔ شاہترہ۔ شوکلف۔ بادآورد۔ ترنجبین۔ گلقند۔ وغیرہ۔
منفخات	اپھار پیدا کرنیوالی	اپنی رطوبت فضلیہ کے باعث اصلی حرارت کو تحلیل کرنے پر قدرت نہیں پاتی ہیں بلکہ ریاح جنکے پیٹ کو پھیلاتی ہے۔	باقلا۔ لوبیا۔ گوبھی۔ جامن کی گری۔ کرم کلہ۔ چقندر۔ موٹھ۔ بنڈا آلو۔ جھینگا مچھلی۔ بکل کا گوشت۔ شکرقند۔ سمندر سوکہ۔ شلجم کے پتے۔ لوبیا۔ وغیرہ۔
منبت و ملحم	گوشت بھرلانیوالی	زخم پر کے خونکو صحیح گوشت بنا کر زخم کو پر کردینے والی	دم الاخوین یعنی ہیرادوکھی۔ کتیرا۔ وغیرہ۔
منبت شعر	بال اگانیوالی	سر اور داڑھی وغیرہ کے بالوں کو پیدا کرتی اور بڑھاتی اور لمبا کرتی ہے	خطمی۔ بیری کے پتے۔ ماش کی دال کا لعاب۔ چیونٹی کے انڈے۔ ناریل کا تیل۔ وغیرہ
منوم	نیند لانیوالی	بوجہ نرمی یا خشکی یا تخدیر کے نیند لاتی ہے۔	افیون۔ ستو یا خشخاش۔ خشخاش کے پھول۔ زعفران۔ کشم۔ سیب۔ حماما۔ بنفشہ۔ ہرا دھنیا۔ اسغبوس۔ شیرہ بادام۔ روغن بادام۔ روغن نیلوفر۔ گل روغن۔ بابونہ۔ قبر کی خاک زیر چھپر کنا۔
موسخ قروح	زخموں کے مواد کو میل پیدا کرکے بہانیوالی	زخموں سے مواد بہانی اور خشک نہیں ہونے دیتی اور زخم مجنے سے منع کرتی ہے	سموم روغن وغیرہ۔

نام عربی	ترجمہ	بیان تفصیل	نام ادویہ
مولدات منی	منی پیدا کرنیوالی		سونگھان میٹھا۔ کچی پیاز۔ بہمن۔ بوزیدان۔ بادام۔ پستہ۔ چھوہارے۔ السی۔ شلجم۔ چنا۔ اندرجو۔ مالون۔ ناریل۔ دونون تودری۔ سونٹھ۔ شکاکل۔ زعفران۔ گندنا کے بیج۔ شقاقل۔ دودھ و شکر۔ گوشت مرغ کا۔
مہزل	دبلا کرنیوالی	بدن کو دبلا و لاغر کرتی ہے	لاکھ۔ وغیرہ۔
مہیج	برافروختہ کرنیوالی	کسی خلط یا کسی قوت کو ہیجان دیتی ہے۔	گنے کا رس صفرا کو۔ ترشیان بلغم کو۔ نوا کہات خون کو۔ میوہ جات باد کو۔
ناشف	رطوبت کو جذب کرنیوالی	بہتی ہوئی رطوبت کو کھینچ لیتی ہے۔	خشک چونہ۔ سوا باول۔ کرتی پھٹکری۔ زہر مہرہ وغیرہ۔
ہاضم	ہضم کرنیوالی	غذا کو جزو بدن کردیتی ہے اور بھوک لگاتی اور بڑھاتی ہے	ترام تلسی۔ دیسی اجوائن۔ زنجبیل۔ پیپلا مول۔ شہد۔ گڑ۔ شکر۔ اچار۔ جامن کا عرق۔ نمک سہایان۔

اس جدول مین بعض نام مرکب و مستعمل دواؤن کے ہین جو اصطلاح اطبا کے ہین جنکے نام پر نسخے کا نام رکھا جاتا ہے ؞

نام عربی	ترجمہ	تفصیل
آبزن	پانی مین بیٹھنا	بڑے ظرف مین نیم گرم جوشاندہ ادویہ مین بٹھاتے ہین۔
اکتحال	سرمہ لگانا	اصلی سرمہ کے صرف سرمہ اور دوائین باریک پیس کے آنکھ مین لگاتے ہین۔
انکباب	بھپارا لینا	چادر اوڑھ کے دواؤن کے گرم جوشاندہ کا بخار تمام بدن یا کسی عضو کو پہونچانا۔

نام عربی	ترجمہ	تفصیل
بخور	دھونی لینا	دوا آگ پر جلا کے دماغ یا ناک کو یا کسی عضو یا تمام بدن کو دھوان پہونچانا
برود	چشم	سرد دوائیان پوٹلی مین باندھ کر اور بھگا کے آنکھ پر پھیرنا۔
پاشویہ	م	دواؤن کے نیم گرم جوشاندہ سے زانو تک پاؤن دھونا اور نیچے سوتنا
تدہین	تیل کی مالش	کسی عضو پر تیل لگا کر ملنا۔
تعلیق	کوئی چیز گردن مین لگانا	
تمریخ	مالش	تیل یا کوئی اور تر چیز بدن پر یا کسی عضو پر ملنا۔
حقنہ	عمل لینا۔	پچکنے مین تر دوا یا پانی نیم گرم بھر کے آنتون یا مثانہ یا رحم مین پہنچانا۔
حمول	فرج یا دبر مین رکھنا	دواؤن مین لتہ لت کر کے فرج یا دبر مین رکھنا۔
ذرور	چٹکی چھڑکنا و دھوڑا ملنا	خشک پسی ہوئی دوا زخم یا پلکون پر چھڑکنا۔ یا کسی عضو پر دھوڑا ملنا
سعوط	ناک مین ٹپکانا	تر دوا ناک مین ڈالنا۔
سکوب	دھار باندھ کر	نازک اعضا پر اونچے سے ٹھہر ٹھہر کے دوا کا جوشاندہ نیم گرم تریڑنا
سنون	منجن	پسی ہوئی دوا دانتون پر ملنا۔
شیافہ	سلائی سی آنکھ یا فرج یا دبر مین رکھنا	دواؤن کی سلائی سی بنا کے یا بتی دواؤن مین لت کر کے آنکھ یا فرج یا دبر مین رکھنا یا لگانا۔
شد الاطراف	ہاتھ پیر باندھنا	ہاتھ بغل سے کہنیون تک اور پاؤن ران سے پیر تک کس کے باندھنا
شموم	سونگھنا	کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا جیسے عطر یا مشک وغیرہ۔
ضماد	لیپ	تر دوا گاڑھی پسی ہوئی دوا بدن یا کسی عضو پر لیپ کر دینا۔
طلا	ہلکا لیپ	تر اور پتلی دوا بدن یا کسی عضو پر لگانا۔
عطوس	ناس یا ہلاس لینا	چھینک کے لیے خشک دوا ناک مین سڑکنا۔
غرغرہ	م	دوا کو جوشاندہ یا خیساندہ کی کلی حلق مین پھرانا واسطے تنقیہ دماغ کے
فتیلہ	بتی	کپڑے کی بتی بنی ہوئی دوا مین لت کر کے سوراخ عضو یا سوراخ زخم مین رکھنا

نام عربی	ترجمہ	تفصیل
فرزجہ	لتہ و گرفت	دوا مین لتہ لت کرکے عورت کی فرج مین رکھنا۔
قطور	ٹپکانا	کان یا ناک یا کسی عضو کے سوراخ مین تر دوا ٹپکانا۔
کاحل	انجن	بتی دوا مین تر کرکے اور اسکا میل یا دستے آنکھ مین لگانا۔
کحل	سرمہ	جو دوا سلائی سے آنکھ مین لگائی جاوے۔
کماد	سینک	دوائی تر یا خشک پوٹلی سے یا اینٹ یا چھڑے سے سینکنا ظاہر کسی عضو کو۔
لخلخہ	[illegible]	تیلی خوشبودار مرکب دوا شیشے مین رکھکے سونگھنا۔
لطوخ	لیپ	ضماد سے تیلی اور طلا سے گاڑہی کوئی دوا اوپر لیپ کرنا۔
مغلی	جوشاندہ	دوا پانی مین بھگو دے اور جوش کرکے پینا۔
مضمضہ	کلی	کسی تر دوا یا پانی کی کلی منہ مین پھرانا۔
نشوق	سڑکنا	تر دوا ناک مین سڑکنا۔
نطول	تڑیڑا	تر اور نیم گرم جوشاندہ دوا کا یا پانی اونچی سے متواتر تریڑا کرنا۔
نفوخ	دوا پھونکدینا	خشک دوا پسی ہوئی بذریعہ نے کے ناک یا کسی عضو مین پھونکدینا۔
نقوع	خیساندہ	دوا پانی مین ایک دن بھگو کے بعد صاف کرکے پینا۔
وجور	دوا حلق مین ٹپکانا	تر دوا حلق مین ٹپکانا۔

آلو بلو	آلو	۰	سرخ و مجیدہ	پھیکا	ایک پھل ہے گول کہ ہندمین جسکی ترمین ہوتا ہے	سرد و خشک ۱ درجہ مین	دیر مین ہضم ہوتا ہے اور ریاح پیدا کرتا ہے معدہ کو گرم مزاج	ارہمی		۱ تولہ	اجزا سے منی زائد پیدا کرتا ہے اور منی کو غلیظ کرتا ہے اور چہرہ کا رنگ پیدا کرتا ہے لہذا باوجود بھی حرکت مین لاتا ہے اور پیشاب کو قوی کرتا ہے۔ اور اسکا سرمہ آنکھون کو قوت بخشتا ہے اور جالا کاٹتا ہے (غیرمحکی)
آلو بخارا	آلو بخارا و آلوچہ	اجاص	سرخ	ترش و چاشنی دار	ایک پھل ہے مشہور	سرد و تر ۲ درجہ	دماغ و معدہ و پٹھون کو	عناب و مصطگی و گلقند	تمر ہندی یعنے املی	۱۰ دانہ ۲۰ عدد مهوانہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے اور اسکی تیزی صفرا کو دفع کرتا ہے اور دل کی حرارت کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے اور مرض سل مین مفید ہے اور ترشی کے برخلاف تمر ہندی کھانسی کو مضر نہین ہے۔ (غیرمحکی مفرح)
آلو بالو	۰	قراصیا	سرخ	ترش و چاشنی دار	ایک پھل ہے جو ثابت اور گول ہے	بیحد گرم تر ۲ درجہ خام سرد خشک ۲ درجہ مین	تحبہ لاتا ہے	سکنجبین	آلو بخارا	۵ عدد	معدہ کو جگر مین جلد نافذ ہوتا ہے اور حلق کی خشکی اور سینہ کی خشکی وغیرہ کو بہت نفع کرتا ہے اور دست آور ہے۔ اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور گرمی اور سوزش وجوش خون و صفرا کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بہت نافع ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ (غیرمحکی)
آنولہ	آملہ	آملج	زردی مائل در خشک سیاہ	کھٹا و تلخ	ایک درخت کا پھل مشہور ہے	سرد ۲ درجہ خشک ۳ درجہ	طحال کو اور قولنج پیدا کرتا ہے	شہد و روغن بادام	کابلی ہڑ	۲ ماشہ	قابض ہے معدہ اور آنتوں مین مواد بالائی کرنے نہین دیتا ہے اور خلطون کو گندہ ہونے سے باز رکھتا ہے اور مادہ سوداوی کو نکال پھینکتا ہے اور دل کو فرحت بخشتا ہے قوت دیتا ہے اور آنکھون اور دماغ دیکھنے کی قوت بخشتا ہے اور بالخاصہ باہ کو حرکت مین لاتا ہے۔ اور اسکا مربہ دل و اعضاے دماغی و معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ اور اسکا استعمال شب مین بعد مسہل کے بھی جائز ہے۔ اور کا مربہ گاڑھا ضماد اسکا نکسیر کو بند کرتا ہے (غیرمحکی)

اسم شے	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
بنہیلا	ریچوہ	دابلہ	زرد و مائل	تلخ و بدمزہ قدرے تیز	ایک درخت کی جڑ ہوکر بُوز سے نیچے ہوتی ہے	گرم و خشک ۲ درجہ میں	دل	مار	بابچی	۳ سے ۱۰ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور آفت رسیدہ عضو کے اوپر مواد گرنے سے مانع ہوتی ہے اور جلد ہضم ہوتی اور گرمی کرتی ہے۔ اور پتھری کو توڑ پھینکتی ہے اور پیشاب کے بند ہو جانے اور جرب و خارش اور دیت کو خواہ گر پڑنے کی ہو خواہ بار بہت کی سیلانے اور لیپ کر دینے فائدہ کامل دیتی ہے۔ اور اسکا منجن ہمیشہ لگانا منہ کے مزہ کو درست رکھتا ہے۔ (غیر سمی)
ابرک	ستارۂ زمین	طلق	شفاف و چمکدار	پھیکا	کالی پتھر کی قسم سے ہوا اور پرت پرت ہوتی ہے	سرد ۲ درجہ خشک ۳ درجہ	طحال و گردہ	شیرازہ شہد و روغن	لین یمولیا	۱ ماشہ	مناسب دواؤں کے ہمراہ اسکا پینا خونی و دیگر دستوں کو اور منہ سے خون جاری ہونے کو فائدہ مند ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور اسکا طلا زخم سینہ اور ورم پستان کو نافع ہے۔ لیکن صرف اسکا پینا خطرے سے خالی نہیں۔ (قریب سم)
اسگن کے بیج	تخم	بزرالقر	نیلگون سیاہی مائل	پھیکا و بدمزہ	ایک بیج ہے ہمشکل بزرکتان کے	گرم خشک ۲ درجہ میں	زردہ و انتونکو	صمغ عربی و کتیرا	رونانا و تخم گندنا	۲ ماشہ	خشک کھانسی و تر کھانسی اور آلات نفس کو اور استسقا کو مفید ہے اور ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے اور امراض گردہ کو نافع ہے اور مقوی باہ ہے اور بلغم کو دست کی راہ سے نکال دیتا ہے اور سینہ اور پھیپھڑے کو مادہ ردی سے پاک کرتا ہے۔ (غیر سمی)
اتیس بچ	•	بجوز	قدرے تلخی	ایک گھاس کی جڑ ہے مقدار انگل کے	گرم ۲ خشک ۱	قابض	•	•	۲ ماشہ		باہ کو قوی کرتی ہے اور کھانے کو ہضم کرتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور بلغم کو دفع کرتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بواسیر اور استسقاے زقی کو نافع ہے۔ (غیر سمی)
اجمود کے بیج	تخم کرفس	بزرالکرفس	سیاہ	تیز و چرپرا	ایک بیج شاہ انیسون کے	گرم خشک ۳ درجہ	ردی بخار سدہ اور مرگی اور حاملہ و بچوں کو	نیسون و راسا	جوائن	۲ ماشہ تا ۴ ماشہ	سدے اور خشک کھانسی اور اندرونی اعضا کی سردی کو فائدہ مند ہے اور ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتا ہے اور جگر و طحال کے سدہ کو توڑ دیتا ہے اور پیشاب خوب جاری کرتا ہے اور پتھری کو بھی توڑتا ہے اور بھوک و باہ کو بھی حرکت دیتا ہے اور اسکی جڑ کل بلغمی امراض کو نافع ہے اور ہاضم غذا بھی ہے۔ اور استسقا کو فائدہ مند ہے اور [illegible]

بسیس اجوائن	نانخواہ	امون ملوکی	بھورا سیاہی مائل شبیہ انیسون کے	تیز تلخی مائل تیز بو	ایک قسم کا بیج ہے بو شبیہ انیسون سے	گرم خشک سوم درجہ میں	گرم مزاجوں کو [illegible] لاتی ہے اور کرتا ہی	سکنجبین عناب شکر	کلونجی زیرہ سیاہ	۳ ماشہ تا ۱ تولہ	کھانا ہضم کرتی ہی اور بھوک بڑھاتی ہے اور بلغم کے فساد اور ریاح اور نفخ پیٹ کو اور استسقا کو دور کرتی ہے اور سدہ دینے رگ کے بڑے کو کھولدیتی ہے اور جگر کی سختی کو مانع ہی اور پیشاب اور حیض کو جاری کرتی ہے اور بعض سمیات کے واسطے تریاق ہے۔ اور بالخاصہ پتھری کو توڑنے والی ہے۔ (غیر سمی الاکثر سمی ہے)
اجوائن خراسانی	تخم بنگ	بزر البنج	تین قسم کی سیاہ و سفید و سرخ	تیز بو تلخ	ایک قسم کا بیج ہے مینھی کے مشابہ	سفید سرد و خشک ۲ درجہ میں اور سیاہ سرد و خشک ۳ درجہ	سیاہ گرمی اور اوّل درجہ قاتل ہے	افیمن ۱		۱ ماشہ	سر درد کو نافع ہے اور سیلان رطوبت کو دفع کرتی ہے اور کان کے ہر طرح کے درد کو تسکین بخشتی ہے اور بلغمی کھانسی کو مفید ہے اور تھوکنے میں خون آنے کو دفع کرتی ہے اور خشکی زیادہ کرتی ہے اور عضو میں سستی پیدا کرتی ہے اور نیند لانے والی ہے اور بالخاصہ قابض و حابس حیض وغیرہ ہے۔ (سیاہ سم قاتل ہے اور سفید غیر سمی)
اخروٹ	جوز	گردگان	اکھروٹ	پھیکا لذیذ و کرفت	ولایتی ایک میوہ ہی اسکا مغز مثل مغز بادام کے لذیذ ہی	گرم ۲ درجہ خشک ۱ درجہ	گرم مزاج والوں کو	آب انار	چرونجی چلغوزہ	۱ تولہ تا ۲ تولہ	بہت ہی لطیف ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور اذ وردی کو تحلیل کرتا ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور زہر کو مانع ہی اور اعضائے رئیسہ اور باطنی حواسوں کو قوت بخشتا ہے اور اسکے مغز [illegible] بجھا ہوا کھانسی کو فائدہ مند ہے جو سردی سے ہو۔ (غیر سمی معتدل)
ورد الشام	ورد احمر	گل سرخ	بنگلہ	تیز و تیز بو	ایک جڑ ہے کہ زمین کے نیچے ہوتی ہی	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج والوں کو	روغن بادام	فلفل سیاہ	۱ تولہ	ہاضم ہے۔ اور پیٹ کے نفخ اور ریاح کو دور کرتی ہے۔ اور بھوک پیدا کرتی ہے۔ اور بلغم اور رطوبت معدہ کو دفع کرتی ہے اور معدہ اور جگر اور قوت باضمہ کو قوی کرتی ہے۔ اور اسکا مربہ بلغمی مزاجوں کو اور سرد مزاج والوں کو بہت مفید ہے۔ (غیر سمی)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۱۹ اودو مرو کے بیج	تخم سورد	حب الاس	سیاہ	قدرے تلخ و بکٹھا	ایک درخت کا ثمر ہے	مرکب القوے	درد سر پیدا کرتا ہے اور زکام لاتا ہے	گل بنفشہ	آقاقیا و گل حنا	تو ماشہ تا ۲ ماشہ	گرمی کی کھانسی کو مفید ہے اور کھٹے پن کی وجہ سے دستوں کو بند کرتا ہے اور تلخی کے باعث پیشاب لاتا ہے۔ اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور حیض کو نافع ہے اور قلب کو قوت بخشتا ہے۔ اور اسکا روغن تخیری سہر وسبات کو اور رودار وسدہ کو بہت فائدہ مند ہے ۔ دغیرہ
۲۰ اودو مرو کی جڑ	بیخ سورد	اصل الاس	بھوری سیاہی مائل	تلخ و بکھٹی	م	مرکب القوے	درد سر پیدا کرتی ہے	گل بنفشہ و صمغ عربی	اقاقیا و گل حنا	۹ ماشہ	بسبب عطریت کے مقوی اور موافق دل کے ہے اور روح کے اور معدہ کو بھی قوت بخشتی ہے اور استحاضہ کے خون اور دستوں کو بند کرتی ہے اور پیشاب کو خوب جاری کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور آشوب چشم اور کان کے درد کو فائدہ مند ہے۔ دغیرہ
۲۱ ارگنان	.	.	سرخ و زرد	پھیکا	ایک قسم کا پتھر ہے	سرد و خشک درجہ میں	.	.	.	.	زخموں میں گوشت بھرلاتا ہے اور اعضا کے خارجی ورم کو کھوتا ہے اور زخم میں جلا کرتا ہے اور ترہ رات کے ہمراہ اسکا استعمال کرنا گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریت کو کھوتا ہے ۔
۲۲ ارجن	.	.	بھورا	بکٹھا	ایک بہت بڑا درخت ہندستان میں جنگل میں ہوتا ہے	گرم خشک دوم درجہ	اقاقیا گرم مزاج والوں کو	.	.	.	قئی و بلغم کو دفع کرتا ہے اور صفرے کو فائدہ کرتا ہے اور پیٹ کے [illegible] ہے اور اسکی چھال کا سفوف باہ لاتا ہے اور جریان کو نفع بخشتا ہے ۔ قریب بسم
۲۳ ارشم	ابریشم	ابریشم	زرد	پھیکا	ایک قسم کا کیڑا بعض [illegible]	کچا گرم و خشک اور [illegible]	.	.	سوتی جلا ہوا	۳ ماشہ تا [illegible]	اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور باہ کو قوی کرتا ہے اور سدہ کو کھولتا ہے اور روح کو فرحت بخشتا ہے اور رنگ رخسارہ کو صاف کرتا ہے اور طبیعت میں لطافت [illegible] ہے اور رطوبت سے اور آنکھوں کے امراض و خفقان

نمبر شمار اُردو	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
۲۹ اُردو	ماش	ماش	سبز سیاہی مائل	پھیکا	ایک قسم کا غلہ ہے ہند میں پیدا ہوتا ہے	گرم اتر ۲ اور فضلی رطوبت زائد ہے	نفاخ و دیر ہضم	مرچ اور ادرک و ہینگ	لوبیا	۰	باہ اور ایسا دگی تر بنا تا ہے اور درد و وجع و منی پیدا کرتا ہے اور کل اعضا کو قوت بخشتا ہے اور آنتوں میں پھسلن پیدا کرتا ہے۔ اور اگر تازہ و تازہ چند روز میں کے برص کے داغ پر لگائیں بہت مفید ہو۔ اور اگر اسکے آٹے کا خمیر کرکے سر پر تھمین نکسیر بند کردے اور اسکی دال پکی ہوئی بالوں کی جگہ ملیں تو بال جو اور گنجان پیدا ہوں۔ (غیر سمی بلکہ غذا ہے)
۳۰ ارنڈ	بید انجیر	خروع	سبز و سیاہ	تلخ و بدمزہ	ایک درخت ہے جسکا پھل تخم دار ہوتا ہے مغز اسکا سپید روغن دار	گرم وخشک ۳ درجہ میں	معدہ کو سست کرتا ہے اور تلی اور دل کو نقصان کرتا ہے	کتیرا و مصطگی	جمالگوٹہ	۵ عدد	سودا اور ریح کو تحلیل کرنے والا اور پیٹھ کو نرم کرتا ہے اور سرد خلط کا قوی دست آور ہے اور فالج و لقوہ اور رعشہ اور قولنج اور استسقا اور درد و جع مفاصل کو فائدہ مند ہے۔ اور اسکا تیل بہ نسبت فعل میں قوی تر ہے اور محلل ہے اور قولنج میں قوی دست آور ہے اور اسکا راکھ آگ سے جلے کو از حد مفید ہے۔ (غیر سمی)
۳۱ [illegible]	[illegible]	[illegible]	پھول اسکا خوب سرخ	تلخ و قدرے بکبکا	ایک درخت ہے	گرم وخشک ۲ اول میں	اسکی جڑ قولانی ہے	برگ عناب	صندل و گل سرخ		لیسدار مادہ کو نکال پھینکتا ہے اور معدہ کی سردی کو کھوتا ہے اور درد کو دور کرتی ہے۔ اور آلات تنفس کو پاک کرتا ہے۔ اور جلا کے استعمال اسکا سے خون آنکھ فائدہ مند ہے اور اسکا بیج آنکھوں کی دوا میں قائم مقام چاکسو کے رمد کا درد کو دور کرتا ہے۔ (غیر سمی)
۳۲ ارہری	۰	[illegible]	سیاہی	پھیکا ولیکن ... کرتا ہے	ہند میں ایک قسم کی ترکاری ہے کہ جس کے بیجوں سے پیدا ہوتی ہے	گرم اتر ۲ اور بعضے سرد کہتے ہیں	دیر ہضم	اجوائن و ہینگ و ترشی	چندری	۰	بدن کو فربہ کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور کھانسی اور سینہ کی خشکی اور نزلہ کو گھٹاتا ہے اور دست کو مفید ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ لیکن اسکو اسی وجہ سے تغلب ہندی کہتے ہیں۔ (غیر سمی بلکہ غذا)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
اشکبر و دیر	دوغل	شاغل	زرد سرخ	پھیکی و قدرے شیرین	ایک ماہ ستر کا ... ہوتا ہے	گرم خشک ... سرد خشک	[illegible]	[illegible]	مسور	•	صفراوی دستوں اور فساد بلغم کو اور فساد خون کو اور زہر کو نافع ہے اور تحلیل ... پستان کے جوشاندہ سے کلی کرنا دانتوں کی درد کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی بلکہ مفید ہے)
اروسہ	•	•	پھول سپید پتے سبز	پھیکا قدرے شیرین	ایک درخت ہو قد آدم تک ہند میں	گرم خشک ۱ ... پھول سرد ۱	•	•	•	۲ ماشہ	اسکا پھول دق اور صفرا کو نافع ہے اور حدت خون اور پیشاب کی جلن کو تسکین دیتا ہوا پیشاب کی سرخی کو دور کرتا ہے۔ اور اسکی جڑ کھانسی دمہ اور درد ... اور تپ بلغمی اور ... جریان اور یرقان یعنے کانور ... نافع ہے۔ اور اسکے پتوں کے جوشاندہ سے کلی کرنا دانتوں کے درد کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی)
اریا	•	•	سبز	تلخ	ایک بوٹی ہو کر برسات میں ... اسکا پھل	سرد و تر	... گرم ... پیدا کرتا ہے	سرکہ	•	•	بلغم اور ریاح پیدا کرتا ہے اور بوجھل ہے۔ لیکن اہل ہند اسکا اچار ڈالتے ہیں۔ (غیر سمی)
اسپند	اسپند	حرمل	سیاہ	قدرے تلخ کراہت بو دار	ایک پھل کا بیج ہے	گرم ۳ خشک ۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳ ماشہ	انتڑیوں کی ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور جلندھر اور کانو اور دمہ اور قولنج اور ... تمام سر کی بیماری کو فائدہ مند ہے اور حیض کو جاری کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے ... (غیر سمی)
اسبغول	اسپغول	بزرقطونا	سرخی مائل سپیدی اور سیاہی ہوتا ہے	پھیکا	ایک بیج ہے	سرد ۳ تر ۲	معدہ کو کمزور کرتا ہے اور بھوک کو کم کر دیتا ہے	شہد	بیدانہ سکنجبین	۲ ماشہ تا تولہ	گرمی کو اور پیاس کو اور گرمی کے بخار کو اور خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور انتوں میں پھسلن پیدا کرتا ہے اور حلق اور سینہ اور زبان کی کھرکھراہٹ کو دور کرتا ہے۔ اور انتوں کے زخم اور مروڑ اور آنوں کو فائدہ مند ہے۔ اور بریاں کیا ہوا قابض ہے۔ اور اسکی کلی منہ کے جوش اور ورم دانتوں کو مفید ہے۔ اور سرکہ میں پیس کے اسکا لیپ گرمی کے ورم کو اور درد سر کو مفید ہے (مسلم غیر سمی کوٹا ہوا سم ہے)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
اسطوخودوس ہندی نام اور وہ اردو	•	اسطوخودوس	سبز سیاہی مائل	قدرے تلخ و تیز بو	ایک گھاس ہے ایک تیز معطر کی سی بو	گرم ۱ خشک ۲	جگر کو مضر اور گرم مزاجوں کو	کتیرا	الاس بیل	۵ ماشہ	ردی مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔ اور جلا دیتا ہے۔ اور لطیف کرتا ہے۔ اور سدہ ... کرتا ہے اور بدن اور دل اور دماغ اور پیٹ سے اندر دل اعضا کو قوت بخشتا ہے۔ اور روح کو صاف کرتا اور فرحت دیتا ہے۔ اور اوراق سینہ اور روح کو نافع ہے۔ اور مادہ سوداوی و بلغمی کو دستوں کی راہ سے نکالتا ہے اور ... کرتا ہے۔ (غیر سمی)
اسگندھ	•	•	اوپر سے پھیکا اندر سفید زردی	قدرے تلخ	ہندوستان میں ایک جڑی ہے	گرم و خشک ۲ مع کسی قدر تری کے	گرم مزاج والوں کو	کتیرا	شقاقل و سفید بہمن	۵ ماشہ	... اور اعضاء ... کو نفع ہے۔ اور بدن اور باہ ... کو قوت بخشتا ہے اور بلغم کی ... کرتا ہے۔ اور ... کے لیے قائم مقام ... نافع ہے۔ (غیر سمی)
اشنان	اشنان	غاسول	سبز	تلخ	ایک قسم کی گھاس ہے	گرم ۳ خشک ۲	مثانہ کو	شہد	صابون	۱ ماشہ	جلا کرتا اور مادہ کو پاک کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور غلیظ فضولات کو تحلیل کرتا ہے اور استسقا یعنی جلندر کو نافع ہے اور ... بچہ کو ساقط کرتا ہے اور زخموں کے زائد گوشت کو کاٹتا ہے اور صاف کر دیتا ہے اور ... حیض کے جاری کرنے کے لیے ... رکھتا ہے ... اور بدن کو جلا بخشتا ہے۔ اور اہل عرب صابن کی جگہ اس سے کپڑے دھوتے ہیں اور رنگین ریشمی کپڑے اس سے صاف ہوتے ہیں۔ (غیر سمی اکثر قریب سم)
افیم	افیون	لبن الخشخاش	سیاہ تازہ سفید	تلخ	پوست یعنی خشخاش کی ڈوڈی کے لگانے سے ہندوستان میں اور وہ جم جاتا ہے	سرد ۴ خشک ۴	باطنی اور ظاہری کو	زعفران دارچینی	تخم بنج	۱ حبہ	حس و حرکت کو زائل کرتی ہے۔ اور نیند پیدا کرتی ہے اور سدہ ڈالتی ہے۔ اور ... پیدا کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ اور ... درد ... کو تسکین بخشتی ہے اور ... اسہال کو منع کرتی ہے اور ... کو ... کھانسی کو اور کان کے درد کو اور ... آنکھوں کی ... کو ... شفا بخشتی ہے خواہ کھانے سے خواہ لگانے سے۔ اور اگر اسغول کے لعاب میں افیون کو حل کر کے بالوں کی جگہ لگا دیں تو بال نہ نکلیں۔ (سم قاتل)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
افسنتین رومی [illegible]	•	[illegible]	سبز غبار آلود	تلخ و تیز بو	ایک قسم کی گھاس ہے کہ جو دل [illegible] بابونہ سے بہت مشابہ ہے	گرم خشک ۲	ضعف معدہ و [illegible] اور درد سر لاتا ہے	انیسون زعفران [illegible]	اسارون [illegible]	۲ ماشہ	شامہ کو کھولتی ہے اور جگر کو نرم کرتی ہے [illegible] صفرا اور [illegible] کو دست کے ذریعے نکالتی ہے اور [illegible] کو نافع ہے اور اسکا جوشاندہ [illegible] بخار [illegible] کیڑے مار کر نکال دیتی ہے اور اسکا پینا معدے کے لیے مقوی ہے (خیر [illegible])
۴۴۳ زیرہ سیاہ	زیرہ سیاہ	کمون اسود	سیاہ	تیز و تیزبو	مشہور ہے	گرم خشک ۲	پھیپھڑے کو	کتیرا	زیرہ سفید	۲ ماشہ	نرمی کرتا ہے اور طبیعت کو لطافت دیتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ریاح و ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور رطوبت کو خشک کرتا ہے اور بلوبت کو بہنے سے روکتا ہے اور معدہ کی رطوبت کو دفع کرتا ہے اور بھوک کھولتا ہے اور پیشاب وحیض خوب جاری کرتا ہے اور دوست آور دوائیون مین سے ہے۔ (غیرسمی)

باب السین المہملۃ اور اسمین ۰، دوائیان ہین

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
۴۴۴ ساگودانہ سابودانہ	.	.	سفید	پھیکا	ایک دانہ ہے کہ ایک درخت کی ویالکڑی کی بناتے ہین اور وہ درخت خرما مین آ	گرم تر ۲	.	.	.	۲ ماشہ تولہ ۲ تولہ	مقوی ہے کل بدن کو اور باہ زیادہ کرتا ہے اور استاوگی خوب لاتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اگر تازہ دودھ کے ساتھ مثل شیر برنج کے پکا کر کھاوین اور اگر دودھ منع ہو تو پانی مین پکاکے اور شیرینی ڈال کے کھاوین اور بیمار کی طبیعت کے بہت موافق ہے کیونکہ بہت سبک ہے۔ (غیرسمی)

نام ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
۳۳۴ ساتر	ایشن و اوشن	صعتر	پتے سبز پھول نیلے	تیز و تیز بو و خوشبودار	ایک گھاس ہے مشہور چند قسم کی ہوتی ہے	گرم خشک ۲	پھیپھڑے سر کو	سرکہ	پہاڑی پودینہ	۶ ماشہ	بلغم ورياح کو چھانٹتا و تحلیل کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور باہ و ریحی پانی کو دفع کرتا ہے اور لطافت کرتا ہے اور خشکی لاتا ہے اور باہ زیادہ کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور معدہ کو بالائی رطوبت سے پاک کرتا ہے اور دماغ پر ابخرے نہین چڑہنے دیتا ہے اور اکثر دماغی امراض کو مفید ہے۔ (غیرسی)
۳۳۵ سانکھو	سال	ساج	لکڑی سرخ پتے سبز پھل پیلا	تلخ و کسیلا	ایک جنگلی بڑا درخت ہے جسکے پتے بہت اور پھل مثل چھالیہ کے	سرد خشک ۳	جگر کو	عناب	۰	۳ ماشہ	اسکا برادہ پیاس کو تسکین دیتا ہے اور معدہ کی سوزش کو نافع ہے اور شہد کے ساتھ مادہ صفراوی دباغی کو نکالتا ہے اور اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا پھل قابض مستحکم ہے اور اسکے برادہ کی دہونی وبائی ہوا کو صاف کرتی اور مچھر وغیرہ کو مارتی ہے۔ (غیرسی)
۳۳۶ سانپ کی کینچلی	پوست مار	[illegible]	سفید جالی دار	پھیکا	مشہور ہے کہ سانپ ہر سال آپ خود گراتا ہے	گرم خشک ۳	ایک چشم لاتی ہے اور بدن کے چھلکے اتارتی ہے	دھنیا و گھی	بھلاوہ	۲ ماشہ	بیچنے اور گھی کے ساتھ کھانا جذام یعنے کوڑھ کو مفید ہے اور اسکی دہونی بچہ جننے کے وقت دینا بچہ جننے مین سہولت و آسانی کر دیتا ہے مجرب ہے اور اسکی دہونی بواسیر کے مسّے گرا دیتی ہے اور کپڑے و کتابون مین رکھنا کیڑا لگنے کو نافع ہے اور جہان سانپ کینچلی گرا جاتا ہے وہان پھر نہین آتا ہے۔ (غیرسی)
۳۳۷ ساوان	شامخ	۰	بھورا و سفید	پھیکا	ایک اناج مشہور ہے	سرد خشک	ریاح پیدا کرتا اور خشکی کرتا ہے	گھی	۰	۰	فساد بلغم وصفرا کو دفع کرتا ہے اور ساتون و بانون کو خشک کرنیوالا ہے۔ (غیرسی غلہ ہے)

اسمائے ادویہ	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال وخواص
۴۲۰ سپاری	پوپل	فوفل	بھورے	کسیلا پھیکا	ایک گول پھل ہے برابر بیر کے چند قادر ملک اریز راہ ہوتا ہے اور بنگالہ میں بھی	سرد خشک	سدہ پیدا کرتی ہے ورشانہ کو اور قولنج والے کو	کتیرا	سترخ مصطگی و دھنیا	۴ ماشہ	قابض ہے اور مواد کو پختہ کرتی ہے اور دماغ پر ابخرے نہیں چڑھنے دیتی ہے اور منہ کی رطوبت اور دانتوں کی سستی کو دفع کرتی ہے اور دل و جگر اور پیٹ اور آ عضا کو قوت بخشتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور گرمی کے دردوں کو مفید ہے اور اسکے جوش کا پانی نچوڑ کر قے اور دست لانے والا ہے اور اسکا پھول خون کے دست بند کرتا ہے مجرب ہے۔ (خیرسی)
۴۲۱ ستاور	.	.	سفید	پھیکی	ایک جڑ ہے نہایت لکرار مشہور	گرم خشک سامد رطوبت فضلیہ کے ہے	دردسر لاحق	شہد	بہمن سفید	۷ ماشہ	طاقت بخشتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور معدہ و جگر و گردہ کو گرم کرتی ہے اور زہروں کا اثر زائل کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور دودھ زیادہ پیدا کرتی ہے اور گاڑھا کرتی ہے اور ہر قسم کے جریان و سوزاک کو مفید ہے اور نقرس و گنٹھیا و بواسیر کو نافع ہے۔ (خیرسی)
۴۲۲ سجی و کھار	سنجار بصفر و قلیا	قلی سب	بھوری و سفید	شور	ایک کھار ہے کہ بعض چیزوں کی راکھ سے بناتے ہیں	گرم خشک ہے ساتھ سمیت کے	پھیپھڑے کو	گھی اور دودھ و تھی کرنا	.	یکجو	تلا کرتی ہے اور اخلاط کو جلا دیتی ہے اور گوشت کو کھا جاتی ہے اور اپنے فعل میں نمک سے بہت ہی تیز ہے اور سجی مقول معدہ کو قوت دیتی ہے اور بادی ہے اور ستسوک بڑھاتی ہے اور باندہ خوب چھانٹی ہے اور زخمے کو بند کر دیتی ہے جیسے کسی طرح نہ بند ہوتی ہو اور طحال کے ورم کو تحلیل کرتی ہے اور سرمہ کے ہمراہ آنکھ کے جالے کو کاٹ ڈالتی ہے۔ (سم قاتل)
۴۲۳ سداسہاگن	.	.	بڑ سبز دھول سرخ	قدرے تلخ و تیز	ایک درخت ہے مثل درخت عقیق البحر کے	سرد	.	.	.	.	فساد زہر و فساد صفرا و خون کو دفع کرتا ہے اور جلندر کو نافع ہے اور اگر ہم ماشہ تو اسکے پانی میں بھگو کے پیس سوزاک کو مفید ہے اور لیب لعابیت کے آنتوں میں چھالے پیدا کرتا ہے اور اسکے پتوں کا رس کان کے درد کو نافع ہے۔ (خیرسی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
۲۴۴ سربھوکہ	•	•	سبز	تلخ و تیز	ایک گھاس ہے شل چراتہ کے	گرم تر ۲	•	•	شنڈکی	۲ ماشہ	خون کو صاف کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور سوداوی بخارون اور جگر وطحال کی بیماریون اور پھوڑے پھنسی کو نافع ہے اور سرطان یعنے پیٹ کے پھوڑے اور آتشک کو مفید ہے اور اسکا عرق اکثر زہرون کی مارک ہے۔ (دغیرہمی)
۲۴۵ سرسون	[illegible]	خردل	سرخ و سیاہ و زردہ	تلخ و تیز	قسم غلہ سے ایک دانہ ہے برابر رائی کے اسکا تیل نکالتے ہیں	گرم خشک ۲	مسدہ و گردہ کو	کاسنی و رائی	السی و رائی	۲ ماشہ	رطوبت بالائی کو خوب جذب کرتی ہے اور ریاح خوب تحلیل کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مارکر نکالتی ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتی ہی اور کھجلی و عرق النسا کو مفید ہے اور باد کو حرکت دیتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہی اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے اور ورم سونک تحلیل کرتی ہے اور اسکا تیل میل اور بدن کی سیاہی و جھائین کو خوب صاف کرتا ہے اور اسکے پتے پیشاب بند کرنے اور کھجلی کو مفید ہین۔ (دغیرہمی)
۲۴۶ سرس	درخت زکریا	سلطان الاشجار	پتہ سبز پھول سرخ بیج سیاہ	تلخ	[illegible]	سرد خشک ۱	•	[illegible]	[illegible]	تولہ	اسکی چھال کی کلی دانتون اور مسوڑون کو قوی کرتی ہے اور اسکا عرق در انگ اور امراض جلدی جیسے کوڑھ وغیرہ کو مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور اسکا پھول سونگھنا اور باسیسی کو نافع ہے۔ (دغیرہمی)
سرس کے بیج	تخم درخت زکریا	حب سلطان الاشجار	بھورے سرخی مائل	تلخ و کسیلے	مشہور ہے	گرم	•	•	•	•	اسکا سرمہ آنکھ کے جالے کو مفید ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے اور اگر اسکو پانی میں جوش دے کے ناک مین ٹپکین نزلہ کو نافع ہو اور اسکا تیل سفید داغ کو مفید ہے۔ (دغیرہمی)

نمبر فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
۱۴۳۹ سرکہ	خل	سرخ و سفید	ترش	انگور یا کھجور یا نیشکر کے رس کا ساتھ دھوپ میں پکا کے بناتے ہیں	سرد خشک	پٹھے اور پھیپھڑے اور باہ کو	لطیف حرارت	شیرینی آب لیموں حلویات کا نخود	ا تولہ	قابض ہے اور رطوبت کو خشک کرتا ہے اور رگوں میں و مسام میں جلد سرایت و نفوذ کرتا ہے اور طبیعت کو لطافت بخشتا ہے اور کارتر ہے خلطوں کو چھانٹتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور ہاضم ہے اور بھوک خوب لاتا ہے اور سدہ خوب کھولتا ہے اور جامن و تاڑی کا سرکہ ورم طحال اور پیٹ کے نفخ کو بہت مفید ہے۔ (غیرسمی)
۱۴۴۰ سرنجی	.	.	سبز	قدرے ترش و تلخ	ایک گھاس ہے جسکی ہر شاخ پر تین تین پتے اور شاخیں گرہ دار اور بیج ریزہ ریزہ	گرم تر	.	.	.	اسکے پتے کھانا اور دلگیر اور درد جوڑوں اور تمام بدن کو مفید ہے اور اسکی جڑ کا ہیلا ملنا سے گرمی کے بخاروں کو کہ مرکب کسی قسم سے ہوں نافع ہے اور اسکے پتے ساتھ کتھے اور سونٹھ کے کیسا ہی زخم نہ بھرتا ہو بھر لاتے ہیں مجرب ہے۔ (غیرسمی)
۱۴۴۱ سوال	معزانہ	کاہو	سبز و تیز	تلخ	ایک گھاس ہے بال کی اندر لابنی ریشہ دار پیدا ہوتی ہے	سرد ۲ تر ۲	سرد مزاج والوں کو	مارار یحان	کاسنی	.	سواد کو پختہ کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور سوزاک کے لیے مجرب ہے اور اسکا لیپ خون بہنے کو بند کرتا ہے اور تازی پیٹ پر رکھنا پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ (غیرسمی)
۱۴۴۲ سرو	سرو	عرعر	سبز	پتے تلخ و تیز	ایک مشہور درخت چند قسم کا ہوتا ہے بعض کے پھل کے اور پھول دار [illegible]	گرم ۱ خشک ۲	[illegible]	کتیرا	انزروت	۱/۲ ماشہ	قابض ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور خون بہنے کو بند کر دیتا ہے اور غلطی کی بدبو کو دفع کرتا ہے اور اسکا جوشاندہ وقت سے پیشاب آنے کو اور آنتوں کے زخم اور مثانہ سے فضول مواد بہنے کو مفید ہے اور اسکی چھینی پرانی کھانسی کے لیے مجرب ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے (غیرسمی)

اسم دوا	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
سرداری	•	ذنب الخیل	پھول سرخ پتے سبز	[illegible]	ایک درخت قد آدم کے برابر ... پھول سرخ اور ... بنتا ہے	مرکب القویٰ ساتھ قوت قابضہ کے	مثانی کو لالی ہے	عناب	تودری	۹ ماشہ	اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور اسکے پتوں کا دینا تپ کو نافع ہے اور باہ کو قوی کرتی اور منی پیدا کرتی ہے اور اسکو جلد ... کو بند کرتا ہے۔ (ذخیرہ کبیر)
سرداری سکنجبین	•	[illegible]	سیاہ براق	قدرے تلخ	ایک بیج ہے ... قدرہ ...	مرکب القویٰ ہے	مثانی لاتے ہیں	عناب	تودری	۵ ماشہ	باہ کو قوی کرتے ہیں اور منی کو گاڑھا کرتے ہیں اور سوزاک کو اور آتشک کو نافع ہیں اور فساد خون کو دفع کرتے ہیں اور مربہ پیشاب کو مفید ہیں۔ (ذخیرہ سی)
سریش	سریشم	عربی	سیاہ	بدمزہ بدبودار	ایک لسدار چیز ہے کہتے ہیں اور گوند ... پکا کر بناتے ہیں	گرم ۱ خشک	سدہ لاتا ہے	[illegible] الاصول	سریشم ماہی	۲ ماشہ	رگوں کے منہ پر چپک کے سدہ لاتا ہے اور خشکی پیدا کرتا ہے اور سل اور اندرونی خراب زخموں کو نافع ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ (ذخیرہ سی)
سریش مچھلی کا	[illegible]	[illegible]	سفید و سیاہ	تلخ و بدمزہ و بدبودار	یہ بھی ایک لسدار چیز ہو کر مچھلی کے منفذوں سے بناتے ہیں	گرم خشک ۲	سدہ لاتا ہے	ما الاصول	زفت رومی	۳ ماشہ	سل کو نافع ہے اور اسکا لیپ شقاق رخسار یعنی رخسار کے پھٹ جانے کو اور سفید داغ کو مفید ہے اور کلیجی اور داد اور فتق یعنے خصیہ کے ورم کو مفید ہے اور سرکہ کے ساتھ ناخن کے مرجانے اور سفید ہو جانے کو نافع ہے۔ (ذخیرہ سی)
سفیدہ کاشغری	[illegible]	اسفیداج	سفید	پھیکا و تند	ایک جرم ہے شکل جستہ کے ... جستہ کا کشتہ بھی ہے	سرد ۳ خشک	خناق پیدا کرتا ہے اور جرب قاتل ہے	قے کرنا اور ... شوربا پینا	[illegible]	۲ ماشہ	لطیف ہے اور پرانے زخموں کو خشک کرتا ہے اور تر و خشک کھجلی کو نافع ہے اور رخسار کی سفیدی کے ساتھ شقاق مقعد کو مفید ہے اور بدگوشت کو کاٹ ڈالتا ہے اور زخم کو بھر لاتا ہے اور آنکھ کے درد کو اسکا سرمہ مفید ہے اور آشوب چشم کو بھی نافع ہے۔ (ذخیرہ سی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
۴۵۶	چ	سقمونیا محمودہ	بھورا و بعد گداز سفید	تلخ	ایک گھاس کا جما ہوا دودھ ہے قدرے سیاہ رنگ	گرم ۲ خشک ۲	دل اور جگر کو اور معدہ و	کتیرا و سیب اور روغن بادام لاتی ہو	ایلوا زرد و ہلیلہ زرد	۲ رتی	جلا کرتی ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور مادہ صفراوی کو بالخاصہ براہ دست نکالتی ہے اور ہر دوا کے دست آور قوی الاثر کر دیتی ہے اور معدہ کے کیڑے نکالتی ہے اور آنتوں کے بھی کیڑے نکالتی ہے اور امراض سوداوی کو نافع ہے الا اسکا استعمال بغیر مدبر کیا ہوا نہیں جائز ہے۔ (غیر سمی قوی المضرت)
۴۵۷	سقنقور	اسقنقور	سرخ و زرد	پھیکا و شور	ایک جانور ہے کنارہ دریا نیل ابو ناہی سندی جن میں پیدا ہوتی ہیں	تر گرم تر ۲ اور خشک گرم خشک	دماغ کو	شہد و سور	لعاب مچھلی و دگاجر	تولہ ۲ تولہ تا ۳ تولہ	اسکا گوشت باہ کو قوت دیتا ہے اور خوب ایستادگی لاتا ہے اور منی خوب پیدا کرتا ہے اور فالج اللقوہ و رعشہ و خدر و نقرس اور وجع مفاصل یعنے گٹھیا کو مفید ہے۔ (غیر سمی)
۴۵۹ سکنجبیلا	.	.	زرد	تلخ	مشہور ہے	گرم خشک	قے کرتا ہے	قسائر	.	.	ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور زخم کو بھر لاتا ہے اور کھجلی کو نافع ہے۔ (سمی قاتل)
۴۶۰ سکہ	.	.	سیاہ سرخی مائل	پھیکا قدرے تلخ	قسم مومیائی سے ایک چیز ہو کر پہاڑوں پر ملتی ہے۔	گرم خشک ۲	گرم مزاج والوں کو	روغن	.	۴ رتی	فساد اخلاط کو دفع کرتی ہے اور ورم اور جریان منی اور جلندر کو نافع ہے اور سخت ورموں اور درد اور علت شیوخت کو مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے۔ (غیر سمی)
ست سلاجیت	.	.	سفید	پھیکا قدرے تلخ	جوہر سلاجیت کا ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاج والوں کو	روغن	عطر ناگیسر	ایک رتی	باہ اور گردہ و مثانہ کو قوت بخشتی ہے اور سوزاک و جریان کو مفید ہے اور بدن کو قوی کرتی ہے۔ (غیر سمی)

نمبر و نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
۲۰۲ ساذج	.		سبز و زردی مائل	پھیکا و خوشبودار	ایک درخت کا کونپل اور وہ ہے جو درخت مائل [illegible] کی گرہ سے [illegible] ہوتا ہے [illegible] مین مہر کیسے ہین	گرم خشک ۲	پھیپھڑے کو	[illegible]	جدوار و روغن یاسمین	ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے اور مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے اور کھانسی و زکام اور درد سینہ و پھیپھڑے کو اور درد گردہ و کمر کو اور جلندر کو نافع ہے اور مثانہ کی پتھری توڑتا ہے اور [illegible] کے درد و گٹھیا کو مفید ہے۔ (قریب یسم)
۲۰۳ سمندر پھل	.	.	سیاہ و سرخی مائل		ایک پھل ہندی ہے شکل و برابر ہڑ کے اور اس سے سیاہ	گرم خشک	.		.	آدھا	پرمیہ و جریان منی کو نافع ہے اور اگر شکر یا نبات و اجوائن کے ساتھ سفوف بنا کے گنگنے پانی کے ساتھ کھائیں پیٹ کے درد کو مفید ہے اور اگر دہی کے ساتھ کھائیں دست بند کر دیتا ہے اور اگر عورت و دختر [illegible] دودھ مین گھس کے ناک مین [illegible] تمام دماغ کا بلغم بہا دیتا ہے اور اگر پانی مین گھس کے ناک مین ڈالین درد آدھا سیسی کو نافع ہے اور اگر اسکے چھلکے و جڑ کا لیپ لگا دین ہاتھ پیر کے ورم کو نافع ہے۔ (غیر یسم)
۲۰۴ سمندر کف / سمندر پھین	کف دریا		سفید جالدار	پھیکا و تیز و شور	ایک جسم ہے جالیدار گردہ سا شور و دریائے قلزم کے کنارے ملتا ہے	گرم خشک ۳	پھیپھڑے و آنتوں کو	لعاب و صمغ عربی	بورۂ ارمنی	کھایا نہیں جاتا	اسکا لیپ سیاہ داغ اور چہرے کی سیاہی اور چھائین کو دفع کرتا ہے اور بلغمی ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور [illegible] جلندر یعنے استسقا کو نافع ہے اور پتھری کو توڑ بہاتا ہے اور قے بند کرتا ہے اور آنکھ کے جالے کو کاٹتا ہے اور بینائی اور دانتوں کو جلا دیتا ہے اور سرکے کے ساتھ کھجلی کو نافع ہے اور اسکا کشتہ کم تیز ہوتا ہے اور اسکا استعمال بھی جائز ہے۔ (قریب یسم)

ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
سمندر سوکھ	؛	؛	سفید	پھیکا	ایک بیج ہے برابر رائی کے	سرد تر	نفاخ ہے	شکر و	تخمہ مروا	۲ ماشہ	پیشاب کی سوزش اور سوزاک اور منی کی رقت کو نافع ہے اور باہ و دماغ کو قوت بخشتا ہے اور منی پیدا کرتا ہے اور امساک کرتا ہے اور جلایا ہوا ناسور کو مفید ہے (غیر سمی)
سمندر لون	[illegible]	[illegible]	سفید	شور	اکثر روم و عراق عرب و حجاز میں دریا شور کے پانی کو بناتے ہیں	گرم خشک ۲	۔	۔	نمک شور	۔	کھانے کی بھوک بڑھاتا ہے اور ہاضم ہے اور ریاح خوب خوب صادر کرتا ہے اور دست آور بھی ہے اور مسامات میں بڑا نفوذ کرنے والا ہے اور نکھار کے قائم مقام بھی ہے۔ (غیر سمی)
سینبھالو	[illegible]	اثلق	سبز و زرد	تلخ و کسیلا	ایک درخت ہے برابر تین چار گز کے پتے اسکے شہ بہ جیسا کے	گرم خشک ۲	[illegible] و باہ کو	تخم کرفس	گلنار	۳ ماشہ	فالج میں ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور طحال کا سدہ کھولتا ہے اور ورم رحم اور حیض کے بند ہو جانے اور داء الکلب کو مفید ہے اور کتے کے کاٹے ہوئے کے لیے مفید ہے اور اسکا بیج نسل و ولادت کو منقطع کرتا ہے اسواسطے اہل عرب برعکس اسکا نام حب النسل کہتے ہیں۔ (غیر سمی)
سینبھالو کے بیج	[illegible]	بزر الاثلق و حب النسل	سیاہ و سفید	تیز و تلخ	مشہور ہے	گرم خشک ۲	گردہ و باہ کو	صمغ عربی و بکری کا دودھ	شاہدانہ	۳ ماشہ	جگر کا سدہ کھولتا ہے اور ورم ماغی سدہ کو بھی کھولتا ہے اور ورم دماغ اور النیر غش کو نافع ہے اور توالد و تناسل کو منقطع کر دیتا ہے۔ (غیر سمی)
سنکھیا	مرگ موش	[illegible]	زرد و سفید و سرخ	زہر	مشہور ہے	گرم خشک ۴	۔	۔	۔	۔	محلل ہے اور سردی کے جنون میں گوشت بھر لاتی ہے اور اسکا تیل کے ساتھ ملنا تر و خشک کھجلی اور سردی کے درموں کو مفید ہے اور جذام کو سودمند ہے۔

نمبر و نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
۷۴۰ سنگترہ	•	•	سرخ	چاشنی دار	ایک میوہ ہندی قسم نارنج سے ہے مشہور	سرد ۱ تر ۲	پھیپھڑوں کو اور زخم کو	قند و شہد	نارنگی	•	دل اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور فرحت لاتا ہے اور اکثر اعضا کو قوت دیتا ہے اور گرمی و پیاس کو تسکین دیتا ہے اور حدت و بلغم کی حدت کو دفع کرتا ہے اور صفرا کو بجھاتا ہے اور صفراوی مزاجوں کو بہت موافق ہے اور خفقان و وحشت کو مفید ہے اور اسکا ابٹن چہرے کی سیاہی اور چھائیں اور کدورت کو دفع کرتا ہے۔ (غیر مسمی)
۷۴۱ سنگھاڑہ	•	•	باہر سبز اندر سفید	پھیکا و قدرے شیریں	ایک خاردار پھل ہے جسکے دو کونوں پر دو خار ہوتے ہیں اور اسکا درخت پانی میں جمتا اور پھیلتا ہے	تازہ سرد تر و خشک سرد خشک	سدہ پیدا کرتا ہے اور ثقیل ہے اور دیر ہضم ہے	نمک و اجوائن گرم	•	•	گرم مزاج والوں کی باہ کو قوت دیتا ہے اور تپ اور گردے کی کھانسی کو اور خون و دل کی سوزش کو مفید ہے اور دانتوں کو جلا دیتا ہے اور مسوڑوں کو قوی کرتا ہے اور دہی کے ساتھ دستوں کو بند کرتا ہے اور منہ سے خون آنے کو مفید ہے مجرب ہے۔ (غیر مسمی)
۷۴۲ سنگ جراحت	[illegible]	[illegible]	سفید	نرم و پھیکا	ایک قسم کا پتھر مشہور ہے	سرد خشک ۲	مثانہ کو	سکر و شکر	•	۳ ماشہ	خون بہنے کو جمیع اعضا سے بند کرتا ہے اور زخموں سے خون بہنے کو بند کرتا ہے اور صدر و سینہ اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے اور دانتوں کو جلا دیتا ہے اور مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے اور دہی کے ہمراہ خونی دستوں کو مفید ہے اور منہ سے خون آنے کو نافع ہے مکرر تجربہ کیا گیا ہے۔ (غیر مسمی)
۷۴۳ سبج	سبج و سنگ آتش	حجر النار	بھورا و سیاہ	پھیکا	ایک قسم کا سخت پتھر ہے کہ فولاد کے ساتھ رگڑنے سے آگ نکلتی ہے	سرد ۱ خشک ۲	•	•	•	•	اسکی چٹکی پیسی ہوئی کشتہ دانے کو نافع ہے اور زخموں کے منہ میں لگانا زخموں کو بھر لاتا ہے اور ان زخموں کو مفید ہے جو کسی طرح خشک نہیں ہوتے ہیں۔ (غیر مسمی)

نام ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
بھیرسا	سنگ سرماہی	حجرالسمک و حجرالحوت	سفید و بھورا	پھیکا	ایک قسم کا پتھر مچھلی کے سر سے نکلتا ہے	گرم خشک ۲	·	·	·	·	گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑنے میں ذی الاثر ہے اور پہلوؤں کی پسلی کے عارضہ کو نافع ہے اور مچھلی کی ڈانگی پینے پیاس کی شدت کو مفید ہے — (غیرہم)
بٹ ہو	سنگ یہود دان	حجرالیہود	سفید	پھیکا	ایک قسم کا گول برابر بیر کے پتھر ہے	گرم خشک ۲	جگر کو	ترنجبین و کرفس	کرفس	۲ ماشہ	پیشاب خوب لاتا ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتا ہے اور پتھری پیدا نہیں ہونے دیتا ہے اور جو مثانہ میں خون جم جاوے تو اسکو ہمراہ بادام تلخ اور پانی کے چاولوں خون کو پگھلا کر براہ پیشاب بہا دیتا ہے مجرب ہے۔ (غیرہم)
سن	لاونہ	·	بھورا و سفید	پھیکا	مشہور ہے کہ ایک گھاس کی باریک چھال ہے	سرد	دیر ہضم نفاخ	·	·	·	اسکا ساگ ثقیل و قابض ہے اور اسکے پھول خون نفاس کا بند کر دیتے ہیں اور اسکے ریشے کا کپڑا بنا ہوا ایسا خنکی بخشتا ہے اور خشکی لاتا ہے۔ (غیرہم)
سونامکھی	[illegible]	[illegible]	ہرا سبز پھول خوب زرد	قدرے تلخ	ایک گھاس ہے جسکا پھول ہرا اور چوڑا اور شہری ہوتا ہے اور رو بہ آفتاب رہتا ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاج والے کو اور طحال کو	[illegible]	تج و زعفران	۳ ماشہ	ورم کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور دماغ و جگر کا سدہ کھولتا ہے اور دماغ کو پاک کرتا ہے اور معدہ و جگر و باہ کو قوت بخشتا ہے اور ایستادگی لاتا ہے اور ہوا سیر اور کالونزا اور [illegible] اور قولنج کو مفید ہے اور پتھری توڑتا ہے اور اسکا لیپ درد نقرس کو مفید ہے۔ (غیرہم)
سورنجان میٹھا	سورنجان شیریں	سورنجان الحلو	زرد سرخی مائل	شیریں و بودار	ایک جڑ ہے شاہ میران کے نام سے مشہور	گرم خشک ۲	معدہ و جگر کو	کتیرا و زعفران	تربد و سونٹھ	۳ ماشہ	اندرون بدن سے ہر قسم کے بلغم کو براہ دست نکالتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور فاسد رطوبت کو بدن کے اندر سے کھینچ لاتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور عرق النسا اور نقرس اور پاؤں کی انگلی کے درد کو مفید ہے اور گٹھیا کو نافع ہے۔ (غیرہم)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
سورنجان کڑوا	سورنجان تلخ	سورنجان مر	زرد	تلخ	ایک قسم کا سورنجان کی یہ بھی ہے	گرم ۲ خشک ۲	•	•	قسط تلخ	۱ ماشہ کھایا نہیں جاتا	درد سرین کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور روغن گل کے ساتھ اسکی مالش درد جوڑوں اور گٹھیا کو مفید ہے اور ہمراہ گارے کی اسکا لتہ ترکیا ہوا یکسا بواسیر کے مسون کو گرا دیتا ہے الا اسکا کھانا کسی طرح جائز نہیں ہے اور مصطگی کے ہمراہ پٹھوں کو مفید ہے۔ (غیر مسمی)
سوسن	سوسن آسمانگون	سوسن آسمانجون	پتے سبز پھول نیلا	قدرے تلخ	ایک درخت ہے جسکی کئی قسم ہیں بستانی و صحرائی	گرم خشک و نزد بعض معتدل	سر کو	شہد و نیلوفر	مازریون	۲ ماشہ	معدہ و دانتوں اور جگر و گردوں کو قوت بخشتی ہے اور گرمی کرتی ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور ہر قسم کے بلغم کو چھانٹتی ہے اور اگر اسکے پتے چبا کر رانگ کا لین تو وہ بد بو دفع ہی اور آنکھ کے زخم اور آنکھ کی سرخ چھینٹ اور ناخونہ و سبل کو مفید ہی (غیر مسمی)
سوسن کی جڑ	بیخ سوسن	اصل السوسن	بھوری	قدرے تلخ و خوشبودار	سوسن کی جڑ ہے [illegible]	گرم خشک ۲	پھیپھڑے کو	شہد	اصل السوس	۹ ماشہ	لطافت بخشتی ہے اور گرمی پیدا کرتی ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور سوداء سے پاک کرتی ہے اور مادہ صفراوی و سوداوی و بلغمی کو براہ دست نکالتی ہے اور امتلائی تشنج اور فالج و سکتہ و بچوں کی نیند سے چونک پڑنے کو مفید ہے اور اسکا لیپ برائے درد سر کو کھوتا ہے۔ (غیر مسمی)
سوسن آزاد	سوسن آزاد	زنبق	پھول سفید	قدرے تلخ	مشہور ہے	گرم خشک ۲	کافور پیدا کرتا ہے	ترنجبین	ابرسا و نرگس	۱ ماشہ	لطافت پیدا کرتی ہے اور دماغ کو قوت بخشتی ہے اور سیماب لالی ہوا اور [illegible] تیل اعضا کو قوی کرتا ہے اور صفرا کو براہ دست نکالتا ہے۔ (غیر مسمی)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
۲۲۲ سونا	زر و طلا	ذہب	زرد و براق	پھیکا و لسیلا	مشہور ہے	معتدل مائل بہ گرمی	شانہ اور آلات و مجری بیناسگرشہ	شہد و یاقوت	.	ایک رتی تا دو رتی	زیادتی روح و فرحت طبیعت بخشتا ہے اور قلب و دماغ و اصل حرارت کو قوی رکھتا ہے اور فکر و غم و رنج اور خفقان کو کھوتا ہے اور ریح قسم کی بواسیر اور ضعف گردہ کو نافع ہے اور باہ کو قوت بخشتا ہے اور اسکا سرمہ بینائی کو قوی کرتا ہے۔ (غیرہم)
۲۲۳ سونا مکھی	زرد طلا	حجر الذہب	زرد	میلا	سونے کی بھٹی کی میل مشہور ہے معادن سے لاتے ہیں	گرم خشک ۱	پھیپھڑے کو	روغن بادام	طوطیا	ایک جو	فضل کی ردی رطوبت کو خشک کرتی اور بینائی کو قوت دیتی ہے اور آنکھ کے جالے اور ماندے اور ناخونہ و سبل کو زائل کرتی ہے اور قلب کو قوت بخشتی اور خفقان کو نافع ہے اور طحال کے ورم و سختی کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیرہم)
۲۲۵ سونٹھ	.	زنجبیل	غباری	تیز و تیز بو	ایک گھاس کی جڑ ہے چوڑی گرہ دار مشہور	گرم ۳ خشک ۲	حلق	شہد و روغن بادام	دار فلفل	۲ ماشہ	قوت حافظہ و باصرہ اور معدہ و جگر کو قوت بخشتی ہے اور جگر کا سدہ کھولتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور ریاح تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور ڈکار ہے انلا ملا کر نکالتی ہے اور طبیعت کو نرم کرتی ہے اور فالج اور سردی کے کل درد دن کو اسکا دھوئیں نہایت مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور بلغمی پیاس کو تسکین دیتی ہے اور خولنجان اور پستہ مساوی کے ساتھ باہ کے لیے مجرب ہے اور مسہل ہے اور پیاس کو مانع ہے
۲۲۶ سونف	بادیان و رازیانہ	رازیانج	زرد سبزی مائل	قدرے شیریں و تیز و تیز بو	ایک گھاس کا بیج مشہور ہے	گرم ۲ خشک ۱	گرم مزاج والوں کو	صندل و کافور ناخورد سکنی	تخم کرفس	۹ ماشہ	حبس البخاری اور جگر و طحال و گردہ و مثانہ کے سدہ کھولتی ہے اور ریاح اور درد کو تسکین دیتی ہے اور بینائی و معدہ کو قوت بخشتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور بخار اور ابخرہ و چڑھنے کو مانع ہے اور پیشاب لاتی ہے اور ہمراہ سکنجبین کے پرانے بخار کو نافع ہے اور مادہ کو پختہ کرتی ہے اور دود ہ پیدا کرتی ہے اور قولنج اور دستوں اور کھانسی کو مفید ہے۔ (غیرہم)

اردو	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار	افعال وخواص
سونف کی جڑ	بیخ بادیان	اصل الرازیانج	زرد	شیرین و تیز	مشہور ہے	گرم خشک	گرم مزاج والوں کو	کتیرا و صندل	بیخ کرفس	۲ ماشہ	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی اور ریاح کو صاف کرتی ہے اور بانسہ(?) ہے اور پیشاب لاتی ہے اور حیض بھی جاری کرتی ہے اور درد بدن کو تسکین دیتی ہے اور گھولتی مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے اور قولنج اور ریاد(?) ڈیڑہ کے درد کو نافع ہے اور شہد کے ساتھ اسکا لیپ دیوانے کتے کے کاٹے کو مفید و مجرب ہے۔ (غیرمی)
سویہ	شوت	شبت	سبز و خوشبودار	تیز و تلخ	ایک ساگ مشہور ہے چھکے پتے چھوٹے دباریک اور پھول چتر دار ہوتا ہے	گرم خشک ۲ و بنزد بعضے خشک ۱	دماغ کو ضعیف کرتا اور تشنہ پیدا کرتا ہے	ترشی و سکنجبین	تخم سویہ	·	ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے اور سدہ توڑتا ہے اور ہاضم ہے اور پیچش کو تسکین دیتا ہے اور سردی کے درد دن(?) اور خشک کھانسی کو مفید ہے اور مثانہ وگردہ کی پتھری توڑتا ہے اور قولنج کو نافع ہے اور معدہ سے لسدار(?) خلط کو چھانٹ نکالتا ہے۔ (غیرمی)
سویہ کے بیج	تخم شوت	بزر الشبت	سبزی مائل	تیز و قدرے تلخ	سولف سے چھوٹے بیج ہیں	گرم خشک ۲	پیٹ کو ضرر کرتے ہیں اور بینائی و گرم مزاج کو	ترشی و شہد	سولف	۲ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتے ہیں اور پیشاب وحیض و دودھ خوب جاری کرتے ہیں اور اکثر امراض رحم میں مفید ہیں اور مثانہ اور انثیین کی اکثر بیماریوں میں نافع ہیں اور ہچکی اور کمر وطحال کے درد کو مفید ہے۔ (غیرمی)
سہاگہ	تنکار	·	سفید	شور و تیز	ایک معدنی چیز ہے دو قسم کا ہوتا ہے چوکیا و ستاری	گرم خشک ۳	اعضائے رئیسہ کو	صمغ عربی و سرکہ	بورۂ ارمنی	۱ ماشہ	لطیف ہے اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور بواسیر کے مسے کاٹ کے گرا دیتا ہے اور بدگوشت کو کاٹ بہاتا ہے اور بریان کیا ہوا معدہ کے درد کو وقبض شکم کو نافع ہے۔ (غیرمی)

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
۲۹۵ سیپ	گوش ماہی	صدف	سفید براق	پھیکا	سیپ مراد ایا کرنزدیک مروارید ہے	سرد ۱ خشک ۲	جگر و سینہ کو	مناسب کہربا و شہد شمسی	ستاں گرکہربی و کہربائے	۳ ماشہ	روح کو لطیف کرتی ہے اور دست وخون بہنے اور نکسیر کو بند کر دیتی ہے اور جلی ہوئی جلا کرتی ہے اور خفقان قلب کو دفع کرتی ہے اور بالخاصہ مسوڑوں کو قوی کرتی اور دانتوں کو جلا دیتی ہے اور اسکا سرمہ اکثر آنکھوں کے امراض کو نافع ہے۔ (فیرسی)
۲۹۶ سینھد	انزنس نگے	قصب	زرد و سنہری	پھیکا	نرکل کی قسم سی ہرا اندر سے کھوکھلی اسکی پتی بتاوں ہے	سرد خشک	سر کو	سپید کتیرا	.	.	اسکی جڑ جلا کرنے والی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور کنج سر اور درد کو مفید ہے اور اسکے جلے ہوئے کا منجن دانتوں کو جلا دیتا اور مضبوط کرتا ہے اور مسوڑوں سے خون بہنے کو بند کرتا ہے اور جلے ہوئے کا لیپ خشک و تر کھجلی اور پیپ دار زخموں کو مفید ہے اور ہمراہ نمک کے جلے ہوئے کی چٹکی کھانسی کو مفید ہے۔ (فیرسی)
۲۹۷ سیسہ	سرب	رصاص الاسود	سیاہ	کسیلا و خشک	فلزات معدنی کی قسم سے ہے مشہور	سرد تر ۲	.	.	.	.	قابض ہے اور مواد کو پختہ کرتا ہے اور اسکا روغن گل میں حل کرکے طلا سوزش پستان ملین کو تسکین دیتا ہے اور اسکے کشتہ کا سرمہ جالے اور ماندے اور آشوب چشم کو شل کشتہ بچنے کے مفید ہے۔ (فیرسی)
۲۹۸ سیندور	.	اسرنج	سرخ	بدمزہ و بدبودار	ایک پسی ہوئی سرخ چیز ہے قلعی اور سفیدہ سے تجربہ بناتے ہیں	سرد ۲ خشک ۳	قاتل ہے	شدید باہ خوب جرب	سنگ مرغا	سم قاتل ہے	ورم اور پھوڑے کو تحلیل کرتا ہے اور زخموں کو جلا دیتا ہے اور زخموں کو مواد سے پاک کرکے گوشت بھر لاتا ہے اور زخم کی بدبو کو دفع کرتا ہے اور داد و کھجلی تر کے لیے مجرب ہے ہمراہ دھوئے گھی کے۔ (کھایا نہیں جاتا)

[illegible]	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	[illegible]	افعال و خواص
سیاہ دہ	.	زقوم شام	سبز و سفید	خوب تلخ	ایک درخت بڑا اور خوب خاردار اور شیردار ہے اکثر بنگالہ میں ہوتا ہے	گرم خشک ۳	مثل شیر آک کے مضر ہے چھالا دیتا اور کھا جاتا	تازہ دودھ	تھوہر	.	دست آور ہے اور فساد باد و بلغم کو دفع کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور جلندر اور کوڑھ اور بدن کی زردی کو دفع کرتا ہے اور مثانہ کی پتھری توڑ ڈالتا ہے۔ (قریب سم ہے)
سینگھ	سرون و شاخ	قرن و نفاج	سفید و سیاہ و زرد	پھیکا و تلخ	اکثر چوپایوں کے سر پر دو نیا یا ہوتی ہیں	گرم ۱ خشک ۲	.	سداب	کھر	۱ ماشہ	خشکی لاتا ہے اور جلا یا ہوا خون بہنے کو بند کرتا ہے اور اکثر دواؤں میں شامل کر کے زبان لیتے باہ کو طاقت مستعمل ہے اور دوات الجنب کو لگانے اور ہمراہ کالی مرچ کے پلانے مفید ہے اور جلا ہوا درد سر کے لیے مجرب ہے (غیر سمی دھونے سم میں)
سیمبل کا موسلہ	.	.	سفید و بھورا	قدرے تلخ و لیس دار	ایک ہندی درخت ہے جسکے پھل میں سے روئی نکلتی ہے اسکی جڑ ہے	گرم تر ساتھ رطوبت فضلیہ کے	ریاح پیدا کرتا ہے	.	ستاور	تولہ	باہ زیادہ کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور فساد خون و جذام پیدا کرنے کو دفع کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور حاصل حرارت پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی)
سیم	.	غلاف النول	سبز و سفید	قدرے کسیلا	ایک بیل کی پھلیاں ہیں قسم ترکاری سے مشہور	سرد خشک ۱	نفاخ اور دیر ہضم ہے	گوشت و گرم مصالحہ	.	.	فساد باد و بلغم کو دفع کرتی ہے اور صفرا کے فساد کو بھی دفع کرتی ہے اور اسکا گوشت کے ساتھ پکانا لذیذ کر دیتا ہے اور اکثر امراض جلدی اور وبائی کو نافع ہے اور اسکے پتے کا رانگ دار پر لگانا مفید ہے مجرب ہے۔ اور اسکے پتے گڑ دے تیل میں جلا کے اور لوہے کے برتن میں حل کر کے لگانا گنج و ناسور کو مفید ہے۔ (غیر سمی)
سیم [illegible]	.	فول	سبز و سفید و سرخ	پھیکا	مشہور ہے	سرد خشک	نفاخ اور دیر ہضم ہے	گوشت و گرم مصالحہ	.	.	فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہے اور معدہ و باہ کو قوی کرتا ہے اور اسکے میدہ کا حلوا باہ کو زیادہ کرتا ہے اور اسکی خشک پھلی خون بہنے اور نکسیر کو بند کر دیتی ہے۔ (غیر سمی)

ہندی نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
سیوتی .	گل نسرین	ورد صینی و نسرین	سفید	پھیکا خوشبودار	ایک پھول مشہور ہے	گرم ۲ خشک ۱	دماغ کو	کافور	چنبیلی	۳ ماشہ تا ۵ ماشہ	لطافت بخشتے ہیں اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور سینہ کو پاک کرتے ہیں اور سینہ کے ورم و حلق کے درد و ورم کو مفید ہیں اور دل و دماغ و جگر کو قوت بخشتے ہیں اور سر کو گرم کرتے ہیں اور حیض کو جاری کرتے ہیں اور بلغم و سودا کو براہ دست نکالتے ہیں - اور انکا سونگھنا اعضاے رئیسہ کو قوت دیتا ہے - (غیرسی)
باب الشین المعجمہ											اور اسمین ۱۰ - دوائیان ہین -
[illegible]	شاہدانہ وشادانہ	شاہ بنج وحب الدم	رنگ برنگ	پھیکا	چھوٹے چھوٹے کنکر کے دانے ہوتے ہیں مانند مسور کے	مسول سرد خشک ۲ وغیر مغسول گرم و خشک ۲	مثانہ اور معدہ کو	کتیرا اور زرشک	سوت [illegible] عضائیں	۱ ماشہ	خشکی کرتا ہے اور قابض ہے اور مواد کو پکاتا ہے اور لطیف ہے اور زخم کو بھر لاتا ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے اور عقل کو تیز کرتا ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو نافع ہے اور خون کو روکتا ہے اور شقاق مقعد کو مفید ہے - (غیرسی)
شال و شاون	.	.	سبز	تلخ	ایک ہندوستانی بڑا درخت ہے	گرم	.	.	.	.	تپ اور سانس کی تنگی اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہے اور منی کو روکتا ہے اور دستون کو بند کرتا ہے اور باہ زیادہ کرتا ہے اور خشکی کو نافع ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور پرانے پرانے بخارون کو اور دہ رمون کو مفید ہے - (غیرسی)
[illegible]	سپند شاہ	.	زرد و بھورا	قدرے ترش	ایک دانہ مشہور ہے قسم میوہ سے	گرم خشک ۲	پیدا کرتا ہے اور کرب لاتا ہے	آلوبخارا	جلاپا	۱ ماشہ	بڑا دست آور ہے اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کو نکالتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے - (غیرسی)

نمبر شمار	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۴۰۳	۰	شبرم	سبز و سرخ	قدرے تلخ	ایک گھاس ہے گرد اگرد مثل نیزے کے اسمین سے دودھ نکلتا ہوا اور تر اہا بچھ کر رہتے ہین	گرم ۳ خشک ۲	معدہ و جگر کو	سکہ وگاؤ وا گھی	مازریون	۲ ماشہ	بلغم اور سودا کو دستون کی راہ بہاتا ہے اور ہر خلط کو اندر بدن سے کھینچ کے پیشاب کی راہ بہا دیتا ہے لہذا اسکے استعمال مین احتیاط شرط ہے۔ (غیر سمی الا ۲ درم قاتل ہے)
۴۰۴	شب بوے	خیری صحرائی	سفید و زرد و اودہ	پھیکا و تلخ	ایک خوشبودار پھول ہے اور اسکی ماہیت مین اختلاف ہے	گرم خشک ۲	قابض ہے اور درد سر لاتا ہے	روغن بادام وسرکہ اور روغن گل	نرگس	۴ ماشہ	ورم ورياح کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور جلا کرتا ہے اور اخراج فضول رطوبت ہے اور ہچکی کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب حیض کو جاری کرتا ہے اور مرے ہوئے بچے کو مع جھلی کے نکالتا ہے اور اگر کھجائے جائے تو اسکا لیپ مفید ہے اور اسکا سونگھنا بلغم اور غلیظ ریاح کو دماغ سے تحلیل کرتا ہے اور اسکا تیل سرد مزاج والے کے دماغ کو قوت دیتا ہے اور پاک کرتا ہے۔ (غیر سمی)
۴۰۵ شریفہ و سیتاپھل	۰	۰	باہر سبز و سفید و اندر سفید	شیرین	ایک پھل ہندی اور بہاری پوست سیدھے میخیکے اور میان کو دان سے ہوتے ہین	گرم تر ساتھ رطوبت فضلیہ کے	نفاخ اور بیضم ہے اور بخار پیدا کرتا	ترشی	۰	۰	طبیعت کو نرم کرتا ہے اور خون بلغمی لسدار اور سوداوی پیدا کرتا ہے اور گرمی کرتا ہے اور معدہ کو فاسد و گرم کر دیتا ہے اور منی پیدا کرتا ہے اور باہ و دل کو قوت دیتا ہے اور خفقان کو نافع ہے اور اسکے بیج پیٹ کے کیڑے مارتے ہین اور ہمراہ میٹھے کے اسکا لیپ داد کو مفید ہے۔ (غیر سمی)
۴۰۶	۰	انکاهی	زرد	تلخ	ایک درخت کی بالمل ہین جسکا پھل ...	گرم ۱ خشک ۲	پھیپھڑے کو	صمغ عربی شہد	بادآورد	۷ ماشہ	بلغم کو لطیف القوام و الحالت کرتی ہے اور بلغمی سدہ کھولتی ہے اور شوان پینے کو بند کر دیتی ہے اور سینہ ہے اور معدہ و جگر کی سردی کی بیماریون کو نافع ہے اور پرانے بخار کو مفید ہے اور رحم کی رطوبت بہنے کو روکتی ہے اور فالج پینے جھولا مار جانے اور لقوہ یعنے منہ ٹیڑھا ہو جانے کو اور رعشہ و کزاز کو مفید ہے۔ (غیر سمی)

نام دوا	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
۲۸۹	شکر تیغال یا پسیان طلاوت حیوان	شکر تیغال	سفید	شیرین	ایک شبنم کا حادثہ شکل شیرہ کے اپنے اور ترشتاب اور اسمین مماغ حکمت سے ملایا جاتا ہے	گرمی اور تری مین معتدل ہے	اسکی کثرت غشی پیدا کرتی ہے	سکر و ترنجبین	مصری	۵ ماشہ	صدر کو نرم کرتی ہے اور سینہ کی گھر گھراہٹ کو نافع ہے اور اخلاط کی حدت و سوزش کو تسکین دیتی ہے اور زخم کی سوزش کو اور خشک کھانسی کو اور بانہ کے بگھر بھرانے کو نافع ہو اور گلے کی خشکی اور معدہ کے روشنگی کو دفع کرتی ہے — (دفیرسی)
۲۹۰ شکر سفید	شکر	سکر ابیض	سفید	شیرین	مشہور ہے	گرم ۲ خشک ۱	سل الرئہ کو اور گرم مزاج والون کو	آب انار و سکنجبین	قند	۳ تولہ	طبیعت اور حلق اور سینہ کو نرم کرتی ہے اور سینہ کی رطوبتون کو جلا دیتی ہے اور رگون کے اندر جلد نفوذ و سرایت کرتی ہے اور خون خوب پیدا کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے اور اسکی دھونی زکام کو دفع کرتی ہے اور دماغ کا سدہ کھولتی ہے — (دفیرسی)
۲۹۱ شکرقند	.	.	سفید و سرخ	قدرے شیرین و خوش ذائقہ	ایک جڑ بشکل آلو وغیرہ کی تازی کر جوش کرکے کی ہین	گرم تر ساتھ رطوبت فضلیہ کے	قابض و نفاخ ہے اور سدہ لاتی ہے	قند	.	.	فربہی لاتی ہے اور رگون کے تنگ پر جیک کے سدہ لاتی ہے خصوصا سینہ و قصبۃ ریہ مین اور منی پیدا کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور دماغ کو قوت بخشتی ہے اور بعضون نے باہ کو حرکت دینے والا بھی کہا ہے — (دفیرسی)
۲۹۲ شلجم	شلغم	شلجم	سفید و سرخ	قدرے شیرین و تیز	ایک جڑ ہے مشہور قسم ترکاری سے	گرم تر ۱	نفاخ اور دیر ہضم ہے	گوشت و ترشی	چقندر و گاجر	.	کثیر الغذا ہے اور کھانسی کو دفع کرتا ہے اور سینہ کو نرم کرتا ہے اور جگر کے سدہ کو کاٹتا ہے اور پیٹ کو بھی نرم کرتا ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے اور باہ لاتا ہے اور پتھری توڑتا ہے اور پیشاب خوب لاتا ہے — (دفیرسی)

[illegible]	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
شلجم کے بیج	تخم شلجم		سیاہ و سرخ	قدرے تلخ و تیز	ایک بیج ہیں برابر مولی کے بیج کے۔	گرم ۳ و تر ۱	گرم مزاجوں کے حلق کو خراش اور دردِ سر لاتا ہے		تخم گاجر	۵ ماشہ	باہ زیادہ کرتے ہیں اور بھوک خوب بڑھاتے ہیں اور پیشاب جاری کرتے ہیں اور جمیع افعال میں مثل شلجم کے بلکہ اُن سے قوی تر ہیں۔ (غیر سمی)
[illegible]	[illegible]	بقس	پتوں سبز پھول سفید بیج سیاہ	قدرے تلخ	ایک درخت ہے جسکے پتے برابر انار کے ہوتے ہیں	گرم خشک ۲	.	.	.	۳ ماشہ تا ۵ ماشہ	اسکے پتوں کا لیپ ساتھ مہندی کے سر پر بالوں کو قوت دیتا ہے اور دردِ سر کو دفع کرتا ہے اور اسکے پتوں کی جوشاندہ کی دھار کانچ نکلنے کو مفید ہے اور اسکے بیج قابض ہیں اور معدہ و آنتوں کی رطوبت کو خشک کرتے ہیں اور منہ کے پھپھولے پکنے کو روکتے ہیں اور اسکے پھول کا عرق دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور حدت صفرا کو تسکین دیتا ہے۔ (غیر سمی)
شورہ	شورہ	البقر	سفید	شور و خشک	مشہور چیز ہے	گرم خشک ۳	گردہ و مثانہ کو	کتیرا و شہد	ایک انداز	۱ ماشہ	سدہ کھولتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ردی مواد بدن کو بھی چھانٹتا ہے اور دست آور ہے بنایت حدت و تیزی کے ساتھ اور قوی تر نمک سے ہے اور ہمراہ شکر کے پیشاب و حیض خوب لاتا ہے اور کھال اور درد کمر اور قولنج ریاحی کو بھی مفید ہے اور ہمراہ کیلہ کے تین روز متواتر ایک ماشہ کھانا ورم طحال کو نافع ہے تجربہ کیا ہوا ہے۔ (ترسیلیم)
[illegible]	[illegible]	توکران	سیاہ سی	تلخ و تیز	جڑ ایک گھاس کی ہے جسکے پھول [illegible] [illegible] [illegible]	سرد ۳ خشک ۲	ہلاک کرتا ہے	قے کرنا		کھاتے نہیں [illegible] ۲ ماشہ	اعضا کو سست و ڈھیلا کرتی ہے اور سکون دیتی ہے اور نیند لاتی ہے اور اسکا لیپ گرمی کے دردوں اور ورموں پر مثل نملہ اور سرخ بادہ و آتشک کے مفید ہے اور اسکے پتوں و بیج کا لیپ پستان کو دراز و بلند نہیں ہونے دیتا ہے۔ (غیر سمی)

ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
شہد	شہد	عسل	زرد و سفید و سرخ	نہایت شیرین	ایک قسم کی مکھیون کا جو اگلتے ہیں کف مشہور ہے	گرم ۲ خشک ۱	دماغ کو اور گرم مزاج والیکو اور دردسر لاتا ہی	انار و سرکہ و دھنیا	روغن انگوری و خرماے جید	۳ تولہ	جلا کرتا ہے اور سدون کو کھولتا ہے اور لیسدار بلغم کو چھانٹتا ہے اور رطوبت ردی کو رفع کرتا ہے اور جلندر اور استسقا اور ہر قسم کے ریاح کو زائل کرتا ہے اور پیشاب و حیض و درد دہ کو خوب جاری کرتا ہے اور مثانہ و گردہ کی پتھری توڑتا ہے اور معدہ و جگر کو قوت بخشتا ہے اور صدر و سینہ کو پاک کرتا ہے اور جالینوس کے نزدیک سرد بیماریون کے لیے اس سے بہتر کچھ چیز نہیں ہے اور اگر شہد مین چند قطرہ پانی اور رمق بھر نمک شور ملا کے کان مین ڈالین کان بھنبھنانے اور سمد سمانے کو یعنے دوسی بلنین کو بہت مفید ہے تجربہ کیا گیا ہے۔ (غیر سمی بلکہ محض شفا)
شیرخشت	شیرخشت	شیرخشت	سفید	شیرین	ایک ولایتی درخت کا گوند ہے جو شبنم پڑنے سے سفید و شیرین ہو جاتا ہے اور اسکو شبنم خشک کہتے ہیں	گرم ۱ و معتدل	ریاح اور قراقر اور تقیح پیدا کرتی ہے	سونف و روغن بادام	ترنجبین	۵ تولہ	جلا کرتی ہے اور طبیعت کو نرم کرتی ہے اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کو اور خاصکر صفرا کو براہ دست نکالتی ہے اور جگر و معدہ کو قوت بخشتی ہے اور دل و معدہ و جگر کی گرمی کو تسکین دیتی ہے اور کھانسی اور حلق و سینہ کے کھرکھرانے کو مفید ہے اور اکثر بخارون کو بھی نافع ہے اور منی کو پتلا کر دیتی ہے۔ (غیر سمی)
شیشم	.	ساسم	چوب سرخ	قدرے تلخ	ایک بڑا درخت ہے جنگلی لکڑی بہت بھاری اور پرکار ہوتی ہی اور ہندوستان وغیرہ بہتیرے مین	گرم خشک	.	.	.	۷ ماشہ	خون کو صاف کرتا ہے اور کوڑھ و سفید داغ کو دفع کرتا ہے اور اکثر امراض جلدی کو اور دانتون اور پھوڑون کو مفید ہے اور اعضا کی سوزش اور آتشک کو نافع ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور اسکی بالیان منہ آنے کو ہمراہ کتھے کے مفید ہین (غیر سمی)

نام دوا	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
					باب الصاد والمہملہ						اور اسمین ۲ دوائیان ہین
۵۲۳ صابون	صابون	صابن	سفید و زرد	شور	ایک چیز ہے میل کاٹنے کے لیے سجی اور چونا اور تیل وچربی سے بناتے ہین	گرم خشک ۲	قاتل ہے	شوربا کے تر و روغن بادام	نوزہ و اشنان	کھایا نہین جاتا لیپ و حقنہ	ورمون کو نرم کرتا ہے اور پکاتا ہے اور گوشت وغیرہ کو گلا جاتا ہے اور جلا کرتا ہے اور قرحہ کو موقوف کرتا ہے اور حمل رہنے کو منع کرتا ہے اور شیشہ سے بچہ کو گرا دیتا ہے اور اسکا فتیلہ ترکیا ہوا فرج مین رکھنا حیض جاری کرتا ہے اور اسکا شافہ قولنج اور کدو دانے یعنے پیٹ کے کیڑے کو مفید ہے اور اسکا لیپ ہمراہ مہندی کے زانو کے درد اور عرق النسا یعنے ران کے درد اور چہرے کی سیاہی اور چھائین کو منع کرتا ہے اور داد اور جوڑون کے درد و گٹھیا کو مفید ہے اور جلد وچہرہ پر کے داغ مٹاتا ہے۔ (سم قاتل ہے)
۵۲۴	.	صنوبر	سبز	تلخ	ایک بہت خوشنما درخت ہے قسم سرو سے جسکے پھل چھوٹے اور بڑے بھی ہوتے ہین	گرم ۳ خشک ۲	گرم مزاج والکو اور جگر اور آنتوں کی اینٹھن کو	کتیرا اور روغن کنجد و گرم پانی	.	۱ ماشہ	اسکے پتے و چھال پینا گلے کے درد اور پھیپھڑے کے زخم کو نافع ہے اور نکسیر اور زخم سے خون کو بند کرتا ہے اگر تازہ زخم ہو اور شہد کے ہمراہ جگر کی بیماریون اور ورم و مخالفت جگر کو مفید ہے اور خشک صرف سرد پانی کے ہمراہ دستون کو بند کرتا اور پیٹ کو گنگ کرتا ہے اور اسکی چنگی خشک چھڑکنا ضرب سے زخم کو جلد بھر لاتا ہے اور ذکر اسکی دھونی لینا بچہ کو مع جھلی گرا دیتا ہے اور حیض جاری کرتا ہے۔ (غیر سمی)
					باب الطاء المہملہ						اور اسمین ایک دوائی ہے

نام دوا	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
طالیسفر	۰	زرد و سرخی مائل در کن سیاہ		کسیلا و تیز	ایک درخت کا نہایت باریک پتا ہے جسکی پیشاب و زعفران سے سوکھی مشہور لڑکیکا ایک چھال ہے	گرم خشک ۲	سینے کو	شہد	زیرہ	۳ ماشہ	تقویہ معدہ و فالج اور رحم سے خون آنے کو اور خون بہنے کو مفید ہے اور اکثر اعضائے رطوبت بہنے کو اور دست آنے کو اور بواسیر کو مفید ہے اور انتون کے زخم کے لیے نافع ہے اور اسکے جوشاندہ کی کلی ہمراہ سرکہ کے دانتون کے درد کو نافع ہے اور اسکا منجن رکھنا منہ آنے کو کہ سفید ہو مفید ہے۔ (وغیرہ)
باب العین المہملہ											اور اسمین ۱۰ دوائیان ہین
عباسی کا پھول	گل عباسی	۰	سرخ و زرد و سفید	پھیکا و قدرے تلخ	ایک گھاس کا پھول ہے جسکا پیڑ گز بھر کا ہوتا ہے اور بیچ چھوٹے	پھول گرم خشک ۱ درجے سرد تر اور جڑ گرم تر	۰	۰	۰	۰	اسکے پتے پھوڑے و پھنسی کو پکاتے ہین اور نمک کے ہمراہ داد کو مفید ہین اور اسکے بیج قابض ہین اور اسکا پھول باہ لاتا ہے اور اسکی جڑ منی کو گاڑھا کرتی ہے اور ذکر کی ایستادگی خوب لاتی ہے اور خون کو صاف کرتی ہے اور کمر کے درد کو نافع ہے۔ (وغیرہ)
[illegible]	۰	عشبہ مغربیہ	ظاہر سرخ اندر سفید	قدرے تلخ	ایک مغربی گھاس کی شاخیں ہین خوشبودار	گرم ۲ خشک ۳	جوان اور گرم مزاج والے کو	روغن بادام	چوب چینی	۶ ماشہ	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ منی کو پتلا کرتا ہے اور طبیعت کو لطیف کرتا ہے اور پسینہ اور پیشاب جاری کرتا ہے اور اکثر سرد و تر بیماریون مانند کواور سینہ و معدہ و جگر کی بیماریون کو اور گردہ و مثانہ و رحم کی بیماریون کو مفید ہے اور ہر خلط کو راہ راست نکالتا ہے اور جلدی بیماریون اور گوڑھ کو نافع ہے اور گٹھیا کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ (وغیرہ)

نام دوا	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
عشق پیچہ	[illegible]	لبلاب	پتے سبز پھول سرخ	تلخ	ایک گھاس کی بیل ہے کہ درختوں پر چڑھتی ہے پتے و پھول باریک	گرم خشک ۲	معدہ اور خانہ کو	قند و املی	شاہترہ و تلخی و بیاری	۳ ماشہ	سدہ کھولتا ہے اور طبیعت اور ورم کو نرم کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور صفرا کو براہ دست نکالتا ہے اور اسکالیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے اور شہد کے ہمراہ اسکا شربت درد سر کو نافع ہے اور اسکالیپ کرکو دور کرتا ہے۔ (غیرسمی)
عصارۂ ریون	.	عصارۂ ریون	زرد	تلخ	ریوند کی جڑ کا رب خشک کیا ہوا ہوتا ہے	گرم خشک ۲	انتون اور مقعد کو	روغن بادام و روغن گل	.	۱ ماشہ تا ۲ ماشہ	بلغم وخلطون کو براہ دست خارج کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور پیٹ سے کیڑون کو نکالتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور لقوہ و فالج واستسقا و تشنج امتلائی کو اور دمے اور کھانسی بلغمی کو اور جنون کو مفید ہے اور اگر کسی مسہل مین دست نہ آوین تو ایک ماشہ بھر دودھ مین ملا کے دیدین فوراً دست آوینگے۔ (غیرسمی)
[illegible]	(رب السوس)	عصارۂ [illegible]	سیاہ	تلخ	ملٹھی کا عصارہ یعنی جوش کیا ہوا اور خشک کیا ہوا	گرم خشک ۲	گردہ کو	کتیرا	سوس	۲ ماشہ	سینے اور حلق کے کھرکھرانے اور سینہ کی خشکی و کھرکھرانے کو اور معدہ کی سوزش اور پیاس کو اور خشک و کھانسی کو اور کھانسی کو اور منہ سے خون آنے کو اور خون بہنے کو مفید ہے اور دست آور دوائیون اور خراش کرنے والی دوائیون کے ضرر کو دفع کرتا ہے۔ (غیرسمی)
عقیق	یمنی	عقیق	سفید سرخ براق و نیلا و زرد	پھیکا	ایک رنگین اور چمکدار پتھر ہے مشہور	سرد خشک	گردہ اور حلق کو	کتیرا اور تخم کدو	بسد و کہربا	۱ ماشہ	دل کو قوت بخشتا ہے اور خفقان کو مفید ہے اور منہ سے خون آنے کو اور خون بہنے کو اور خاصکر خون حیض کو بند کرتا ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے اور اسکا نگینہ پاس رکھنا غضب و غصہ کی حدت و تیزی کو تسکین دیتا ہے اور خفقان اور غم کو دفع کرتا ہے۔ (غیرسمی)

ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال و خواص
عناب	جیلان و سیلان	عناب	سرخ	شیریں	ایک پھل ہے جو بیر کے مشابہ ہوتا ہے	سرد ۱- ۱	سوء ہضم کو اور نفاخ ہے اور باہ کو ضعیف کرتا	شکر و منقیٰ	سپستان و مویز منقیٰ	۱۰ عدد یا ۱۵ عدد	گاڑھے گاڑھے خلطوں کو نرم اور معتدل القوام کرتا ہے اور صفرا اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور کل خلطوں کو دستوں کی راہ نکالتا ہے اور سینہ و حلق کے کھرکھرانے اور آواز کے بھربھرانے کو دفع کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور سوزش و پیاس کو تسکین دیتا ہے اور خون کو لطیف کرتا ہے اور خشک کھانسی و دمہ و سل کو نافع ہے اور جگر و صدر و جگر کے درد کو مفید ہے۔ (دیفیرسی)
عنبر	•	[illegible]	سیاہ و چکنا	تلخ و نہایت خوشبودار	بعضوں کے نزدیک ایک درخت کا گوند ہے اور بعضوں کے نزدیک ایک دریائی جانور کا گوبر ہے	گرم ۲ خشک ۱	آنتوں کو اور بچوں [illegible] کا نور ہے	صمغ عربی و کافور	مشک و زعفران	۲ رتی	روح کو شگفتہ کرتا ہے اور تینوں قوتوں کو قوی کرتا ہے اور طبیعت کو فرحت بخشتا ہے اور اصلی حرارت اور حواس ظاہری و باطنی کو قوی کرتا ہے اور بڈھوں کے بہت ہی موافق ہے اور دماغی امراض اور قلبی بیماریوں کو اور جگری بیماریوں کو بہت مفید ہے اور خفقان و وبا کو دفع کرتا ہے اور سدے کھولتا ہے اور قوت باہ لاتا ہے اور ذکر پر اس کا ملنا باہ زیادہ کرتا ہے اور لذت بخشتا ہے۔ (دیفیرسی)
[illegible]	عنبر بید	جعدہ	بیرونی سبز و سیاہ پھول سفید	تلخ و خوشبودار تیز	ایک گھاس ہے اکثر [illegible] جنگل [illegible]	گرم ۳ خشک ۲	سر درد لاتا ہے اور معدہ کو مضر ہے	کشنیز	[illegible]	۳ ماشہ	قوت تریاقیہ رکھتا ہے اور دست آور ہے اور کل اعضا کے سدے کھولتا ہے اور اخلاط کو لطیف کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور ذہن کو قوی کرتا ہے اور بچھو کے زہر کی مارک ہے۔ (دیفیرسی)
•	•	حلبہ [illegible]	باہر سے سرخ اندر زرد	تلخ و کسیلا	ایک حملہ [illegible] بادام کے جیسے [illegible] اختلاف ہے	گرم خشک ۲	معدہ کو	کتیرا	غاریقون و افسنتین	۳ ماشہ	نقرس اور درد معدہ و گردہ و مثانہ کو مفید ہے اور درد رحم اور یرقان اور مرگی اور کابوس کو نافع ہے اور پتھری توڑتا ہے اور فالج بے اور خشکی کرتا ہے اور پیشاب و حیض کو جاری کرتا ہے اور دل کو قوت بخشتا ہے اور خون بہنے کو بند کر دیتا ہے۔ (دیفیرسی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
باب الغين المعجمة											اور اسمین چار دوائیان ہین
غار	٠	غار	دانہ سرخ و بھورا	تلخ و تیز و خوشبودار	ایک درخت ملک شام کی طرف ہوتا ہے اور اسکی بہت حرارت کم کرتے ہین اور اسکی عمر ہزار برس کی ہوتی ہے	گرم خشک ۳	جگر کو	رب انگور کتیرا بنسلوچن	کلونجی	۲ ماشہ	اسکے دانے ورم و ریاح کو تحلیل کرتے ہین اور طبیعت کو لطیف کرتے ہین اور درد گردہ و رحم اور بچھو کے کاٹے کو مفید ہے اور پیشاب حیض خوب لاتا ہے اور پینے کی چیزون کے زہرون کا مارک ہے اور بچہ کو شکم مین مار ڈالتا ہے اور دمہ و انس اور دمے اور کھانسی اور جگر و شانہ کی بیماریون کو نافع ہے اور پتھری کو توڑتا ہے۔ (غیر سمی)
غاریقون	پادشاہان	غاریقون	سفید	تلخ	ایک چیز ہے کہ انجیر کے درخت مین سے پاتے ہین پوسیدہ	گرم ۱ خشک ۲	کرب اور خناق پیدا کرتا ہے	دودہ اور جند بیدستر	تربد و شحم حنظل	۲ ماشہ	بلغم و سودا و صفرا کو دستون کی راہ نکالتی ہے اور طبیعت کو لطیف کرتی ہے اور گاڑھے خلطون کو بھی پتلا و لطیف کرتی ہے اور ابھرے ہوئے مواد کو چھانٹتی ہے اور ریاح اور ورم اور قولنج کو تحلیل کرتی ہے اور پیشاب حیض جاری کرتی ہے اور پٹھون و دل و دماغ کو قوت بخشتی ہے اور اکثر زہرون کی مارک ہے اور بلغمی بخارون کو نافع ہے اور پی جالی جائز نہین۔ (غیر سمی اور اسمین ایک چیز مثل ناخون کے ہے وہ سم قاتل ہے)
غافث	٠	غافث	ادودہ سیاہی مائل	نہایت تلخ	ایک گھاس ہے جسکے پتے دراز اور لانبے اور اسکی کھری کھری ہوتی ہین اور کانٹے دار	گرم ۱ خشک ۲	طحال کو	انیسون و دورو	اوسارون و افسنتین	۵ ماشہ تا ۷ ماشہ	خلطون اور طبیعت کو لطیف کرتی ہے اور مادہ کو چھانٹتی ہے اور جلا کرتی ہے اور رطوبت کو جذب کرتی ہے اور جگر و طحال کا سدہ کھولتی ہے اور بدن کو مرکب بخارون سے پاک کرتی ہے اور کہنہ بخارون کو چھانٹتی ہے اور جلے ہوئے کو مفید ہے اور جلندر و ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور پیشاب حیض جاری کرتی ہے اور دودہ بھی جاری کرتی ہے اور اسکا چوا ہر طرح اس سے قوی ہے۔ (غیر سمی)

نمبر شمار	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار خوراک	افعال وخواص
۱۴۷	•	غالیون	پھول زرد	تلخ و تیز خوشبودار	ایک گھاس ہے جسکی شاخیں موٹی ہوتی ہیں اکثر نالابوں کے کنارہ ہوتی ہے	گرم ۱ خشک ۲	جگر و طحال کو	افسنتین	عافث	•	خون کے بہنے کو بند کرتی ہے اور اسکے پھول کا لیپ آگ کے جلے ہوئے کو مفید ہے اور زخموں کے خون وپیپ بہنے کو نافع ہے اور سوم روغن یا روغن گل کے ہمراہ شدت کے درد کو نافع ہے اور اسکی جڑ باہ کو خوب حرکت دیتی ہے تجربہ کیا گیا ہے۔ (غیرمی)
						باب الفا					اور اسمین چار دوا بیان ہیں
۱۴۸	فرفیون و خوبوں	لبین بنفشہ دوا فرکا اطفال	سپیدا زردی مائل	تلخ و تیز	ایک گھاس کا دودھ ہے کہ اکثر بیابان میں پیدا ہوتا ہے جیسا ہلال لاتے ہیں	گرم خشک ۳	گرم مزاج والے کو اور اعصاب کو	مصطگی اور صمغ عربی دردشقیقہ	جند بیدستر • مازریون	۳ رتی	جلا کرتا ہے اور لطافت کرتا ہے اور بلغم کو دستون کی راہ نکالتا ہے اور بیجون سے بلغمی فضول کو دفع کرتا ہے اور پاک کرتا ہے اور لقوہ وفالج واسترخا اور رعشہ اور خدر اور مرگی اور سکتہ اور کابوس اور جلندر اور قولنج کو نافع ہے اور حیض جاری کرتا ہے اور لڑکی کے دودھ میں گھس کے اسکا ناک میں سڑکنا بالخاصہ لقوہ کو مفید ہے۔ (ذخیرہ)
۱۴۹	فندق	بندق	باہر بھورا اندر سفید درزرد	شیرین و چکنا	ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے جسکی گری مغز کے تلن ساتھ کھاتے ہیں	گرم خشک ۱	معدہ کو اور ریاح پیدا کرتا ہے	سکنجبین و شکر	[illegible]	۱۰ ماشہ	باہ لاتا ہے اور آنتوں کو قوت دیتا ہے اور جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہے اور شہد کے ہمراہ کھانسی کو نافع ہے اور گردہ کے دبلے پن کو زائل کرتا ہے اور سرد نزلہ کو پکاتا ہے اور سدہ رائک کو نافع ہے اور بالخورہ کے لیے مفید ہے اور اسکا تیل سردی کی کھانسی اور سینہ وجگر و درد کو نافع ہے۔ (ذخیرہ)
۱۵۰ فیروزہ	فیروزہ	فیروزج	سبز دو آبی مہراق	پھیکا	ایک پتھر ہے جسکے نگینہ اکثر بنائے جاتے ہیں	سرد ۱ خشک ۲ •	گردہ کو	کتیرا	زمرد	۳ ماشہ	فرحت بخشتا ہے اور روح کو قوت بخشتا ہے اور روح باصرہ اور دل اور دماغ ومعدہ کو تیجی قوت دیتا ہے اور دستون وآنتون کے زخم کو دور کرتا ہے اور خفقان کو مفید ہے اور گردہ کی پتھری توڑتا ہے اور آنکھوں کی بیماریوں کو نافع ہے اور اسکا گلے میں ڈالنا ولگانا بالخاصہ قوت دیتا ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور حسد وتمس کے اوپر تغندی کا باعث ہے۔ (ذخیرہ)

نمبر / ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۳۴۹ نیلکوش	نیلوفرش داؤن الفیل		سبز	تلخ و کسیلی	ایک گھاس ہے جسکا رنگ ہریا اور خشک کیا ہوا سوت ہے	گرم خشک جوہر ارضی کے ساتھ	جگر کو اور خلط غلیظ پیدا کرتا ہو	صمغ عربی	افسنتین	۳ ماشہ	لطافت بخشتی ہے اور لسدار گاڑھے خاطلون کو چھانٹتی اور نکالتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور جلا کرتی ہے اور زخمون کو ملا دیتی اور نفع کرتی ہے اور اسکا جوا آنکھ کے ماندے کو مفید ہو اور قرحہ پیدا کرتا ہے اور اسکے خوشہ کا عرق سر زکر مین ٹپکانا پیشاب لاتا ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو نافع ہے اور پتھری توڑتا ہے اور شہد کے ہمراہ اسکا لیپ باہ کو حرکت دیتا ہے۔ (غیر سمی)

باب القاف

اور اسمین چار دوائیان ہین

نمبر / ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۳۵۰ قدم	·	قدم	زرد و سفید	ترش و پھیکا	[illegible]	سرد	ثقل ہو دیر ہضم سیاہ کرتا ہو	گوشت و نرم مصالحہ	·	·	فساد بلغم اور صفرا کو دفع کرتا ہے اور خون کو گاڑھا کرتا ہے اور بالخاصہ عورتون وخواجہ سراؤن کی پستان دراز و بلند کرتا ہے اور گوشت کے ہمراہ لذیذ ہوتا ہے۔ (غیر سمی)
۳۵۱ ·	قرونا یا داوده		پھول ایفیا و بیج بھیدہ	بیج تلخ و تیز	ایک گھاس ہے مثل بابونہ کے اور بیج زیرہ کے مثل اور کالے زیرے کے	گرم خشک ۲	طحال کو	انیسون و صندل	رازیانہ	۲ ماشہ	خندہ و مسام کھولتی ہے اور لطافت بخشتی ہو اور پیشاب لاتی ہے اور پتھری توڑتی ہو اور سردی کی بیماریونکو مفید ہو اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور سینہ کو پاک کرتی ہو اور قولنج و درد ریاح کو دفع کرتی ہے اور ہچکی اور کھانسی و دمہ کو نافع ہو اور عرق النسا و فالج کو مفید ہو (غیر سمی)
۳۵۲ ·	قنطوریون صغیر		سبز پھول و سرخ	تیز و تیز بو	ایک گھاس ہے دریا کے کنارے اگتی ہے اسکے اسکے تنے کے	گرم خشک ۳	انتڑیوں کو	صمغ عربی	ریشہ خطمی صندل اور مدح	۳ ماشہ	بلغم اور لسدار خاطلون کو چھانٹتا ہے اور مادہ بلغمی کو دستون کی راہ نکالتا ہو اور مادہ صفراوی کو بھی براہ دست نکالتا ہے اور ورم و سختی کو تحلیل کرتا ہے اور جگر کا سدہ کھولتا ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہے۔ (غیر سمی)

نمبر نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
[illegible]	•	[illegible]	سبز	قدرے ترش و تیز و تلخ	ایک گھاس ہے جنگل کی ایسی جیسے پودینہ	گرم ۲ خشک ۲	دماغ سر کو	سبع عربی و انیسون	سعد سنبل [illegible]	۳ ماشہ	پیشاب و حیض لاتا ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور قابض ہے اور جلا کرتا ہے اور دماغ کو پاک کرتا ہے اور جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہے اور بلغمی قولنج کو نافع ہے (غیرسمی)
باب الکاف تازی											اور اسمیں ۱۰۰-۱۰۰ دوائیاں ہیں
کاجل	دودھ	•	خوب سیاہ	پھیکا	چراغ کی بتی کا دھواں جما یا جاتا ہے	گرم خشک ۱	حلق و پھیپھڑے کو	•	سرمہ	•	آنکھ کی سبل اور ناخونہ کو خوب چھانٹتا ہے اور آنکھ روشنائی کو قوت بخشتا ہے اور ہمراہ گوند کے آگ کے جلے ہوئے کو نافع ہے اور اسکا رنگا ہوا کپڑا آفتاب کی حرارت کو جذب کرتا ہے (غیرسمی)
کاسنی سبز	کاسنی	ہندبا	سبز	قدرے تلخ	ایک گھاس ہے مشہور	سرد تر ۱	کھانسی والے کو	شربت بنفشہ	شاہترہ	۵ تولہ	سدے و مسام کھولتی ہے اور گرمی و تیزی صفرا و خون کو اور پیاس کو تسکین دیتی ہے اور اسکا پھاڑا ہوا رنگ کا اور جگر و طحال کے سدہ کو بہت مفید ہے اور گرمی والے جلندر اور گرمی کے خونی و صفراوی بخاروں کو بہت نافع ہے اور اسکے پتے پن و ہو کے ورم طبیعت کو نرم کرتے ہیں اور بہت نافع ہیں اور دہوکے ہوئے [illegible] (غیرسمی)
کاسنی کے بیج	تخم کاسنی	بزر الہندبا	مٹیالہ و سفید	پھیکا	اسکے بیج مشہور ہیں زیرہ سفید سے چھوٹے	سرد خشک ۲	طحال کو	[illegible]	تخم شاہترہ و تخم کشوث	۶ ماشہ تا ۹ ماشہ	سدے کھولتے ہیں اور پیشاب خوب لاتے ہیں اور درد سر خفقان اور جلندر اور کافور کے لیے مفید ہیں اور جگر کی گرمی اور پیاس اور بخاروں اور گردہ و طحال کے ضعف کو نافع ہیں اور منہ سے خون آنے کو نافع ہیں اور بھوک کو حرکت دیتے ہیں ۔ (غیرسمی)

اسم	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۱۵۳ کاسنی کی جڑ	بیخ کاسنی	اصل الہندبا	خیالی	پھیکا و قدرے تلخ	مشہور ہے	گرم ۱ خشک ۲	غشی لاتی ہے		سونف کی جڑ	۲ ماشہ	سدہ کھولتی اور خلطون کو لطیف کرتی ہے اور غذا کے آنے جانے کے راستون کو صاف کرتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہے اور خون کو صاف کرتی ہے اور اندرونی اعضا کے ورم کو دفع کرتی ہے اور جلد کو مفید ہے اور سودا کو تحلیل کرتی ہے اور مرکب بخارون اور پرانے بخارون کو نافع ہے اور گنٹھیا کے لیے فائدہ مند ہے اور منہ کا مزہ پھیکا پن بھراہٹ کو دفع کرتی ہے ۔ (غیر سمی)
۱۵۴ کاسنی جنگلی	کاسنی دشتی	طرخشقوق	سبز	تلخ	مثل کاسنی کے ہیں اسکے ہر کیفیت میں پتے تیز و لمبے ہوتے ہیں	گرم خشک تر و سرد خشک	.	سکنجبین	خداوند مدحرج	۳ ماشہ	سدہ کھولتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور قابض ہے اور خون بہنے کو بند کرتی ہے اور حیض جاری کرتی ہے اور اسکے بیج وجڑ بستانی کاسنی کی جڑ بیج کے افعال سے قوی تر ہیں اور کانور کے لیے نہایت نافع ہے ۔ (غیر سمی)
۱۵۵	.	کاشم	زرد و سبز	قدرے تلخ و تیز خوشبودار	ایک گھاس ہے شبیہ ساتھ انجدان کے	گرم خشک ۳	گرم مزاج والے کو اور مثانہ کو	سونف و سرکہ	سفید زیرہ و کرفس	۳ ماشہ	جگر کا سدہ کھولتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور کاٹ ہے خلطون کو پتلا و معتدل القوام کرتی ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے اور ہاضم ہے اور ریاح کو صاف و دور کرتی ہے اور جلندر اور سردی کے درد کو مفید ہے اور معدہ کے کیڑے مارتی ہے ۔ (غیر سمی)
۱۵۶ کاغذ	کاغذ	قرطاس	گل رنگ ہر شکل سفید	پھیکا و بوجہ رنگ کے بدبو	مشہور ہے اور مطلق سوختہ بانس کا کاغذ ہے ملتا ہیں	سرد خشک و جلا ہوا گرم ۱ خشک ۲	گردہ کو	شہد	دم الاخوین	۲ ماشہ	پھیپھڑے کے زخم کو دفع کرتا ہے اور معدہ کی سوزش کو نافع ہے اور آنتوں کے زخم و خراش و سوزش کو مفید ہے اور منہ سے خون آنے کو اور دستون کو بند کرتا ہے اور جلا ہوا ہمراہ گھس کے زخم کو بھر لاتا ہے اور ناسور کو فائدہ مند ہے ۔ (غیر سمی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
مرور پھلی	اوڑ پھلی		بھوری	قدرے تلخ	ایک گھاس کی مانند ہر شاخ سے کی لیدار	گرم خشک ۱	بادی اور درد کو	الصندل	ایلوا	۱۰۲ ماشہ	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور اطلاف بخشتی ہے اور بلغم کو براہ دست نکالتی ہے اسکے درخت کو ہندی میں بمسار کہتے ہیں اور جلا بھی کرتی ہے (فیرسی)
ستور		عدس	باہر سیاہ اندر سرخ	پھیکا	ایک دانہ ہے گول اور چپٹا برابر چھوٹے بیر کے	گرم ۱ خشک ۲	مثانہ اور باہ کو اور اسپرز اور جھلکا سودا پیدا کرتا ہے اور اعضا کو	گھی اور سرکہ	ماش اور باقلا	•	سودا پیدا کرتی ہے اور جوش خون کو تسکین دیتی ہے اور خون کو گاڑھا کرتی ہے اور نفاخ ہے اور جلا کرتی ہے اور دیر ہضم ہے اور حیض جاری کرتی ہے اور اسکا فرزہ خناق اور گلے کے درد اور منہ آنے کو مفید ہے اور خواب پریشان اور شور کرتی ہے اور کابوس پیدا کرتی ہے (فیرسی)
مشکدانہ	مشکدانہ	حب المسک	سیاہ و بھورے	سرخ و بھورا پھیکا	ایک بوٹی کا دانہ ...	گرم ۲ خشک ...	گرم مزاج کو ...	•	بہمن کو کرتی ہے	۲ ماشہ	منہ کی بیماریوں کو اور زبان کی بدمزگی کو زائل کرتا ہے اور معدہ کی گرانی اور ریاح کو دفع کرتا ہے اسکے پھوہ دشافین ... سرد و ...خ ... کے لیے مفید ہیں (فیرسی)
•	•	بالنگو	سبز	تیز و تیز ہے	ماش کی قسم کا ... ہے اور گل ...	گرم ۲ خشک ۲	معدہ کو	میٹھا اور سرکہ	پودینہ	۳ ماشہ	پیشاب و حیض خوب جاری کرتا ہے اور قولنج کا ... ہے اور شہد کے ہمراہ ... ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور اسکا فرزجہ ... پتان کے درد ورم کو تسکین دیتا ہے (فیرسی)

مصری	قند القند	نبات الجلاب	سفید و زردی مائل	شیرین	مشہور ہے	معتدل	•	مربی ترش	شکر طبرزد	•	طبیعت کو نرم کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور گرم پانی کے ساتھ آواز کے بھر بھرانے کو اور کھانسی کو مفید ہے اور اسکی سلائی بنا کے آنکھ میں لگانا آنکھ کے جالے اور ناخونہ کو مفید ہے۔ (غیر سی)
مصطگی	کندر رومی	مصطگی و علک رومی	زرد و سفید	پھیکا و لعابدار و تلخ	ملک شام کے ایک درخت کا گوند ہے دو قسم کا ہوتا ہے	گرم خشک ۲	مثانہ کو	کتیرا	کندر و علک البطم	۳ ماشہ	لطافت بخشتی ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور قابض ہے اور قوی اور اعضاے رئیسہ کو اور معدہ و جگر کو اور گردہ اور قوت ہاضمہ کو قوت دیتی ہے اور رطوبتوں اور بلغم کو دماغ سے جذب کرتی اور چھانٹتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور منہ سے خون آنے کو اور اعضاے شکم کے درد کو اور ورم کو مفید ہے اور کل بچوں کی بیماریوں کو نافع ہے اور ہیضہ و سل کو مفید ہے اور اسکا منجن دانتوں اور سوڑہوں کو مضبوط اور مستحکم کرتا ہے۔ (غیر سی)
مکڑی کا جالا	ابرکاکیا	نسج العنکبوت	سفید	•	[illegible]	گرم خشک	قولنج کو	روغن بادام	اسفنج	نہیں کھاتے ہیں	کل اعضا کے خون کو اگر بہتا ہو روکتا اور بند کرتا ہے اور اسکے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالنا بخار کو بالخاصہ مفید ہے اور نکسیر کو بند کرتا ہے۔ (غیر سی)
مکو	روباہ تریک	عنب الثعلب	سرخ و سبز	قدرے تلخ و مازہ و شیرین	ایک گھاس کا پھل ہے گول برابر مٹر کے	سرد خشک ۲ و بعضے گرم	مثانہ کو	شہد و قند	کاکنج	۲ ماشہ تا ۹ ماشہ	مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتی ہے اور مواد کو گلنے پر آمادہ کرتی ہے اور لطافت بخشتی ہے اور قابض ہے اور حرارت و پیاس کو تسکین دیتی ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور گرمی کے دردوں کو نافع ہے اور آنتوں کو پاک کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور دست آور ہے۔ (غیر سی)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
۲۳۴ مکوہ	روروباہ تربک	عنب الثعلب	سبز	تلخ	مشہور ہے	سرد و تر	مثانہ	شہد	مکو خشک	تولہ ۳ تولہ تا ۵ تولہ	اسکا پانی ورموں کو تحلیل کرتا ہے خواہ باطنی بدن خواہ ظاہری اور جگر کی گرمی اور جگر کے ورم کو اور درد کو نافع ہے اور صفرا کو گھٹاتا ہے اور گرمی معدہ کی سوزش کو نافع ہے اور صفراوی و بلغمی خلطوں کو رستہ دیتی ہے اور جاندار اور کان کے درد اور گرمی کے ... ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا غرغرہ خناق اور ورم حلق اور گلے کے ... کو مفید ہے (طبری)
کمانہ	.	.	سیاہ	پھیکا	یہ ایک قسم کا ... ہے	گرم تر ۱	ثقیل ہے	شکر	.	تولہ	بدن اور اسکے اعضا کو قوت دیتا ہے اور منی کو زیادہ کرتا ہے اور ... اور خون کے جوش کو دفع کرتا ہے اور دستوں اور جریان و رقت منی کو بند کرتا ہے (طبری)
مکھن	مسکہ	زبدہ	سفید زرد مائل	خوش مزہ و چکنا	دودھ کی چکنائی ہے گرم کو ... ہے	گرم ۱ تر ۲	گرم معدہ کو مرخیہ اور کرتا ہے اور ... کو ناگوار	شکر و شہد	نمک تازہ مالٹہ	۵ تولہ ۱۰ تولہ	طبیعت کو نرم کرتا ہے اور بلغم و کھانسی ... کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور سینے کو نرم کرتا ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے اور پھیپھڑے کے ... اور سینے کو گرمانے کو اور خشک کھانسی کو اور ظاہری و باطنی ورم کو مفید ہے اور ... کو براہ پیشاب نکالتا ہے اور شہد کے ہمراہ ذات الجنب اور ذات الریہ کو مفید ہے اور اسکا بدن پر ملنا جلد کو نرم کرتا ہے اور شکر و خشخاش کے ہمراہ اسکا کھانا ...

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	فوائد
ملتا جنگلی	۔	۔	اردو	[illegible]	ایک درخت مازو کی قسم کا اسکی چھال ملتی ہے	سرد خشک ۲	پیاس پیدا کرتی ہیں	شربت حماض	۔	۲ عدد تا ۵ عدد	صفرا اور تیزی خون کو دفع کرتے ہیں اور پیاس کو تسکین دیتے ہیں اور قابض نفاخ ہیں۔ (دغیرسی)
ملائی	[illegible]	[illegible]	سفید	[illegible]	جوش کیے ہوئے دودھ پر بالائی ہوتی ہے چکنی جھلی سی ہوتی ہے اسکو اتار لیتے ہیں	سرد تر	دیر ہضم ہے	قند و شکر	سکہ	۔	ثقیل ہے اور بدن کو قوت دیتی اور فربہ کرتی ہے اور شکر کے ہمراہ باہ کو قوت بخشتی اور منی پیدا کرتی ہے اور مادہ سوداوی کو نرم کرتی اور معتدل القوام کرتی ہے اور جلدوں کی خشکی دفع کرتی ہے۔ (دغیرسی)
ملٹھی	بیخ مہک	اصل السوس	زرد	قدرے شیریں بھوری	ایک درخت کی جڑ ہے خشبو	گرم ۲ خشک ۱	گردہ و طحال کو	کتیرا و گل	عناب	۔ ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ	کار ہی خاطون کو رقیق اور معتدل القوام کرتی ہے اور پیاس و سوزش معدہ کو تسکین دیتی ہے اور رطوبتوں کو براہ دست نکالتی ہے اور پھیپھڑوں کو قوت دیتی ہے اور سینہ و حلق کو نرم کرتی ہے اور سینہ کی بیماریوں کو اور کھانسی اور سانس رکنے اور ہانپنے کو مفید ہے اور بے مقشر کیے ہوئے بے چھلے ہوئے اسکا استعمال جائز نہیں ہے کیونکہ سانپ اسپر عاشق ہے لپٹا رہتا ہے۔ (دغیرسی)
ململ	۔	۔	بعد	تلخ و تیز	ایک جڑی ہے سیاہی مائل ہندی	گرم خشک ۲	[illegible]	مسکہ	۔	کھاتے نہیں ہیں	تیز ہے اور زخم کے کیڑے مار نکالتی ہے اور اسکے پتوں کا رانگ بھی کیڑوں کو مارتا ہے اور جو درد سر کہ خیشوم یعنی ناک کے بانسے میں کیڑے پیدا ہونے سے ہو اسکو اسکا قوالنا نافع ہے۔ (قریب بسم ہے)

نام دوا	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
مندروا	•	•	باہر سرخ اندر سفید	پھیکا	ایک دانہ غلہ کا ہے بقدر کاکن کے	گرم خشک ۲	نفاخ ہے	•	•	•	غلیظ ہے اور سدہ پیدا کرتا ہے اور قلیل الغذا ہے اور دیر ہضم ہے اور وجع البقر والون کی غذا ہے اور اسکا دبور او سینگ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور بکری کے زہر کو دفع کرتا ہے۔ (خیر سی)
منڈی	[illegible]	•	سرخ و زرد	قدرے تلخ	ایک ... پھول گول برابر بیر کے	گرم تر ۲	مثانہ کو	بہی	سرمکوئیا	۵ د	اعضائے رئیسہ اور دل دماغ وقوی وارواح کو قوت دیتی ہے اور ورم ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور لطافت کرتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور خفقان اور درد ... اور دوالون وکلیتون کو اور تر وخشک کھجلی کو اور کوڑھ اور اکثر سوداوی امراض کو مفید ہے اور اسکی پھنکی باہ اور بینائی کو قوت دیتی ہے اور پیشاب خوب لاتی ہے اور چند روز تین عدد مسلم نگلنا آنکھ کے لیے مجرب ہے۔ (خیر سی)
شفتہ کنوچ	دانہ سویز	[illegible]	سیاہ	پھیکے	[illegible]	سرد ۱ خشک ۲	گردہ کو	عناب	•	•	قابض ہین اور پیٹ کو تنگ کرتے ہین اور تری زائد دواسے معدہ کو اور آنتون کو قوت دیتے ہین۔ (خیر سی)
منقے	سویز	زبیب	سیاہ	شیرین	مشہور میوہ ہے	گرم تر ۱	گرم مزاجون کو اور گردہ کو اور خون کو جلا دیتا ہے	[illegible]	[illegible]	۱ اوا ۵	صفرے کی حدت وحرارت کو بجھاتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ... معتدل القوام کرتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور معدہ ... جلا کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور جگر اور سرد مزاجون کی باہ کو قوت دیتا ہے اور ... سینے کے موافق ہے اور اسکا لیپ حیوانات کی چربی کے ہمراہ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور یہ بریان کیے ہوئے گرم گرم کھانسی کو مفید ہین۔ (خیر سی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
تخم شلغم	[illegible]	شلجم	بھورا	تلخ	ایک دانہ ہے جو بے باریک اور بہت چھوٹا اور گول برابر تخم	گرم خشک ۲	آواز کو خراب کرتا ہے	گھی اور تازہ دودھ		۳ ماشہ	اعضا کو سست اور بیچش کرتا ہے اور آواز کو فاسد کرتا ہے اور ریسے پیدا کرتا ہے اور انڈے کی سفیدی کے ہمراہ خصیوں کو تحلیل و نرم کرتا ہے اور اسکا لیپ کا نٹے اور گانسی کو بدن کے اندر سے کھینچ لاتا ہے اور اسکا تیل داد کوا اور جلدی امراض کو مفید ہے اور آتشک کے پھوڑوں کو نافع ہے۔ (غیر مسمی)
سوا بادل	ابر مردہ	اسفنج	زردی مائل و سیاہ	پھیکا	ایک چیز نرم اور بالدار ہے کہ بعض لوگ اس کو سمندری جانور یا دل جانتے ہیں [illegible]	گرم خشک ۲	اعضا کو شکی	آب انگور	جلایا ہوا کاغذ	۱ ماشہ	ورم کو تحلیل کرتا ہے اور خشکی لاتا ہے اور زخموں و بہنے زخموں کو خشک کرتا ہے اگرچہ گہرے ہوں تازہ خواہ پرانے ہوں اور خون بہنے کو روکتا ہے اور ملا یا ہوا خشک آشوب چشم کو اور دنبالی کے جلا دینے کو مفید ہے اور حلق میں کانٹا پھنس جانے کو اور جونک چپک جانے کو اسکا نگلنا چبانا مفید ہے الا اسکو اس طور نہیں کہ ریزہ ریزہ کر کے باونڈ میں کوٹ ڈالیں اور بے چھانے پی لیں۔ اور بعض نے باونڈ میں کوٹنا منع کیا ہے۔ (غیر مسمی)
سونٹھ	[illegible]	·	سرخی مائل	پھیکا	ایک قسم کا خشک ہے مشہور	گرم خشک ۲	ریاح کثیر پیدا کرتا ہے	گائے کا دودھ	·	·	جلد ہضم ہوتا ہے اور قابض بھی ہے اور پیٹ میں قراقر پیدا کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور قلیل الغذا ہے اور معدہ کو مفید ہے اور اسکی جڑ نشہ لاتی ہے اور درم کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیر مسمی)
مکھی	مگس	ذباب	سیاہ	خراب مزہ	کثیر الوجود ایک غلیظ پردار کیڑا مشہور ہے	گرم خشک	قے بہت لاتی ہے	الائچی چھوٹی	مچھر	·	اگر گیارہ روز متواتر قند سیاہ لیکر زمین پیٹ کے یرقان یعنے خفیف کا نور دالی کو کھلا دیں بے اسکی اطلاع کے تو مفید ہے اور اسکی بیٹ کرسی وغیرہ پر جو جمی ہو بال میں حل کر کے کانمیں ڈالنا کان کے درد کے لیے مجرب ہے۔ (غیر مسمی)

ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
موتی	مروارید	لولو	سفید و براق	پھیکا	بعض سمندروں میں سیپ اور گھونگھی وکیڑے کی پیٹ یا سر کو گول چمکدار ایک چیز نکلتی ہے مشہور قیمتی ہے	سرد و خشک ۲	مثانہ	مونگہ	سفید چمکدار سیپی	۲ ماشہ	فرحت بخشتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور اکثر اعضا خاصکر اعضائے رئیسہ اور قوی اور ارواح کو قوت بخشتا ہے اور منہ سے خون آنیکو مفید ہے اور بہتے ہوئے خونکو روکتا و بند کرتا ہے اور صفراوی دستوں اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے اور حیض کو روکتا ہے اور بواسیر کو دفع کرتا ہے اور دل و جگر و معدہ و گردہ کی بیماریوں کو مفید ہے اور سدے کھولتا ہے اور اسکا سرمہ آشوب چشم اور تاریکی اور جالے و ماڑے کو اور ناخونہ کو مفید ہے اور اسکا استعمال کسی طور بے حل کیے ہوئے جائز نہیں ہے۔ (غیر سمی)
موچرس	.	.	سرخ رنگ	پھیکا	سیمبل کے درخت کا گوند ہے	سرد ۲ خشک ۳	خشکی پیدا کرتی لاتا ہے	شکر اور روغن بادام	گوند کیکر، لیتے انار کی	۵ ماشہ	ثقیل ہے اور پیٹ کو گرانی اور قبض کرتا ہے اور ممسک ہے اور منی پیدا کرتا ہے اور دستوں اور خون حیض کو بند کرتا ہے اور کچے مادہ کو پکاتا ہے (اور فساد خون و صفرا و سوزش اعضا کو دفع کرتا ہے اور منہ کے جوش کو بجھاتا ہے) اگرچہ سب بیماروں کے استعمال سے ہو) اور اسکا لتہ ترکیا ہوا رکھنا رطوبت رحم کو خشک کرتا ہے اور اسکا منجن مین شریک رنا ہلتے ہوئے دانتوں کو مستحکم اور قوی کرتا ہے۔ (غیر سمی)
موصلی سفید	.	.	سفید	پھیکی	[illegible]	گرم خشک ۱	.	.	موصلی سیاہ	۷ ماشہ	صفرا اور گرمی کو دفع کرتی ہے اور بدن کو قوی اور فربہ کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور منی کو زیادہ اور گاڑھا کرتی ہے اور یرقان اور طلبی ہیضہ کو مفید ہے۔ (غیر سمی)
موصلی سیاہ	موصلی سیاہ	.	سیاہ و چمکدار	قدرے میٹھی	مشہور ہے	گرم خشک ۲	.	.	موصلی سفید	۷ ماشہ	منی پیدا کرتی ہے اور بدنکو قوی و فربہ کرتی ہے اور بار بار پیشاب آنیکو اور گٹھیا کو مفید ہے اور درد اور ہاضمہ کو مفید ہے اور جریان منی کو دفع کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ (غیر سمی)

افعال و خواص

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر	افعال و خواص
۵۵۹ مولسری	.	.	پھول سفید پھل و سرخ	پھول قدر شیریں و خوشبودار	کیلاو ایک بڑا درخت ہے جسکے پھول چھوٹے [illegible] پھل برابر ہے بیتے میں [illegible] زیادہ تر ستا ہے	پھل سرد خشک ۲ پھول گرم ا خشک ۲	نفاخ ہے اور جگر کو	ی	ببول کی سیگرٹ	۲ ماشہ تا تولہ	پھل اور بیج اسکے منی کو روکتے اور مسک ہیں اور سیلان و رقت منی کو دفع کرتے ہیں اور قابض ہیں اور پیٹ کو تنگ کرتے ہیں اور اسکے پھول کا عرق درد سر کو مفید ہے اور اسکا کھانا تقویت معدہ اور دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور سونگھنا بھی دماغ کو قوت دیتا اور فرحت لاتا ہے اور اسکے پھول کا منجن دانت کے درد کو تسکین دیتا اور مسوڑوں کو قوی کرتا ہے اور اسکے پھول ہمراہ سہاگہ و گلاب کے لیپ سے داد کو مفید ہیں۔ (غیرسی)
مول بھکڑا	.	.	سیاہ	تلخ و تیز	ایک جڑ ہے ریشہ دار	گرم	.	.	.	.	بھوک لاتی ہے اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتی ہے اور ورم اعضا کو تحلیل کرتی ہے اور تنگی سانس اور درد پہلو کو مفید ہے اور سردی بدن کی دفع کرتی ہے اور سرد مزاج کو قوت دیتی ہے۔ (غیرسی)
۵۶۰ مولی	ترب	فجل	سپید و قدرے سبز	تیز قدرے شیریں	مشہور ہے	گرم ۲ تر ۱	نفاخ ہے	نمک و زیرہ	شلجم	.	ہاضم غذا ہے اور خود دیر ہضم ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور اسکی ترکاری پکائی ہوئی یرقان کو بھی نافع ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور اسکا کھانا اور غلیظ کیموس کو دفع کرتی ہے اور سدہ جگر کا کھولتی ہے اور کاسنی کو نافع ہے اور بلغم چھانٹتی ہے اور ریاح پیدا کرتی ہے اور معدہ کو فاسد کرتی ہے اور اسکے کھانے سے ڈکار بدبو آتی ہیں۔ (غیرسی)
مولی کے بیج	تخم ترب	بزر الفجل	سرخ	تیز و تلخ	معلوم ہیں	گرم ۲ خشک	۲ جگر	پستہ و کتیرا و شکر	بزر الشلجم	۳ ماشہ	لطافت کرتے ہیں اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور ریاح پیدا کرتے ہیں اور باہ لاتے ہیں اور [illegible] لاتے ہیں اور درد جگر سردی کو اور ورم طحال کو مفید ہیں اور چہرہ کی سیاہی اور چھائیں اور نشانوں کو کھوتے ہیں اور گنج کو صاف کرتے ہیں اور سر کے بال کرتے ہیں۔ (غیرسی)

نمبر نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۲۴۲ سوم	سوم	شمع	زرد و سفید	پھیکا و چکنا و بدمزہ	شہد کی مکھی کر بیٹ ہو کر شہد کے اندر سے نکالتے ہین	گرم تر	معدہ اور بھوک کو	روغن بادام اور شہد	کا نشا	۱ ماشہ	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے اور پھوڑوں کو نرم کرتا ہے اور درد و درون کو تسکین دیتا ہے اور چوٹ کے صدمہ کو دفع کرتا ہے اسکا مالش کرنا اور باطنی زخم اور پرانے دستون کو نافع ہے اور درد سینہ اور درد پہلو اور سل کو نافع ہے اور اسکی دہونی اعضا کے درد کو نافع ہے اور اگر چند روز متواتر چنے کے برابر اسکی گولی کھایا کرین شہوت کو ابھارتا ہے۔ (دفیرسی)
۲۴۳ سومیاکو	سومیانی	عرق الجبال حافظ الاجساد	سیاہ	پھیکا	پہاڑی پکائی اور جمائی ہوئی ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاجون کو	سکنجبین و رب الاصول	بسد البیرو	یکجو و دو جو	ارواح اور دل اور قوی اور اعضائے باطنی کو قوت بخشتی ہے اور فرحت بخشتی ہے اور سدہ وبا کو تحلیل کرتی ہے اور ظاہری اعضا کو بھی قوت دیتی ہوا اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور جلا کرتی ہی اور بلغمی رسولی تحلیل کرتی ہے اور دودہ اور گھی مین ملکی ہر ایک عضو کے ٹوٹ جانے اور چوٹ و زخم کھانے اور ملنے سے مفید ہے۔ (دفیرسی)
۲۴۴ مرنج	.	.	زرد	پھیکی	قسم ثمرہ سینٹھا نامے کا پوست ریشہ دار ہے	سرد خشک ۲	.	.	.	.	اسکے جوشاندہ کا غرغرہ جوش منہ اور سوزش و کوتے کے ورم و درد کو مفید ہے اور اسکا پینا بھوک کھولتا ہے اور بواسیر خونی و بادی کو اور درد گردہ و مثانہ اور درد عضو تناسل کو مفید ہے اور اسکی دہونی بواسیر کو نافع ہے اور حقہ مین مثل تمباکو کے پینا ہچکی کو دفع کرتا ہے اور اسکے سینٹھے پسے ہوئے کا لیپ ہمراہ سونٹھ کے چہرہ کی چھائین اور سیاہی کو نافع ہے۔ (دفیرسی)

نمبر و نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
۴۲۵ مونگ	[illegible]	ماش و بج	سبز	پھیکا	ایک دانہ غلہ کا ہے مشہور	سرد ۱ اور خشک ۲ و چھلکا اتری ہوئی معتدل ہے	سرد مزاجوں کو	ترشی	باقلا	۰	بیماروں کے لیے اچھی اور بہتر غذا ہے اور کثیر الغذا ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے اور صالح الکیموس ہے لیکن تھوڑی معدہ میں دیر کو اترتا ہے اور نفاخ ہے اور جگر کو قوت دیتا ہے اور تیزی خون صفرا کو تسکین دیتا ہے اور ہمراہ سرکہ کے اسکا لیپ چھائین کو صاف کرتا ہے اور درد سینہ اور چوٹ کو نافع ہے۔ (غیر سمی)
۴۲۶ مونگا		مرجان	سرخ	پھیکا	سمندر میں ایک درخت ہوتا ہے اسکی سخت لکڑی سے دانے تراش کے لاتے ہیں	سرد خشک	مثانہ کو	کتیرا و انیسون	دم الاخوین و کہربا	۴ ماشہ	سدے کھولتا ہے اور شہد کے ہمراہ فالج اور لقوہ اور رعشہ کو مفید ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور جگر و طحال کو پاک کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے اور بالخاصہ اسکا حل کرکے پلانا اور گلے میں ڈالنا بچوں کی نیند میں چونکنے اور ڈر کر رونے کو مفید ہے۔ (غیر سمی)
۴۲۷ مونگے کی جڑ	بیخ مرجان	بسد	سفید و سرخ و سیاہ	پھیکا	ایک جسم خانہ دار سخت تہ دریائی مشہور ہے گروہ مونگے کی جڑ ہے اہل تحقیق انکار کرتے اور کہتے ہیں کہ وہ سمندر کا پتھر ہے	سرد ۱ و خشک ۲	گردہ کو اور آبکاری لاتا ہے	کتیرا	کہربا	۲ ماشہ	قابض ہے اور خشکی کرتا ہے اور دل کو فرحت دیتا ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور جنون و مالیخولیا اور خفقان اور امراض چشم کو مفید ہے اور منہ سے خون آنیکو نافع ہے اور کلیجے کا خون دستوں کی راہ سے آنے کو مفید ہے اور آنتوں کے زخم کو نافع ہے اور جلایا ہوا ہمراہ کتھ کے منجن کرا ہوا مسوڑھوں کے دانتوں کو مفید ہے اور اسکا سرمہ بینائی کو قوت دیتا ہے اور حل کیا ہوا خشک ہمراہ شہد کے جذام کے لیے مجرب ہے۔ (غیر سمی)

[illegible]	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
سنا	سنائے مکی	سنا	ہری سبز خشک ہونے پر [illegible]	تلخ کسیلی	ایک گھاس ہے جس میں [illegible] مکہ میں ہوتی ہے	گرم ۲ خشک ۱	کرب اور متلی پیدا کرتی ہے	بنفشہ گلسرخ اور روغن بادام	تربد و زرد ہڑ	۹ ماشہ	مادہ بلغمی و سوداوی کو اور صفراوی کو بھی براہ دست نکالتی ہے اور کل جلے ہوئے خلطوں کو نکالتی ہے اور دماغ کو بلغم و نزلہ سے پاک کرتی ہے اور درد اعصاب کو اور قولنج کو اور نقرس کو مفید ہے اور تر و خشک کھجلی کو اور گنٹھیا کو اور درد پہلو کو نافع ہے الا خشکی کرتی ہے (غیر سمی)
مہندی	حنا	حنا	سبز	کسیلی و تلخ	ایک درخت ہوتا ہے [illegible] اس کے پتے [illegible] مستعمل ہیں	مرکب القوی سردی مائل ساتھ قوت قبض کے	حلق اور پھیپھڑے کو	کتیرا اور لعاب	مہندی کا [illegible]	۳ ماشہ	خون کو صاف کرتی ہے اور جلدی بیماریوں کو اور کوڑھ کو اور آتشک اور بواسیر کو نافع ہے اور معدہ و جگر و طحال اور پیشاب کے راستے اور مثانہ اور رحم کی بیماریوں کو مفید ہے اور جگر کا ورم کو مفید ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور دشواری سے پیشاب ہونے کو نافع ہے اور اسکے پتوں کے جوشاندہ کی کلی منہ آنے کو نافع ہے اور اسکا لیپ ورم اور آبلہ کی سوزش کو دفع کرتا ہے اور اسکے پھول کپڑوں میں رکھنے سے کیڑا نہیں لگتا۔ (غیر سمی)
[illegible]	[illegible]	•	پھول سفید پھل سبز	پھول شیریں و پھل تلخ	ایک درخت ہوتا ہے [illegible] سبز ہو کر پکتے ہیں	گرم خشک ۱	دردسر لاتا ہے	دھنیا	•	•	ریاح اور بلغم کو دفع کرتا ہے اور اسکے پھول دود دماغ [illegible] پیدا کرتے ہیں اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتے ہیں اور اسکے بیج سردی کے درد کو نافع ہیں اور اسکے بیج پانی میں پیس کے شیافہ بنا کر فرج میں رکھنا حمل کو ساقط کرتا ہے اور اسکے پھول ہمراہ [illegible] پیسے ہوئے کے لیپ کرنا اور سانپ کے کاٹے پر لگانا عجیب الاثر ہے۔ (غیر سمی)
[illegible]	[illegible]	[illegible]	سرخی مائل [illegible]	تلخ	مشہور ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاج کو	[illegible]	السی	۵ ماشہ	ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور پیشاب و حیض جاری کرتے ہیں اور طبیعت کو نرم کرتے ہیں اور ریاح کو دفع کرتے ہیں اور سرد بیماریوں کو مثل مرگی اور لقوہ و فالج اور گنٹھیا کے مفید ہیں اور اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور کان کے درد کو نافع ہے۔ (غیر سمی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	حال وخواص
میتھی کا ساگ	ترہ شنبلیت	بقلۃ الحلبہ	سبز	قدرے تلخ و خوشبودار	ایک ساگ مشہور اور کثیر الاستعمال ہے	گرم خشک ۲	گرم مزاجوں کو	ترشی اور مکھی	شلجم کا ساگ	•	اسکے پتے مادہ کو پختہ کرتے اور معتدل القوام کرتے ہیں اور طبیعت کو نرم کرتے ہیں اور ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور پیشاب لاتے ہیں اور سردی کی بیماریوں اور کمر کے درد اور ورم طحال کو نافع ہیں اور درد رحم اور سردی مثانہ کو مفید ہیں اور اسکا لیپ سرکہ کے ہمراہ ورموں ظاہری و باطنی کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی)
سیدہ لکڑی	•	منات ذکر	ظاہر سیاہ و اندر سے زرد	پھیکی	ایک درخت کی جڑ ہے مشہور	گرم ۲ خشک ۱	مثانہ کو	شہد	سورنجان اور [illegible]	۵ ماشہ	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور قابض ہے اور پٹھوں کو قوت دیتی ہے اور ضعیف اعضا کو اور باہ کو قوت دیتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور سرد بیماریوں کو نافع ہے اور قے اور دردوں کو مفید ہے اور شکستگی اور تنگی اعضا کو اور چوٹ کو نافع ہے۔ (غیر سمی)
مین پھل	•	جوز القئ	سرخ زردی مائل	تلخ	ایک درخت کا پھل ہے مدور انجیر سے ذرا چھوٹا اور بیج اسکے مشابہ بہدانہ [illegible]	گرم خشک ۲	جگر کو	گوند اور رب السوس	بورہ و بادیان	۲ ماشہ	بلغم کو چھانٹتا ہے اور دست آور ہے اور دماغی بیماریوں کو مفید ہے اور چھوٹی بیماریوں کو نافع ہے اور فالج و لقوہ اور کھانسی اور درد سر [illegible] کو نافع ہے اور ریاح اور پیٹ کے نفخ کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا فرزجہ لینے [illegible] فرج میں رکھنا فرج کو تنگ کرتا ہے۔ (غیر سمی)
مین سل	•	زرنیخ احمر	سرخ	پھیکا و بودار	ایک معدنی چیز ہے مثل گندھک کے	گرم خشک ۴	اخلاط کو سڑا دیتا ہے	[illegible]	ہڑتال و گندھک	۱ ماشہ	ورم اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور بلغم اور خون کے فساد کو اور زہر کو دفع کرتا ہے اور سردی کی کھانسی کو مفید ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے اور فربہی کو دفع کرتا ہے اور اسکا لیپ تر و خشک کھجلی کو مفید ہے۔ (سم ہے)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
						باب النون ٢٥					اور اسمین ۳ دوائیان ہین
ناخونہ	گیاہ قیصر	اکلیل الملک	بھورا	قدرے تلخ	ایک گھاس کا پھل ہے ہلالی مشابہ ناخن کے	گرم خشک	انثیین کو	شیدانہ شقتی اور انجیر	بابونہ اور حبتہ	۳ ماشہ	سردی کے ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور مواد کو پختہ کرتا ہے اور قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور لطافت کرتا ہے اور سخت ورمونکو نرم کرتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور اسکا ضماد درد معدہ اور جگر و طحال کو مفید ہے اور طحال و مقعد کی بیماریون کو مفید ہے۔ (فیرس)
ناریل و کھوپرہ	نارگیل	نارجیل	باہر سرخ و سیاہ اندر سفید	خوش مزہ و شیرین	ایک درخت کا پھل ہے گول برابر چھوٹے خربزہ کے جسکا درخت اونچا اور سیدھا ہوتا ہے مشہور	گرم خشک	سدہ لاتا ہے اور دیر ہضم ہے	شکر و معصری و میوہ ترش	پستہ و بادام و چلغوزہ	تولہ	باہ لاتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے اور خون صالح پیدا کرتا ہے اور سینہ کو نرم کرتا ہے اور کثیر الغذا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور گردہ کو بھی فربہ کرتا اور قوت دیتا ہے اور حرارت اصلی کو قوت دیتا ہے اور فالج و جنون اور اعضا کے اینٹھنے کو اور مالیخولیا کو مفید ہے اور ضعف جگر کو دفع کرتا ہے اور ہمراہ معصری کے روز ناشتہ کو ایک تولہ کھانا مثانہ کو قوت دیتا اور آشوب چشم کو مفید ہے بالخاصہ اور اسکا تیل بدن کو نرم رکھتا اور بالون کو بڑھاتا ہے اور دردسر کو نافع ہے اور فربہی لاتا ہے اور اسکے سر مین ڈالنے سے اعضائے دماغی کی صحت قائم رہتی ہے۔ (فیرسی)
ناریل دریائی	نارگیل دریائی	نارجیل بحری	سفید پرانا زرد	پھیکا و سخت	ایک دریائی پھل ہے گرمی ہر دو برابر [illegible] اور اسکا درخت [illegible]	مرکب اور گرم خشک	.	.	.	۵ جو تا یک ماشہ	ہیضہ کو اور قے اور ہچکی کو گلاب مین گھس کے دینا نہایت مفید ہے اور اصلی حرارت کو قوت اور سکون اور راحت دیتا ہے اور اکثر زہرونکا ہلاک ہے اور فاسد خلطونکے لیے نافع ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور ہوائے وبائی کے ضرر کو دفع کرتا ہے اور سانپ بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہے اور بچھو یا کوئی اور کیڑا کاٹے اسپر اسکو گھس کے لیپ کردین تو درد و تکلیف کو کم او دفع کرتا ہے (فیرسی)

نام		دیگر نام	رنگ	مزہ	بیان	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار	افعال و خواص
نارنگی	.	قسم از نارنج	زرد	شیرین و چاشنی دار	ایک پھل ہندی ہے مثل نارنج کے پھانکوں دار اسکے بیج مشابہ کرنے کے	سرد و تر ۲	پھیپھڑوں اور سینہ کو	نمک اور قند	.	.	تیزی صفرا و خون کو اور پیاس کو تسکین دیتی ہے اور فرحت دیتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اگر گرم معدہ ہوا اور تے اور متلی اور ابکائی کو دفع کرتی ہے اور غذا چرب و حلویات کی اصلاح کرتی ہے اور اسکے چھلکے سوکھے ہوئے کا ابٹن چہرہ کی سیاہی اور چھائیں کو اور مہاسے کو دفع کرتا ہے ۔ (فیرسی)
ناری کا ساگ	.	.	سبز	پھیکا	ایک گھاس ہے کہ جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں اور شاخ لانبی اور زمین پر پھیلی ہوتی ہے	گرم خشک ۱	نفاخ ہے	نمک و اسکا ساگ	کلفہ کا ساگ	.	دوائی الکیموس ہے اور قلیل الغذا ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور خلط فاسد سوداوی پیدا کرتا ہے اور ریاح خوب دفع کرتا ہے اور معدہ کو ضعیف کرتا ہے ۔ (فیرسی)
ناردین	.	سنبل رومی	بھورا	تلخ و خوشبودار	ایک گھاس ہے جس کے پتے اور شاخ پھول کے ریشوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور شاخ لگی ہوتی ہے	گرم ۲ خشک ۳	پھیپھڑے کو	کتیرا و شہد	سنبل ہندی	۳ ماشہ	اسکا پینا فالج اور لقوہ اور یرقان کو مفید ہے اور موادِ معدہ کو نکال دیتا ہے اور پیشاب و حیض لاتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا سرمہ پلکوں کے بال جو گرتے ہوں اگاتا ہے اور اسکے پوشاندہ میں بیٹھنا سینے اور گردہ کو اور رحم کی بیماریوں کو مفید ہے اور گرم مرہموں میں شامل کرتے ہیں ۔ (فیرسی)
ناشپاتی	.	ناشپاتی	زرد و بھورا	شیرین و چاشنی دار	ایک میوہ ہے مشابہ امرود کے لیکن اسکا گودہ کرخت ہوتا ہے	شیرین معتدل اور ترش سرد و خشک ہے	قولنج پیدا کرتی ہے	مارالعسل	بہی	.	دافع صفرا اور تیزی خون کا ہے اور خون کا پیدا کرتی ہے اور اعضا کو قوت دیتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور فرحت بخشتی ہے اور قابض ہے اور جلا کرتی ہے اور جگر گرم کو قوت دیتی ہے ۔ (فیرسی)

نام	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
ناگ دمن	.	.	سیاہ	قدرے تلخ	ایک لکڑی ہے بطور مثال سانپ کے اکثر ہندو فقیر اپنے پاس رکھتے ہیں	سرد	قابض ہے	.	.	.	بدن کو فربہ کرتی ہے اور قوت دیتی ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتی ہے اور سوزاک کو مفید ہے اور صفرا کو دفع کرتی ہے اور بعض اسکو سانپ کے زہر کا مارگ بھی جانتے ہیں۔ (دفیرسی)
ناگدون	ماریچوبہ	الیون دعوو الحیہ	سبز زرد مائل	تلخ	ایک گھاس ہے چھڑی اور بات کی شبیہ بیر کے ورد وارسی اور تخم سفید چاول اور بعض اطبا نے اسکی ماہیت میں اختلاف ہے	گرم تر	جوڑوں کو اور سر کو کثرت اسکی	شہد	شربت و سروین	۲ ماشہ	کھانے کو پیٹ میں سڑا دیتی ہے بالخاصہ اور پیشاب لاتی ہو اور جلا کرتی ہو اور سدے کھولتی ہو اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرتی ہے اور پسینے اور پیشاب کی بو کو دفع کرتی ہو اور زہر کو چشم کی ابتدا میں اسکا پینا مفید ہو اور بلند اور درد و پیلا اور پھیپھڑے کے درد کو مفید ہو اور جگر و طحال کا سدہ کھولتی ہو اور گردہ کو پاک کرتی اور پتھری توڑتی ہو اور فساد بلغم کو کرم میں بو براہ دفع کرتی ہو اور طبیعت کو نرم کرتی ہو اور باہ کو حرکت دیتی ہو۔ (دفیرسی)
ناگدون کے بیج	تخم مارچوبہ	بزر الملیون	سیاہ	تلخ	ناگدون کے بیج ہیں دل پر اور ریشا بہ جب الفیل جیسے نیز سکو بیچ کے	گرم خشک ۲	معدہ ودماغ کو	شہد	سقاقل اور تودری	۳ ماشہ	باہ زیادہ کرتے ہیں اور لطافت بخشتے ہیں اور سدے جگر و طحال کے کھولتے ہیں اور پیشاب خوب لاتے ہیں اور باہ کو قوت دیتے ہیں اور ورم ریاح کو تحلیل کرتے ہیں اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتے ہیں۔ (دفیرسی)
ناگرموتھہ	مشک زمین	سعد کوفی	سیاہ	تلخ و خوشبودار و تیز	ایک جڑ ہے گول اور لانبا مشہور	گرم خشک ۲	علوا اور پھیپھڑے اور دماغ کو	شکر و انیسون	دارچینی ربالجہر و عرق	۴ ماشہ	خشکی کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور پتھری توڑ بہاتا ہے اور سدے کھولتا ہو اور منہ کی بدبو اور بدن کی بدبو دفع کرتا ہو اور فہم و عقل کو زیادہ کرتا ہو اور باہ کو حرکت میں لاتا ہو اور معدہ و جگر کو قوت دیتا ہو اور ریاح کو دفع کرتا ہو اور کانوں اور خفقان کو مفید ہو اور اسکا منجن دانتوں کو قوی کرتا ہے اور اسکے سنگ کپڑے فرحت دیتا اور باد لاتے ہیں (دفیرسی)

ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	
ناگیسر	۔	۔	زرد	پھیکا و نہایت خوشبودار	ایک بڑے درخت کا زرد پھول ہے جسکی خوشبو سب خوشبوؤں سے تیز ہے	گرم ۱ خشک ۲	جگر گرم اور مثانہ سرد کو	تخم کاسنی و طباشیر	بالچھڑ و ناریل	۲ ماشہ	خون کو صاف کرتا ہے اور صفرا کو مسعون کی راہ نکالتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور سرد مزاج کے دلکو قوت دیتا ہے اور بخارات معدہ کو دماغ پر چڑھنے نہیں دیتا ہے اور معدہ و جگر و آنتوں کو قوت دیتا ہے اور خون بہنے کو بند کرتا ہے اور پسینے کی بو کو دفع کرتا ہے اور اسکا پھول صفرا و بلغم کو دفع کرتا ہے اور زہر کی مارک ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور اسکا عطر دماغ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور درد گردہ کو مفید ہے۔ (د غیر سمی)
ءءء	نان کلاغ	خبازی	سیاہی مائل و سفید	بیمزہ	ایک گھاس کا بیج ہے جسکا رنگ سیاہ گول اور پھول ادودا اور چھوٹا اور اسکا درخت مشابہ خطمی کے ہے	سرد تر ۱	ضعیف معدہ کو	فواکہ کے رب	خطمی	۱۱ ماشہ	طبیعت کو نرم کرتی ہے اور مواد کو پختہ اور گلنے پر آمادہ کرتی ہے اور جگر کے سدے کھولتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور آنتوں میں چیک کے سدے پیدا کرتی ہے اور آنتوں میں پھسلن پیدا کرتی ہے اور درد زیادہ کرتی ہے اور ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور کھانسی اور سینہ کے کھرکھرانے کو مفید ہے اور اسکی جڑ و شاخ و بیج قریب الاثر ہیں اور اسکے پتوں کا لیپ خشکی اعضا کو مفید ہے۔ (د غیر سمی)
نربسی	زردوار	جدوار واردنشلہ	سیاہ	تلخ	ایک جڑ ہے صنوبری شکل کی مشہور	گرم خشک ۳	آنتوں میں زخم پیدا کرتی ہے	ببنیا و دودھ و کتیرا	زرنباد	۲ ماشہ	فرحت دیتی ہے اور اعضا کو قوت دیتی ہے اور اعضائے سکلی و بیانی کو قوی کرتی ہے کھولتی ہے اور لطافت کرتی ہے اور ورم و کل ... کو تحلیل کرتی ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور بھوک بڑھاتی ہے اور باہ لاتی ہے اور ایسا دل ... لاتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہے اور مرگی کو نفع کرتی ہے اور رزند اور رزند ل چشم کو منع کرتی ہے اور عقیقہ و اواسیر کو مفید ہے اور ... گردہ کے لیے عجیب الاثر ہے اور اکثر زہروں کی درگ ہے اور حکم تریاق کا رکھتی ہے۔ (د قریب سمی)

[illegible]	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
نرگس	نرگس	نرجس وبہر	رنگ برنگا	پھیکا نہایت خوشبودار	پھول ایک گھاس کا ہی جسکے پتے لہسن کے اور جڑ اور بیج کالا پیاز سے مشابہ رکھتے ہیں	گرم و خشک ۳	گرم مزاجوں کو	نیلوفر و کافور	گل سیوتی و گل خیری	۲ ماشہ	جلا کرتی ہی اور رطوبت کو بدن کے اندر سے کھینچتی اور جذب کرتی ہو اور اسکے پھول سونگھنا زکام اور نزلہ کو نافع ہو اور دماغ کا سدہ کھولتا ہے اسواسطے کہ وہ قوی محلل ہو بعض اطبا کا یہ قول ہو کہ اگر اسکو ہمیشہ سونگھا کرے اسکو جاڑوں میں بھی زکام و نزلہ نہو اور اسکی جڑ مثل پیاز نرگسی معدہ اور رحم کو ناصل اور خراب رطوبت سے پاک کرتی ہو اور پیٹ کے کیڑے نکالتی ہی اور دردوں کو تسکین دیتی ہو اور باہ زیادہ کرتی ہو۔ (غیرمسمی)
تربد	.	تربد	سفید و زرد	خوب تلخ	ایک درخت کی جڑ ہے جسکے پتے مشابہ ریاں کے اور بنگالہ میں اسکو پیتو ہرو کہتے ہیں	گرم خشک ۳	آنتوں کو اور اعضا کو خشک کرتی ہے	روغن بادام میں چرب کرنا	فاریقون اور کالادانہ	۵ ماشہ	بلغم اور رقیق رطوبتوں کو براہ دست نکالتی ہو اور جلی ہوئی خلطوں کو بھی نکالتی ہی اور دماغ و معدہ و جگر و رحم کو بلغم سے پاک کرتی ہو اور سدہ کھولتی ہے اور فالج اور لقوہ اور رعشہ کی اکثر بیماریوں کو نافع ہو اور درد سینہ کو مفید ہی اور مرطوب کھانسی کو نافع ہو اور کابلی ہڑ کے ہمراہ مرگی اور جنون اور مالیخولیا کو نافع ہو اور عرق النسا کو مفید ہو اور سونٹھ کے ہمراہ اسکا عمل قوی ہوتا ہی سیاہ سے بہتر سفید ہی کہ زہر ہو۔ (ظاہر اسکا چھلکا سیاہ وسم ہے ہے)
نشاستہ	نشاستہ	نشا	سفید	پھیکا	گیہوں کا ست ہے نفیس مشہور	سرد خشک ۱	سدہ لاتا ہے اور منی کو کم کرتا ہے	شیرینی و لونگ	[illegible] اور بھاجیے چاول	۲ تولہ	مواد کو پختہ کرتا ہی اور قابض ہے اور آنتوں میں چیک کے سدہ پیدا کرتا ہے اور ریشہ کو خشک کرتا ہے اور زخم کو بھر لاتا ہے اور خون بہنے کو روکتا و بند کرتا ہے اور حلق و سینہ کی کھرکھراہٹ کو دفع کرتا ہے اور گرمی کی کھانسی اور درد سینہ اور سل کو مفید ہے اور اسکا لیپ زعفران کے ہمراہ چھائیں کو نافع ہے اور اسکا حریرہ دماغ کو قوت دینا اور بلغم کو پکاتا ہے۔ (غیرمسمی)

نام	عربی	فارسی	رنگ	مزہ	ماہیت	مزاج	مضر	مصلح	بدل	مقدار	افعال و خواص
۳۹۰ [illegible]	نفط	.	سفید و سیاہ	قدرے تلخ و بودار سبز	ایک تیل ہے جو زفت اور قیر سے رطوبت لطیف نکلتی ہے نہایت لطیف کہ آگ جلد تر سودا ہو جاتی ہے	گرم خشک ۴	جگر اور پھیپھڑے اور گردہ کو	لعاب اسغول اور کتیرا	جاوشیر	۲ ماشہ	مسام اور سدے کھولتی ہے اور جلد نافذ ہوتی ہے اور بادہ زیادہ کرتی ہے اور ریاح کو خوب تحلیل کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور اسمین لتہ تر کیا ہوا رکھنا حیض کو جاری کرتا ہے اور سرد بیماریوں کو مفید ہے اور اسکا کان میں ڈالنا بہرے پن کو اور ریاح کو مفید ہے اور اسکا سرمہ نزول اور جالے کو نافع ہے (قریب لسم ہے)
۳۹۱ نکچھکنی	کندش دعود العطاس	بیخ گاؤزبان	سبز	تیز بو و تیز تلخ	ایک گھاس ہے جس کے سونگھنے سے خوب چھینکیں آتی ہیں	گرم خشک ۳	پھیپھڑے کو اور کرب و غشی لاتی ہے	کتیرا اور دودھ	مین پھل اور کالی مرچ	سرخی	خوب چھینکیں لاتی ہے اور بجلی کو نافع ہے اور امراض دماغی کو اور نزلہ کو مفید ہے اور جوڑوں کو نافع ہے اور آنت اترنے کو مفید ہے اور اسکا تیل ناک میں ڈالنا بلغم کو دماغ کو چھانٹتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور سفید داغ اور سیاہ داغ اور جھائیں کو اور چہرہ کی کدورت کو اور کھجلی کو نافع ہے (غیر سمی)
۳۹۲ نخہ	اظفار الطیب	ناخن بریان	سفید مائل بسرخی	پھیکا و خوشبودار	ایک جسم سخت اور ... دریا کے کنارے سندھ سے لاتے ہیں	گرم خشک ۲	دردسر لاتا ہے اور آنتوں میں خراش کرتا ہے	[illegible]	چراتہ	۲ ماشہ	فضلات ردی کو پیشاب کی راہ دفع کرتا ہے اور گاڑھے خلطوں کو سبک و لطیف کرتا ہے اور صرع و سکتہ اور خفقان کو مفید ہے اگر مرطوب ہو اور سردی سے درد جگر اور درد رحم کو نافع ہے اور جگر کو قوت دیتا ہے اور بواسیر کو مفید ہے اور اسکی دھونی صرع لینے مرگی اور سکتہ کے لیے اور اختناق رحم اور خون حیض بند ہو جانے کے لیے بالخاصہ مفید ہے (غیر سمی)
۳۹۳ نل و نرکل	قصب	نے	ہرا سبز خشک زرد	پھیکا و قدرے شیرین	ایک نے جوف دار اندر ہلکا جسکے پتے مشابہ گنے کے ہوتے ہیں	سرد و تر و بعضے گرم کہتے ہیں	پھیپھڑے کو	کتیرا	.	.	جگر کو قوت دیتا ہے جوش خون و صفرا کو دفع کرتا ہے اور فرج کی رطوبت کو پاک کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور اسکی جڑ جلا کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور ہر قسم کی گٹھیا و جوڑوں کے درد کو مفید ہے اور اسکی کونپل زرد پیشاب لاتی ہے اور منہ سے خون آنے کو مفید ہے اور کھانسی کو اور آتشک کو نافع ہے (غیر سمی)

اسم مشتق	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
نمام	نمام	[illegible]	سبز	تیز خوشبودار	ایک گھاس ہے مشابہ تیل کے تبیل تلسی ہے	گرم خشک ۲	گردہ کو	بنفشہ	پودینہ یا [illegible]	۴ ماشہ	ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور لطیف ہے اور دل کو قوت دیتا ہے اور مردہ بچہ کو شکم سے نکالتا ہے اور قے و متلی کو تسکین دیتا ہے اور درد سر بلغمی دماغ کو اور درد سینہ کو نافع ہے اور حشرات اور بچھو کے کاٹے کے لیے مجرب ہے ہمراہ سرکہ کے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتا ہے اور ہچکی اور مروڑ کو مفید ہے۔ (غیر سمی)
نمک سانبھر	نمک سانبھر	[illegible]	قدرے غبار رنگ	کم شور	بنایا ہوا نمک [illegible] ہے	گرم خشک ۲	.	.	.	تولہ	جلا کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مواد بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور ہاضم ہے اور پیاس لاتا ہے۔ (غیر سمی)
نمک سنگ لاہوری	نمک سنگ	[illegible]	سفید	زائد شور	معدنی نمک ہے مشہور	گرم خشک ۲	.	.	.	۹ ماشہ	فہم و ذہن کو قوی کرتا ہے اور بلغم لیسدار کو براہ دست نکالتا ہے اور تخمہ و بلغمی ڈکار کو دفع کرتا ہے اور آنکھوں کی بیماریوں کی دواؤں میں شامل کیا جاتا ہے اور اسکا پھوڑا پیٹ کے اپھار کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی)
نمک سیسہ	نمک شیشہ	[illegible]	سفید سرخی مائل	زائد شور	مشہور ہے	گرم خشک ۳	.	.	.	۲ ماشہ	ہاضم ہے اور تیز ہے اور جلا کرتا ہے اور اسکا سرمہ آنکھ کے جالے اور ماندہ اور ناخنہ کو مفید ہے اور ناخونہ کو بھی مفید ہے۔ (غیر سمی)
نمک سلیمانی	نمک سلیمانی	ملح سندی	سفید شفاف و سیاہی	زائد شور	مشہور ہے	گرم خشک	.	.	.	۷ ماشہ	[illegible] اوسوزادی کو دستوں کی راہ نکالتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور تخمہ کو دفع کرتا ہے اور بلغمی ڈکار اور نفخ کو نافع ہے اور اسکا [illegible] ہمراہ سونف اور [illegible] کے پیٹ کے درد کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی)

اسم ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال
نمک کھاری شور	نمک	ملح الجبلین	غباری	کھارا	ایک بنا ہوا نمک ہے نونی مٹی سے	گرم خشک ۲	.	.	.	۱ ماشہ	خون کو بڑھاتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور کھانا خوب ہضم کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور مسام کو کھولتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی)
نواڑ کا پھول	نواڑی	.	سفید	پھیکا	ایک پھول ہے خوشبودار اسکا درخت دو تین گز ہوتا ہے	سرد ہے	شرکو	شہد	گڑہل	.	تینوں خلطون کو دفع کرتا ہے اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور فرحت لاتا ہے اور گرمی کے بخارون کو نافع ہے اور گرمی کے درد سر کو مفید اور اسکا سونگھنا نزلہ کو دفع کرتا ہے اور اسکا لیپ بالخاصہ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی)
نوسادر	نوشادر	نوشادر	سفید	تند شور نمکین	ایک چیز ہے نوشادر شور کے تیزاب سے بنایا ہوا ہوتا ہے	گرم خشک ۳	قابل ہے تولہ بھر	زکریا دودھ اور گھی اور دوھن بادام	لیدہ ارمنی	۲ رتی	لطیف ہے اور سستی لاتا ہے اور رطوبت کو بدن کے اندر سے جذب کرتا ہے اور مسام و سدہ کو کھولتا ہے اور خون جینے کو بند کرتا ہے اور اسکا پینا ورم طحال کو مفید ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے۔ (سم ہے)
نیل	نیل	نیلج	نیلا	تلخی مائل	ایک گھاس ہے اسکے پتے سے بنا ہوتا ہے جسکا نام نیل ہے اور مشہور ہے	گرم خشک ۱	نسیان پیدا کرتا ہے اور طحال کو	رب السوس	صندل سرخ و گل	۳ ماشہ	قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور طحال کے درد کو دفع کرتا ہے اور سرخ بادہ اور جانوروں کو مفید ہے اور بالون کو قوی اور سیاہ کرتا ہے اور خون کو خشک کرتا ہے اور بالون کا عام و شعر خضاب ہے اور برص کو اسکا لیپ مفید ہے۔ (غیر سمی)
نیلم	یاقوت کبود	.	نیلا ( ) براق	پھیکا	ایک پتھر ہے سخت تیز اسکے انگوٹھی بناتے ہیں	سرد ۱ خشک ۲	.	.	یاقوت احمر	۲ رتی	سردی کرتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور بالخاصہ آنکھ کو قوت دیتا ہے اور زہر اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور خشکی کرتا ہے۔ (غیر سمی)

اسم ہندی	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	مقدار شربت	افعال و خواص
نیلوفر و نیلوپھل	نیلوفر	[illegible]	باہر سفید اندر زرد	پھیکا	ایک پانی کی گھاس کا پھول ہے مشہور	سرد تر ۲	مثانہ اور باہ	صندل و شہد	خطمی	۱۰ ماشہ	دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور حرارت کو تسکین دیتا ہے اور گرم و تیز نزلہ اور کھانسی کو اور سینہ کی خشکی اور گھبرانے کو مفید ہے اور اسکا پھول سونگھنا گرم مزاج کے دل و دماغ کو قوت دیتا ہے اور نیند لاتا ہے اور گرمی کے درد سر کو تسکین دیتا ہے اور اسکی جڑ گرم و خشک ہے اور دستوں اور آنتوں کے زخم کو مفید ہے اور منی کو منجمد کرتی ہے ۔ (غیرہ)
نیلکنٹھ	تخم نیلوفر	[illegible]	[illegible]	پھیکا	[illegible] مشہور	سرد خشک	معدہ ماء من	صندلی و شہد	۔	۲ ماشہ	منی کو جما دیتے ہیں اور اسکا پینا رطوبتوں کے بہنے کو خواہ کسی راہ سے ہو مفید ہے اور اسکا لیپ خون بہنے اور درد مثانہ کو مفید ہے اور حیض جاری کرتا ہے ۔ (غیرہ)
لمنہم	۔	۔	پھول بیلگون	تندی تلخ	ایک گھاس ہے جسکے پتے متوسط درجے کے ہوتے ہیں	گرم تر	۔	۔	[illegible]	۷ ماشہ	خون کو صاف کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور امراض جلد کو مفید ہے اور آتشک و فساد خون کو مفید ہے اور برص و سرخ بادہ کو بالخاصہ نافع ہے ۔ (غیرہ)
نیم	نیب	۔	سبز	خوب تلخ و پھل قدر شیریں تلخ	ایک ہندی درخت ہے بڑا بلند جسکے پتے لانبے کھردار اور کنارہ شکل آرہ کے اور پھول سفید چھوٹے اور پھل [illegible]	گرم تر ۱ و بعضے نزدیک سرد تر ۱	۔	۔	۔	قدر	ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل الاندام کرتی ہے اور مواد کو یکجائی ہے اور اسکا بیار ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور اسکے کل اجزا بیا خون کو صاف کرتا ہے حتی کہ اس قدر بیٹ بیٹھ ہے اور کوڑہ اور سفید داغ کو نافع ہے اور کھجلی و پھوڑے پھنسی کو بھی مفید ہے اور صفرا و بلغم و باد کو دفع کرتی ہے اور اسکا رس پینے سے ہیضہ کرامین جو اسکے تنہ سے پانی ٹپکتا ہے وہ اسکا پینا خون کو صاف کرتا ہے اور کوڑہ اور آتشک اور اکثر امراض جلدی کو نافع ہے اور اسکی لکڑی کی مسواک کرنا دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے اور آنکھ کی روشنی زیادہ کرتا ہے اور اسکی چھینٹی اٹھکے دماسہ اور درد الوثیر لگانا عجیب الاثر ہے ۔ ہند کی یہ دوا مثل ہے ۔ (غیرہ)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
۳۱۱ نیلہ تھوتھ	[illegible]	[illegible]	سبز	کسیلا	معدنی اور مصنوعی چیز ہے	گرم خشک ۳	قتل ہے اگر زیادہ کھایا جاوے [illegible]	گائے کا دودھ گھی وغیرہ قے کرنا	سہاگہ	۱ ماشہ	ورم اور زخم کو نرم کرتا ہے اور اکثر زہروں کا مارگ ہے اور کھجلی کو نافع ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور آنکھ کے جالے اور دھندے کو کاٹ جاتا ہے۔ (سم قاتل ہے)
				باب الواو	اور اسمیں ایک دوا ہے۔						
۳۱۲ وج	۔	ورج	زرد سرخی مائل	قدرے تلخ	ایک درخت میں ہے جسکے بیج مثل انکے ہوتے ہیں اور درخت ہندوستان میں بہت ہوتا ہے اور ریشہ دار ہوتا ہے [illegible]	گرم خشک ۲	پھیپھڑے کو	مصطگی و شہد و کتیرا	زعفران	۲ ماشہ	اکثر زہروں کا مارگ ہے اور جسم کو قوت بخشتا ہے اور نہایت فرحت دیتا ہے اور خفقان اور سیاہ داغ کو نافع ہے اور غلیظ ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا اور حرکت میں لاتا ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتا ہے اور اسکا لیپ چہرہ کی سیاہی اور جھائیں کو اور سیاہ داغ کو دفع کرتا ہے اور جیب کو نافع ہے۔ (غیرمی)
				باب الہار	اور اسمیں ۳ دوائیاں ہیں						
۳۱۳ ہار سنگھار	۔	۔	پھول سفید و ڈنڈی سرخ	پھیکا	ایک درخت ہے جسکے پھول خوشنما خوشبودار ہوتے ہیں	سرد خشک ہے بعضے گرم خشک کہتے ہیں	کھانسی کو	کتیرا	گلکنگ	۳ ماشہ	دل اور باہ کو قوت دیتا ہے اور اسکے پتے مرکب بنانے کے لیے مفید ہیں اور دو و جھائیں و جیب کو دفع کرتے ہیں اور اسکے پھول سرد مزاج والوں کے دل کو قوت دیتے ہیں اور حرارت کو دفع کرتے ہیں اور باہ کو بھی لاتے ہیں اور اسکا گرنا دو و جمع مقوی باہ ہے اور اسکے پھول کی ڈنڈیاں رنگنے میں بہت مستعمل ہیں۔ (غیرمی)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال وخواص
۹۱۴ بادہ بیر	تخم مرہل	[illegible]	مجیدا	تلخ	بہت بڑا درخت ہوتا ہے ایک پھل ہے	گرم خشک ۲	جگر و معدہ و	شہد و روغن	سیلوذہ و دار چینی	۷ ماشہ	نہایت لطیف ہے اور محلل ہے اور خشکی لاتا ہے اور قابض ہے اور خراش پیدا کرتا ہے اور باہ کو اور جلندر اور بواسیر کو مفید ہے اور حیض جاری کرتا ہے اور حمل ساقط کرتا ہے۔ (ذخیرہ)
۹۱۵ بجھ حار	[illegible]	[illegible]	زردی مائل غباری	قدرے تلخ	ایک گھاس کی جڑ ہے بچے ہیں جو کہ پرگند ناکے میں	گرم ۲ خشک ۳	دل کو اور آلات پیشاب کو	بلوط و صمغ عربی	ناگر موتھ	۳ ماشہ	لطافت بخشتی ہے اور گاڑھے فضلہ کو تحلیل کرتی ہے اور اکثر اعضا کو فضول و سوداوی سے پاک کرتی ہے اور کیڑے کوڑون کے زہر کی مارگ ہے اور جنون اور امراض سوداوی کو نافع ہے۔ (ذخیرہ)
۹۱۳ ہرتال	•	زرنیخ اصفر	زرد	پھیکا	ایک معدنی چیز ہے مثل زرد مٹی کے	گرم خشک ۳	احشا کو فاسد کرتا ہے اور ہڈیوں کو پیدا کرتا ہے	گھی اور زرد ہڑ	مین سل	۱ ماشہ	بال گوشت کو اور زائد گوشت کو اور مستہ کو کاٹتا ہے اور چیچک کے نشانوں کو ظاہر کرتا ہے اور بال خورہ کو اور جون پڑ جانے کو مفید ہے اور پیاس بہت لاتا ہے اور اخلاط جلد کو جلا دیتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور ناخنوں میں خراش پیدا کرتا ہے اور مثل نورہ کے بال مونڈتا ہے۔ (ذخیرہ)
۹۱۶ ہیرجوڑ	•	•	بھوری	قدرے تلخ و کسیلا	ایک بیل ہے اور اسکی ساق بیر کی گلو کے مثل ہوتی ہے	گرم خشک	•	•	•	۲ ماشہ	بالخاصہ ٹوٹی ہوئی ہڈی کا پیوند کر دیتی ہے اور جو زردی ہو اور ریشہ بھی اسکا کھانے اور لگانے دونوں سے پیدا ہوتا ہے اور اسکو خواص میں گلو کے خواص میں جدید داخل میں ہے۔ (ذخیرہ)
۹۱۸ ہیرزرد و زرد	ہلیلہ زرد	اہلیلج اصفر	زرد	کسیلی	مشہور ہے	سرد ۱ خشک ۲	آنتوں میں خراش اور قولنج پیدا کرتا ہے	روغن بادام اور عناب	کابلی ہڑ و مازو	۹ ماشہ	دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور حواس و ذہن کو بھی قوی کرتی ہے اور پوست اوپر سے اور سدے کھولتی ہے اور مالیخولیا اور وسواس و جنون کو نافع ہے اور خفقان و کوڑھ اور حرکت ستاروں کو اور جلندر اور ریاح بواسیری کو مفید ہے اور بلغم و رطوبتوں کو خشک کرتی ہے اسکے بھی فوائد بیشمار ہیں۔ (ذخیرہ)

اسم	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	منافع و خواص
۴۹۲ ہڑ سیاہ چھوٹی ہڑ	ہلیلۂ سیاہ	اہلیلج اسود	سیاہ	کسیلی	مشہور ہے	سرد ۱ خشک ۲	جگر کو	شہد و روغن	ہڑ کابلی	۹ ماشہ	حواس اور اعضائے شکمی کو قوت دیتی ہے اور خون کو صاف کرتی ہے اور بادِ سودائی کو دستوں کی راہ نکالتی ہے اور کوڑھ اور بواسیر اور درد طحال کو مفید ہے اور سبب نچوڑنے کے دست آور ہے اور اسکا سیدہ دستوں کو بند کرتا ہے۔ (غیر سمی)
۴۲۰ ہرفاریوڑی	•	•	زرد	ترش	ایک پھل گول ہر اٹ پھل برابر کے [illegible]	سرد تر ۲	بلغم و سودا پیدا کرتی ہے	شہد	آملہ خام	•	صفرا کو خوب چھانٹتی ہے اور جوش خون کو تسکین دیتی ہے اور گرمی و سوزش کو دفع کرتی ہے اور خون بہنے کو بند کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور اسکے پتوں کا شیرہ خون کو صاف کرتا ہے اور کوڑھ کو نافع ہے۔ (غیر سمی)
۴۲۱ ہڑ کابلی	ہلیلۂ کابلی	اہلیلج کابلی	زرد و بھوری	کسیلی	مشہور ہے	معتدل ہے	دماغ کو	شہد	ہڑ سیاہ و زرد	۹ ماشہ	مادۂ سوداوی و بلغمی و صفراوی کو دستوں کی راہ نکالتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور حواس کو قوت دیتی ہے اور مرگی و لقوہ و خفقان و مالیخولیا کو مفید ہے اور نچوڑ کے دست لاتی ہے۔ (غیر سمی)
ہرناکھری	•	•	سفید شفاف	پھیکا و کسیلا	ایک پتھر ہے صاف زیادہ اور مشابہ سم ہرن کے ہے	گرم تر	•	•	•	•	کھانسی اور کوڑھ کو نافع ہے اور ہر روز ایک رتی ہمراہ سات ماشہ کالی مرچ کے پیسکر پینا باہ کو قوت دیتا ہے اور منی زائد کرتا ہے اور آنکھوں کی بیماریوں کو نافع ہے۔ (غیر سمی)
۴۲۳ [illegible]	ہفت برگ	اذریون	زردی مائل	تلخ	ایک درخت ہے جسکے پتے [illegible] کے پتوں سے مشابہ ہیں [illegible]	گرم خشک ۳	جگر کو اور کرب لاتا ہے	مدبر کرنا	گوگل و ابرسا	۱۱ ماشہ	جالا کرتا اور سودا کو پاک کرتا ہے اور صفرا کو براہ دست نکالتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور لقوہ و تشنج و کمی بینائی اور جلندر اور کانور کو اور ضعف گردہ و مثانہ کو اور ورم طحال کو مفید ہے اور اسکے درخت کا دودھ سم قاتل ہے اور جو قے لاتا ہے جسکی اصلاح ممکن نہیں ہے۔ (غیر سمی ... سم قاتل ہے)

اسم نسخہ فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	فوائد ومنافع
۹۲۴ ہیرہ	.	سبز ہوا سفید	کسیلا بدبودار	ایک گھاس ہے جسکی بو بدبودار کثیر الوجود	سرد و تر درجہ میں گرم تر ہے	پھیپھڑون کو	.	.	.	پیشاب خوب لاتا ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ کر نکالتا ہے اور بو تھوڑی سی پیشاب ہونے کو مفید ہے اور زکام پیدا کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے (خزائن)
۹۲۵ ہلدی زرد چوب	زرد [illegible]	زرد	تلخ تیز بو	مشہور ہے	گرم خشک ۲	دل کو	لیمو و آب ترنج	ماسیران	۵ ماشہ	آنکھ کی بینائی کو جلا دیتی ہے اور جگر کے سدہ کھولتی ہے اور جالا اور [illegible] کو مفید ہے اور اسکا چبانا دانت کے درد کو نافع ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور [illegible] آنکھون کی بیماریون کو نافع ہے اور آنکھ کو قوت دیتی ہے اور اسکے [illegible] چوٹ کو مفید ہیں۔ (خزائن)
۹۲۶ ہلہل	.	بیج سیاہ پتے سبز	قدرے تلخ	ایک گھاس ہے [illegible]	گرم تر	.	.	.	.	قولنج اور [illegible] کو مفید ہے اور اسکے پتون کا رس کان کے درد کو نافع ہے اور اسکے بیج بواسیر کو نافع ہیں اور ممسک ہیں اور جریان منی کو دفع کرتے ہیں اور اسکے پتون کے جوشاندہ سے استنجا کرنا اور [illegible] بواسیر کو [illegible] کرتا ہے (خزائن)
۹۲۷ ہلدیہ	.	زرد	تلخ	ایک جڑ ہے مشابہ ہلدی کے	گرم خشک ۴	سینہ و جگر	گھی اور روغن	[illegible]	کھانے نہیں	وحشت کو کم کرتا ہے اور زخم ڈالتا ہے اور سم قاتل ہے اسکا استعمال کسی طرح جائز نہیں ہے۔ (سم قاتل ہے)
۹۲۸ ہمیشہ بہار	ابرون وحی العالم	پتے سبز وپھول سفید و زرد	قدرے تلخ	ایک درخت ہے [illegible]	سرد ۲ خشک ۱	طحال کو	گل ارمنی	کاہو و عنب الثعلب	۷ ماشہ	جالا اور طحال کے [illegible] کو بند کرتا ہے [illegible] درد سر کو اور آشوب چشم اور درد گوش کو مفید ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور خون بہنے اور [illegible] کی خراش اور [illegible] کو مفید ہے اور گرمی کے ریاح کو تحلیل کرتا ہے (خزائن)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
۹۲۹ ہنسراج	پرسیاوشان	شعر الجن و شعر الارض و شعر الجبال	سبز و بھورا	قدرے تلخ	ایک گھاس ہے مشابہ خنثیٰ کے اور زمین نمناک میں اگتی ہے	معتدل ہے اور بعض کے نزدیک گرم و خشک ۱	طحال کو	[illegible]	گل بنفشہ و ملٹھی	تولہ	اخلاط کو لطیف کرتا ہے اور سدے کھولتا ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور خشکی لاتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور مادہ بلغمی اور سوداوی کو دستوں کی راہ نکالتا ہے اور مادہ صفراوی کو بھی نکالتا ہے اور سینہ کو پاک کرتا ہے اور ضیق اور درد سینہ اور درد و کھانسی کو مفید ہے اور کالو کو نافع ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو اور حیض و نفاس بند ہو جانے کو نافع ہے۔ (دغیرہی)
۹۳۰ ہنکوشٹ	•	•	زردی مائل	تلخ و کسیلا	[illegible]	گرم	آنتوں کو	مصری	ترمل	•	پھوڑے پھنسی و رسلے و دردالوتن کو دفع کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور اسکے درخت کی چھال جوش خون و کوڑہ و کھجلی کو نافع ہے اور مادہ سوداوی کو براہ دست نکالتی ہے۔ (دغیرہی)
۹۳۱ بلیلہ	•	[illegible]	غباری و سرخ	قدرے تلخ و تیز	ایک خاص درخت کا پھل ہے مشابہ جوز کے [illegible]	گرم خشک ۲	گردہ کو	[illegible]	[illegible]	۲ ماشہ	خشکی کرتی ہے اور ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور اخلاطوں کو سب لطیف کرتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور دلیک افلاطونکو کھلاتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور بلغمی بیماریونکو مفید ہے۔
۹۳۲ ہیرا	•	الماس	سفید و براق	پھیکا	ایک قیمتی اعلے درجہ کا مشہور پتھر ہے	سرد خشک ۴	قاتل ہے	[illegible] اور بکری اور تازہ دودھ	سانپ کا زہر	•	اسکا پاس رکھنا اور گلے میں لٹکانا دل کو قوت دیتا ہے اور خوف و بجلی کو دفع کرتا ہے ولادت جلد کرتا ہے اور باعث غلبہ کا ہے دشمن پر اور ششش پہل نگینہ اسکا ہے اور اسکا منجن دانتوں کو شفاف کرتا ہے۔ (سم قاتل ہے)
۹۳۳ ہیرا دوکھی	خون سیاوشان	دم الاخوین قاطر الدم	سرخ و براق	قدرے تلخ	ایک درخت کا گوند ہے مشہور الیاس کے انواع [illegible] میں [illegible]	سرد ۲ خشک ۲	گردہ کو	کتیرا اور صمغ عربی	شادنج اور عصارہ کاہو	۴ ماشہ	خون کو روکتا اور بند کرتا ہے اور بینائی و معدہ کو قوت دیتا ہے اور فضول کو اعضا کی طرف مواد گرنے نہیں دیتا ہے اور آنتوں کی خراش اور دستوں کو مفید ہے اور اسکا سرمہ آنکھوں کو قوت دیتا ہے اور اسکا منجن مسوڑوں اور دانتوں کو قوی اور صاف کرتا ہے اور معدہ و جگر کی گرمی کو دفع کرتا ہے۔ (دغیرہی)

اسم مشہور	فارسی	عربی	رنگ	ذائقہ	ماہیت	طبیعت	مضر	مصلح	بدل	قدر شربت	افعال و خواص
کسیس ہیراکسیس	زاک سبز	زاج اخضر	زرد سبزی مائل	بودار و کسیلا	ایک چیز بنائی ہوئی ہے خوب بھاری	گرم ۳ درجہ و خشک ۲ درجہ مین	پھیپھڑے کو	روغن	.	کھایا نہین جاتا	چھونکے دیتا ہی اور گوشت کو گلا ڈالتا ہی اور زخم کرتا ہی اور معدہ و آنتونکے کیڑے مارتا ہی اور بعض زہرون کا مارگ ہی اور باہ کو قوت دیتا ہی اور پسّی کو گلا ڈالا کرتا ہے۔ (قریب سم ہے)
ہینگ	انگژد انگدزہ	حلتیت	سفید و غباری	تلخ و بودار	درخت انجدان کا گوند ہے دو قسم کا ہوتا ہی خوشبودار و بدبودار	گرم ۴ خشک ۲	دماغ کو اور گرم مزاج جگر کو	کتیرا اور بنفشہ اور انار شیرین	باؤ بیس و سکبینج	۲ ماشہ	دماغی اور پٹھون کی بیماریونکو جیسے مرگی اور فالج و لقوہ اور رعشہ وغیرہ مین بہت مفید ہے اور امراض بلغمی کو نافع ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور دفع کرتی ہی اور کھانا ہضم کرتی ہی اور بھوک بڑھاتی ہے اور جگر و معدہ و طحال کی بیماریون کو نافع ہی اور گرمی پیدا کرتی ہے اور آواز کو صاف کرتی ہے اور اسکا لیپ ہمراہ روغن کے چوٹ اور بال کو مفید ہی اور اسکا کان مین ڈالنا کان کے بہنے اور بہرے پن کو مفید ہے اور اکثر زہرون کی مارگ ہے اور اسکا گھر مین رکھنا وبائی ہوا سے محفوظ رکھتا ہے۔ (قریب سم ہے)
						باب الیاء المثناۃ التحتانیہ		اور اسمین دو دوائیان ہین			
یاقوت	یاقوت	یاقوت	سرخ و براق	پھیکا	ایک قسم کا پتھر معدنی اور سخت و چمکدار ہوتا ہی اور قیمتی ہے	معتدل	.	عنبر و سونا و یشب	نا مُردہ	۳ رتی	خشکی لاتا ہی اور دل اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتا ہی اور فرحت بخشتا ہی اور اکثر زہرونکا مارگ ہی اور خفقان اور وسواس کو دفع کرتا ہی اور خون بہنے کو بند کرتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور مرگی اور وبائی ہوا کے فساد کو دفع کرتا ہی اور اصلی حرارت و قوت بینائی کا حافظ ہی اور باطن کی بستہ خونکو بھار دیتا اور تحلیل کرتا ہی
یشب	[illegible]	[illegible]	مختلف رنگ کا جھلکتا سبز زردی مائل ہوتا	پھیکا	ایک قسم کا سخت پتھر ہے قیمتی و چمکدار	سرد خشک	.	.	یاقوت زرد	۱ ماشہ	دل و معدہ کو قوت دیتا ہی اور خفقان و وسواس کو نہایت مفید ہی اور دماغ کو قوت دیتا ہی اور اکثر امراض دماغی کو نافع ہی خاصکر مرگی کو اور باطن میں بستہ خونکو پگھلا دیتا ہی اور باطنی زخمونکو مفید ہی اور اسکا پاس رکھنا جسطرح ممکن ہو خفقان و وسواس کیلئے عجیب الاثر ہے۔ (قسم ۱) قدر قلیل کہہ لینا

فہرست اسماء عربی ادویہ

جس شخص کو فقط عربی نام کسی دوا کا یاد ہو یا کسی نسخہ میں صرف عربی نام دواؤن کے مذکور ہون ان دونون صورتون مین یہ کتاب مخزن المفردات فائدہ مند نہوتی کیونکہ استخراج عربی دوا کا بہت ہی دشوار تھا لہذا آخر مین جداول مفردات کی یہ فہرست عربی نامون ادویہ کی بقید ویتہ نمبر شمار مندرجہ جداول مفردات کے لاحق کی گئی ہے تاکہ جس شخص کو جون سا نام دوا کا معلوم ہو خواہ اُردو ہو خواہ عربی وہ بخوبی وبآسانی تمام استخراج کر سکے اور کل کیفیت دوا کی دریافت کر سکے۔ گویا اب یہ مفردات قائم مقام دو مفردات کے ہوگئی یعنے (اُردو مفردات و عربی مفردات کے) بمعمول فہرست ہذا) جس دوا کا عربی نام معلوم ہو اُسکی ردیف وار اس فہرست مین کھیں جس حرف کی بحر مین وہ نام نکلے اُسکے نمبر کو جو اُسکے داہنے پہلو مین لکھا ہوا ہے ملاحظہ کرکے اُسی شمار سے اصل کتاب مفردات مین وہ دوا مستخرج کر لین اور کل کیفیت ملاحظہ فرمالین ـــ

ایک فائدہ جلیلہ اس فہرست مین یہ بھی ہے کہ نسبت نجومی کا بھی ایک خانہ اسمین رکھا گیا ہے اُس سے یہ بخوبی معلوم ہوسکتا ہے کہ سبع سیارہ مین سے کس سیارہ کے ساتھ اس دوا کو نسبت قوی ہے۔ اس رمز کے بیان مین حتی المقدور بہت کوشش کی گئی ہے مگر بعض دوا کی نسبت نجومی باوجود تلاش بسیار کے نہین معلوم ہوئی اُسکے بیان مین مجبوری و معذوری ہے۔ فقط

نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
باب الالف			۶۲	آجبہ	شمس	۳۰۲	اذون الفار	زحل
۱	آمدس	شمس	۷	اجاص	زحل	۲۴۳	اذن الفیل	شمس
۴۲۲	ابردن وحی العالم	مشتری	۲۰۲	اخرنیص ورق البقر	شمس	۲۵۰	اذخر	زحل
۹۱	ابل-مذرۃ العزیز	زحل	۲۳	ارجوان	مشتری	۵۸۸	رائی قاتل الطب	شمس مریخ
۵۱۵	ابقر	قمر	۲۰۳	اراک	زحل	۲۲۳	آسارون	شمس
۳۰۸	ابوفلسار	مریخ	۲۶۳	ارز	مشتری	۴۹۰	استرنج	مریخ
۱۴	اترج	شمس	۲۶۳	ارزسونجہ	زحل	۱۲۱	اسفاناخ	قمر
۲	اثل طرفا	زحل	۴۷۷	اردبرن	مریخ	۴۵۱	اسفیداج	زحل
۴	اثلق	؎	۲۱	ارکان	؎	۴۵۸	اسقنقور	مشتری
	اثمد	شمس	۴۴۵	اربع اربعین	شمس	۴۲۸	اسقولوقندریون	زحل

نمبرشمار	نام عربی ودوا	نسبت نجومی	نمبرشمار	نام عربی ودوا	نسبت نجومی	نمبرشمار	نام عربی ودوا	نسبت نجومی
۳۳	اسلوخودوس	شمس	۳۰۹	القلیا انفہ ذنبث قصا	مشتری	۹۰	بادیان خطائی	مشتری
۰۵۲	اسفنج	زحل وقمر	۵۹۱	الکک	شمس	۱۴۴	باسیاہ وتبابیہ	قمر
۰۰	اسقوردیون	شمس	۰۷۷	اکلیل الملک	مشتری	۰۹	باقلا	〃
۳۵	اسشنان	مریخ	۰۳۳	الثوا التوا	مریخ	۱۱۲	بخور مریم ـت	مشتری
۳۰۸	اشـ وتیتہ العجوز	زہرہ	۹۳۳	الماس	شمس	۱۹۱	برنجاسف	مشتری وشمس
۵۹۳	اشق۔ وذان الفیل	مریخ	۹	آملج	زحل	۹۰	برنج کابلی ـت	زہرہ وقمر
۴۱۲	اصابع الصفر	شمس	۵۵	انبج	شمس	۴۰۵	برنج یعنی چنبل	شمس
۲	اصل الآس	زحل	۵۹	انجدان رومی	مریخ	۶۰۰	بردی	زحل
۲۳۱	اصل الخطمی	قمر	۲۲	انجبار	〃	۸۵۲	برطانیقی	〃
۲۳۲	اصل حب السلاطین	مریخ	۴۲۵	انبرباریس	زحل	۴۲۰	بزرالانجرہ وحب الفقد	زہرہ
۲۰۱	اصل السوسن	〃	۷۸۹	انزروت وکل پاشی	مریخ		وحب الفیل	
۲۰۰	اصل الرازیانج	زحل	۱۸۴	انقہ	عطارد	۱۲۲	بزرالاسفاناخ	قمر
۱۲۸	اصل الفلفل	مریخ	۲۷۹	انکمہ	زحل	۱۲	بزرالبنج	زحل
۸۴۵	اصل السوس	〃	۲۸	انناس صنف	قمر	۱۹۰	بزرالبصل	قمر
۵۷۳	اصل الکبر	〃	۸۵	انیسون	مریخ	۳۲۲	بزرالبطیخ	〃
۹۵۵	اصل الکاذی	مشتری	۱۰۲	ارطا سوئی	زہرہ	۴۵۳	بزربرطانیقی	زحل
۵۵۱	اصل السندباد	قمر	۹۱۹	الہلیلج اصفر	زحل	۳۲۲	بزربلـ ت	〃
۸۴۰	اطراف حب القلب	مشتری	۹۲۰	الہلیلج اسود	〃	۲۱۹	بزرالبطیخ الہندی	قمر
۵۵۵	اطریلال۔ ورمل الغرا	مشتری	۹۲۲	الہلیلج کابلی	〃	۳۲۴	بزربقلة الحمقاء وفرفخ	〃
	وبرالشیاطین	ومریخ		**باب الباء**		۲۲۱	بزرالجرجیر	شمس
۵۹۷	اظفار الجن	زحل				۴۵۷	بزرالجزر	قمر
۵۹۲	اظفار الطیب	مریخ	۸۷	بالونج	مشتری وزہرہ	۵۶۳	بزرالحلبہ	مشتری
۲۷۳	افشرہ مقوم نیشکر	مشتری	۱۰۱	بادرنجبویہ	〃	۳۰۲	بزرالحماض	قمر
۳۹	افتیمون	〃	۷۷۹	باسوم	شمس	۳۳۴	بزرالحمحم ابیض	〃
۳۷	اقاقیا	زحل	۱۲۰	بان	〃	۳۳۵	بزرالحمحم احمر	〃
۷۱	اقحوان	مریخ	۱۵۵	بادنجان	مریخ	۲۲۹	بزرالخطمی	〃

نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام دوا	نسبت نجومی
۲۱۰	بزر الخشخاش البستانی	زحل و مریخ	۲۰۱	بزر الحدبہ	قمر	۲۱۹	بندق ہندی	مریخ
۲۱	بزر الخشخاش البری	مریخ	۲۰۲	بزر السلیون	مشتری	۱۱۵	بندق	شمس
۵۱	بزر الخس	قمر	۵۵۰	بزر الہندبا	قمر	۱۵۰	بورق	//
۲۲	بزر الریحان	"	۲۲۳	بسباسہ	شمس	۱۰۹	برش ورشدی	قمر
۱۱	بزر السداب	مریخ و مشتری	۶۲۰	بد	شمس و مشتری	۱۴۲	بہمن سرخ	شمس
۲۸	بزر السلق	مشتری و شمس	۱۹۲	بصل العنصل الفار	مریخ و قمر	۱۴۱	بہمن سفید	//
۲۰	بزر الشبت	شمس	۵۹۵	بصل العنصل والعنصل	"	۵۰	بیض الدیک	"
۱	بزر الشاہترج	"	۲۱۸	بطیخ ہندی	مشتری و قمر	۵۲۵	بیض السمک	
۵	بزر الشلجم	قمر	۳۲۱	بطیخ	"	۱۰۸	بیش	مریخ
۲۶	بزر الفجل	"	۵۱۱	بقس	زحل			
۱	بزر القریض	عطارد	۵	بقم	مریخ		**باب التاء**	
۳	بزر قطونا	قمر	۱۲۹	بقم	"	۲۳۰	تمن زنباک	شمس و مریخ
۱۱	بزر القطف	"	۵۹۲	بقلۃ الانصار	"	۶۲۵	تراب القی	زحل
۹۱۱	بزر القثاء	"	۳۰۱	بقلۃ الحی سعنہ	"	۸۹۲	تربد	مریخ
۲۲	بزر القند	"	۷۷۵	بقلۃ الملک	قمر	۳۰۸	ترمس	مشتری
۵۱	بزر القرع	"	۸۷۲	بقلۃ الحلب	زحل	۲۲۲	ترنجبین	"
۱۲	بزر القنب	زحل	۳۲۲	بقلۃ الحمقاء الطویل	قمر	۲۲۹	تشمیزج	مریخ
۱	بزر الکشوث	مشتری	۷۹۵	بقلۃ الحمقاء القصیر	"	۵۹۴	تفاح	مشتری و قمر
۲	بزر الکتان	قمر	۵۲۵	بقلۃ الحرث	مریخ	۳۱۰	تمر	"
۱	بزر الکراث	مریخ	۳۰۳	بقلۃ الیمانیہ	قمر	۴۹	تنکار	مشتری
۱	بزر الکرفس	زحل	۳۱۱	بلح		۷۱۱	توبال الحدید	زحل
۹۰	بزر الکرب الماء	قمر و زحل	۹۱	بلوط	زحل	۲۶۲	توبال النحاس	"
۸	بزر لسان الحمل	قمر و مشتری	۱۳۳	بلادر	شمس	۲۳۲	توت حلو و توت شامی	مشتری
۹	بزر لسان الثور	"	۱۴۸	بلیلج	زحل	۲۳۳	توت حامض	"
۰	بزر لیمون	قمر	۱۲۸	بنفسج - ونرفیر	مشتری	۲۳۰	توتیائے کرمانی	مریخ

نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۹	توتیائے اخضر	مریخ	۳۲۰	جندبیدستر	عطارد و قمر	۱۲۰۳	[illegible]	مشتری
۹۱	تین	مشتری	۱۶۲	جنطیانا	مریخ	۶۶۲	حب السودا	مریخ
۵۰۳	تیں بری		۲۴۹	جوزبوا و جوز الطیب	مریخ و شمس	۳۶۶	حب الصنوبر	مشتری
۱۶۲	تیداج	عطارد	۳۲۵	جوز جندم و تخم اذان	مشتری	۵۷۳	حب الخروع کبابہ	شمس
باب الثاء			۲۶۴	جوزالسرو	٭	۵۹۳	حب الغزم و حب الصنوبر	شمس
۱۰۳	ثلج	قمر	۵۰۵	جوز القی	شمس	۱۳۰	حب القطن	زحل
۵۰۰	ثمرة الطرفا	مریخ و زحل	۳۶۵	جوزالمائل	زحل	۱۴۰	حب ثمر و حب العاب	مریخ
۶۹۹	ثوم	مریخ	۱۰	جوزالسنہ	قمر و زحل	۲۰۸	حب القت	مشتری
باب الجیم			باب الحاء			۲۲۴	حب المحلب	مشتری
۱۰	جاوریس	زحل	۲۵۸	حاج	زہرہ	۵۵۵	حب النیل	مریخ
۳۴۴	جاد النمر	٭	۳۱۴	حاشا	مریخ	۶۸۲	حجرالاعرابی	زحل
۲۱۵	جاوشیر	مریخ	۳۱۰	حاشیش	٭	۲۹۱	حجرالبقر	"
۱۰۳	جبن	مشتری	۵۳	حبادا	زہرہ	۱۴۳	حجرالبلور	"
۳۹	جدوار	مریخ	۹۲۵	حبق بستانی و حماحم و حی العالم	زحل	۳۶۶	حجرالحوت و حجر الملک	"
۲۲۰	جرجیر	٭	۶۶۴	حبارا و قیقرا	شمس	۲۹۲	حجرالمقناطیس	"
۲۵۹	جزر	مشتری	۱۹	حب الآس	زحل	۴۴۳	حجرالنار	"
۲۵۹	جزر البری	قمر	۴۱۰	حب بلسان	٭	۵۷۴	حجرالیہود	"
۵۳۴	جعدہ	شمس	۱۳۹	حب القنبرا	شمس	۱۳۰	حدق باذنجان بری	مریخ
۴۵۰	جمرانہ	"	۵۹۵	حب الدود	مشتری	۶۹۲	حدید	زحل
۹۰۳	جلاب بماء الورد	قمر	۵۶	حب الرمان	قمر	۹۵	حرذون	شمس
۳۶۶	جلاباھت	مشتری	۶۲۹	حب الزبیب		۴۴۵	حرتتر	زحل
۱۰۳	جانبہین	قمر	۳۱۵	حب الزلم	مریخ	۶۶۴	حسک	"
۲۰۵	جلنار	عطارد	۵۹	حب الصنوبر	قمر	۳۸۸	حشفش ہندی	"
۶۶۶	جنسیز	٭	۲۵	حب السلاطین	مریخ	۹۳۲	حلتیت	مریخ
۱۱۴	جنبہ قرقا	"	۴۴۰	حب سلطان الاشجار	زحل	۳۱۹	حماما	"

نمبر	نام عربی دوا	نسبت کوکبی	نمبر	نام عربی دوا	نسبت کوکبی	نمبر	نام عربی دوا	نسبت کوکبی
۱۰	حماض الغفر	مشتری	۲۹۹	غرب الحیات	زحل	۲۷۵	[illegible] ث	مریخ
۳	حمض	شمس	۲۴۰	غرب صینی	۰	۱۷۵	[illegible]	۰
۲۱	حمص	مشتری	۲۳۳	غیث المقلب	مشتری	۲۰۰	دیس	مشتری
۰	حناء	زحل	۲۰۰	غل	شمس	۳۴۰	دینج	
۱۰۱	حنک	مشتری	۱۵۱	غدوث لبن	زحل	۳۴۹	دہن البابونج	قمر
۱۲	حنظل	مریخ	۱۵۳	غوث	زحل و قمر	۳۰۴	دہن البزر	۰
باب الخاء			۱۱۰	غلنز	عطارد	۲۲	دہن حب الغار	
۲۲۳	خب	زحل	۲۵۹	فندراس و	زحل	۳۴۹	دہن حب بلسان	
۲۱۰	خبازی	قمر		ملک روسیہ		۳۴۲	دہن حب الصنوبر	
۰۲	خبث الحدید	زحل	۲۲۹	فنفار دجیل ن	عطارد	۳۰۱	دہن حب القرطم	۰
۳۰۴	خبث الذہب	شمس	۲	فدغ	قمر	۳۰۴	دہن حب الخروع	۰
۲۰۰	خبازی	قمر	۲۱۲	فرلنبان	مریخ	۳۴۰	دہن الخوخ	۰
۳۱	خردل	شمس	۲۰۹	فیری غرامیت	۰	۳۰۵	دہن بزر القثاء	۰
۱۱۰	خربق ابیض	زحل	باب الدال			۳۰۶	دہن بزر البصل	۰
۳۰	خرول	مریخ	۲۳۰	دار صینی	شمس	۳۴۳	دہن بزر الفرصاد	زحل
۱۴	خرقلان	مریخ	۱۲۰	دار فلفل	مریخ	۳۰۴	دہن بزر بلد	۰
۴۰	خرتل	مریخ	۱۰	دار بلد	۰	۳۰۰	دہن نفس	قمر
۱۰۰	خرنوب شامی	زحل	۱۰۵	دبا و قسطین صاو	قمر	۳۴۴	دہن الخشخاش	زحل
۲۲۰	خرنوب نبطی	۰	۱۱۰	دج	مریخ	۳۴۰	دہن الزیتون	قمر
۲۲۴	خراطین	زحل و قمر	۳۱۳	دحن	زحل	۳۰۳	دہن السمسم	
	و امعاء الارض		۵۰۵	دخن	۰	۳۴۴	دہن السوسن	
۲۵	خروع	شمس	۲۴۲	درونج عقربی	مریخ	۳۰۴	دہن بزر الجبن	مریخ
۱۵۰	خزاء	زحل	۲۳۰	دقلی دسم الحمار	۰	۳۰۳	دہن السود	زحل
۲۲۱	خزت	۰	۲۹۱	دلب	زحل	۳۴۵	دہن الکتان	قمر
۲۰۰	خس	قمر	۴۳۳	دم الاخوین و قطربہ	۰	۳۱۵	دہن الکرمن	زحل
						۳۴۴	دہن اللوز	قمر

نمبرشمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبرشمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبرشمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۴۱۰	دہن مالکنگنی	〃	۲۲۹	ریحان البری	مریخ	۴۰۲	زنبق	قمر
۴۰۹	دہن سوسہ	〃	۳۲۹	ریشۂ خشخاش	〃	۴۲۹	زنجبار	مریخ
۴۱۳	دہن المارجیل	〃		باب الزاء		۶۶	زنجفر	〃
۴۱۲	دہن النیب	زحل	۱۹۳	زاج ابیض	مریخ	۴۳۰	زوفای یابس	مریخ
۹۰۱	دہن الورد	قمر	۹۰۹	زاج اصفر	〃	۹۹۳	زہر و لسان الثور	قمر
	باب الذال		۹۰۵	زاج اخضر	〃	۵۲۲	زہرہ عباسی	〃
۱۱۴	ذات الدائب	〃	۸۷۱	زبد	〃	۱۵۹	زیبق	شمس
۸۵۴	ذباب	〃	۴۰۴	زبد البحر	قمر و زحل	۴۳۲	زیتون	زحل
۴۰۳	ذہب	شمس	۸۵۰	زبیب	زحل		باب السین	
	باب الراء		۵۱۳	زجاج	شمس	۴۳۶	ساج	عطارد
۳۷۴	راتینج	〃	۴۴۳	زراوند طویل	مشتری	۲۴۰	ساذج ہندی	زحل و مشتری
۴۰۶	رازیانج	مریخ	۴۴۴	زراوند مدحرج	〃	۵۲۳	ساسم	مشتری
۴۲۲	راوند	مشتری	۱۱۱	زرنب	شمس	۱۵۴	سدر - دبق	زحل
۵۳۰	رب السوس	〃	۸۷۵	زرنباد و عرق الکافور	〃	۴۱۳	سداب	زحل و مریخ
۳۰۹	رصاص الابیض	مریخ	۸۷۹	زرنیخ احمر	شمس	۹۵۰	سرخس	〃
۴۹۷	رصاص الاسود	〃	۹۱۷	زرنیخ اصفر	〃	۹۵۲	سرطان نہری	قمر
۴۳۶	رطب ہندی	قمر	۲۷۴	زرورد	قمر	۲۵۴	سطراطیوطس	〃
۵۳	رمان الحلو	قمر	۲۵۱	زعفران و کرکم	مریخ	۸۸۷	سعد کوفی	زحل
۴۵	رمان الحامض	〃	۴۲۱	زفت رطب	مشتری	۱۴۹	سفرجل	〃
۵۵	رمان مینخوش	〃	۲۳۸	زقوم حجازی	مریخ	۸۰۱	سفستان و دبق	مشتری
۹۸	رمل	مشتری	۴۹۹	زقوم شامی	〃	۴۵۷	سقمونیا و محمودہ	مریخ
۸۲۴	روبیان	قمر	۱۶۲	زمرد	عطارد و زہرہ	۵۱۳	سکرابیض	مشتری
۲۷۸	روح البنج	〃	۱۸	زنجبیل	مریخ	۹۲۳	سکبینج	مریخ
۲۰۹	روسختج	〃	۳۷۲	زنجبیل شامی	〃	۴۳۸	سلخ الحیہ	شمس
۴۲۱	ریباس	زحل	۴۸۵	زنجبیل رومی	〃	۴۴۲	سلطان الاشجار	زحل

	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام	نسبت نجومی
	سلق	مشتری	۲۲۸	شاہ سفرم	زحل	۵۰۱	شلیم	شمس
	سماق	زحل	۲۳۰	شاہ صینی	،		باب الصاد	
	سرۃ ام غیلان	،	۵۰۶	شاہ پسند ـ ت	شمس	۲۲۵	صابون	مریخ
	سمسم	مشتری	۲۰۴	شبت	،	۴۳	صبر سقوطری	شمس
	سم الفار و قرون السنبل	مریخ	۴۵۱	شب	مریخ	۴۱۳	صمناۃ	زحل
	سمک الروبیان	قمر	۱۹۲	شب یمانی	زحل	۵۵۴	صدف	زہرہ
	سمک السمک و	مشتری	۵۰۰	شبرم	مریخ	۲۳۲	صعتر	زحل
	ماہیزہرج		۴۲۵	شبوط	زہرہ	۱۰۰	صمغ عربی	مشتری
	سمک الرل و	زحل	۳۴۱	شجرۃ الجن	مریخ	۲۹۴	صندل ابیض	زحل
	سمک الصیدا		۲۷۷	شحم	قمر	۲۹۵	صندل احمر	،
	سن	قمر	۴۶	شعر	زحل	۵۲۴	صنوبر	زحل
	سنباذج	عطارد	۲۶۱	شعیر	قمر		باب الضاد	
	سنارکی	زحل	۲۴۷	شعیر العریان	،	۷۴۱	ضرو	شمس
	سنبل رومی	شمس	۴۳۰	شعر الجن، شعر الارض و شعر الغیلان	مریخ	۲۴۸	ضیبان	،
	سنبل ہندی	،	۶۰۰	وشقائق لمان	،		باب الطاء	
۲۱۱	سیندروس	زحل	۵۱۱	شکاعی	،	۱۰۶	طار	زحل
۴۰۸	سور ریحان السلو	مشتری	۵۱۲	شکر تیغال	مشتری	۶۲	طراثیث وزب الارض	،
۴۰۴	سور ریحان البر	،	۵۱۵	شالم	،	۵۲۵	طالیسفر	،
۴۰۴	سوسن آسمان جون	زحل	۵۰۶	شام	زحل	۵۱۷	طالیقون	،
۳۴۴	سوسپند	،	۶۹۳	شمع	قمر	۱۰۲	طباشیر	،
	باب الشین		۶۰	شوکۃ الجبل	مریخ	۵۲۰	طحلب	قمر
			۴۴	شوکۃ البیضا	،	۵۵۲	طرشقوق ہندبا بری	زحل
۵۰۵	شانج و حجر الدم	مریخ	۵۱۶	شوکران	زحل	۱۱	طالق	مریخ
۲۷	شامل	مشتری	۳۴۱	شیح	،	۲۳۱	طوطیا	
۱۳۴	شامانع	زحل	۵۲۱	شیر خشت ـ ف	قمر			
۱۷۰	شاہترج	مشتری	۳۱۲	شیطرج ہندی	مریخ	۶۱۰	طین الابیض	،

نمبرشمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۶۰۲	طین یافتانی	زحل
۶۱۹	طین الفارسی	״
۲۰۳	طین مختوم	״
۷۷۵	طین مغرب احمر	״
۶۱۰	طین ملتانی وخراسانی	״
	باب الظاء	
۹۳۸	ظلف	زحل
	باب العین	
۳۴۰	عاج	زحل
۴۰	عاقرقرحا	مریخ
۸۳۳	عدس	زحل
۵۰۴	عدب۔ وثمرۃ الاثل	״
۵۱۴	عرعر	عطارد
۶۱۷	عرق الجبال و حافظ الاجساد	شمس
۹۲۱	عروق الصفر	״
۴۵۴	عسری	مریخ
۴۵۵	عری السمک	״
۵۲۰	عسل	قمر و مشتری و زہرہ
۵۲۷	عصبہ خربیہ	زحل
۳۴۴	عشب و آب	״
۳	عشر	״
۵۲۹	عصارہ زریان	شمس
۲۰۲	عصارہ قصب السکر	مشتری
۷۸۴	عین الراعی	زحل

نمبرشمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۴۰۰	عفص	زحل
۱۰۹	عقرب	مریخ
۳۱۵	عقیق	زہرہ
۷۲۹	علک البطم	زحل
۳۳۵	عناب	״
۰۷	عنب وحصرم	زحل
۸۳۹	عنب الثعلب	״
۵۳۳	عنبر اشہب	شمس
۵۰۱	عود البرق و دارشیشعان	مشتری و شمس
۳۴۷	عود بلسان	״
۵۳۵	عود صلیب فاوانیہ	قمر
۴۱	عود غرقی	شمس
۷۷۲	عین الدیک	زحل
	باب الغین	
۵۳۶	غار	مشتری
۵۳۷	غاریقون	شمس
۵۳۰	غافث	مریخ
۵۳۹	غالیون	״
۲۲۹	غبار الرحی	زحل
۳۶۰	غبیرا	״
۵۰۲	غلاف الغول	״
۵۰۳	غول	״
	باب الفاء	
۴۳۱	فادزہر معدنی	زحل

نمبرشمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۲۰۷	فاغرہ	زحل
۵۷۸	فاشرا	زحل
۱۹۱	فانہ	قمر
۴۰۰	فانید	مشتری
۱۹۴	فنان	״
۰۲۱	فجل	مریخ
۲۰۸	فراسیون وعلقا	شمس
۳۷۸	فرنجمشک۔ ف	زحل و
۰۹۲	فرلیقا	مشتری
۲۴۸	فسافس	مریخ
۱۷۴	فستق	مشتری
۴۱۵	فطراساليون	״
۲۶۰	نعنع	مشتری
۲۵۳	فلفل الماء	مریخ
۸۲۹	فلفل السوداء	״
۸۳۰	فلفل احمر	״
۵۱	فلوس خیار شنبر	مشتری
۱۰۵	فوتنج	مریخ
۱۰۶	فوتنج جبلی	״
۳۰۳	فوفل رطب	زحل
۳۴۴	فوفل ہندی	״
۸۲۸	فوہ و عروق الصباغین	مشتری
۵۲۲	فیروزج	زحل
	باب القاف	
۸۱۲	قائم بالذات	زحل

	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
	ناقہ معفا	مشتری شمس	۲۶۶	قصب الزریرہ	شمس	۹۰۰	کرنب الماء	مشتری
	قاقلہ کبار	″	۴۱	قصب السکر	مشتری	۳۶۷	کزبرہ	زحل
	قالص	″	۲۹۶	قصب	زحل	۶۴۳	کسیلی	″
۶۱	قثاء	مشتری	۸۹۶	قسب	″	۳۰۴	کلس و نورہ	مریخ
۱۲	قثاء البر	″	۱۲۶	قطف	″	۶۱۸	کماذریوس	مشتری
	قثاء الحمار	شمس	۲۷	قلفاش	″	۲۱۱	کمافیطوس	″
	قثد	″	۴۴۳	قلی بیسفرشب	″	۴۳۴	کمون ابیض	مریخ
۱۴	قدم	مشتری	۱۳۶	قنب و ورق	″	۴۳۵	کمون سود	″
۸	قراصیا	″		الجبال		۵۶۰	کمون رومی	″
	قرث المر	قمر و مریخ	۶۲۰	قنب بری	″	۱۵	کمون ملوکی	″
۲	قرنہ وسلیخہ	مریخ	۶۹۱	قنبط	″	۴۸	کمثری	قمر
۵	قرطاس	عطارد	۶۲	قنبیل	مریخ	۶۲۱	کندر ذکر	مریخ
۵	قرن دلعاج	مریخ	۵۴۶	قنطوریون کبیر	مشتری	۸۹۵	کندش و	″
۹۲	قرن الجرد صیاح الر	″	۵۴۵	قنطوریون صغیر	″		عود العطاس	
۴۴۲	قرنفل	″	۶۹۹	قنہ	زحل		**باب اللام**	
۵۵۵	قرومانا	مشتری	۳۶۷	قیر و قیہر	″	۴۴۶	لاوشہ	شمس
۴۲	قز	عطارد		**باب الکاف**		۶۰۰	لاذن	مریخ
۶۳۲	قسط المر	مشتری	۵۶۸	کات ہندی	زحل	۶۶۹	لازورد	عطارد
۴۳	قسط الحلو	″	۵۵۳	کاشم	مریخ	۶۰۱	لاغیہ	مریخ
۱۲	قشر الاترج	قمر و زہرہ	۱۵۳	کاغذ	″	۲۰۴	لبا	زہرہ
۵	قشر الرمان	″	۵۶۴	کافور	زحل	۵۲۸	لبلاب	زحل
۱۰۰	قشر الخشخاش	قمر و مریخ	۵۵۰	کاکنج	مشتری	۵۴۵	لبن شبیح و	مشتری
۱۴	قشر الفستق	مشتری	۶۶۰	کبریت	مریخ		حافظ الاطفال	
۶۱	قشمش	″	۵۸۳	کثیرا	مشتری	۳۲	لبن الخشخاش و افیون	مریخ
۴۲	قصب	زحل	۶۸۲	کراث	″	۳۵۲	لبن الاسہ	″

نمبر شمار	نام حیوانی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام حیوانی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام حیوانی دوا	نسبت نجومی
۳۵۵	لبن الاتان	قمر	۶۵۴	لحم التمساح	مریخ	۶۲۶	لحم السنجاب	زحل
۳۵۴	لبن البقر	〃	۶۴۶	لحم الثعلب	زحل	۶۰۵	لحم السنور	مریخ
۳۴۸	لبن الجاموس	〃	۶۰۸	لحم الجاموس	مریخ	۶۰۷	لحم الشاہین	〃
۳۴۰	لبن الحامض	〃	۶۱۱	لحم جراد البر	زحل	۶۴۴	لحم الشقراق	زحل
۳۵۰	لبن الحمار الوحش	〃	۶۹۳	لحم الجندب	مریخ	۶۵۰	لحم العصفر اعین	〃
۳۵۰	لبن الخفاش	شمس	۶۱۰	لحم الجمل	〃		الصحرو	
۳۵۱	لبن الخنزیر	زحل	۶۳۶	لحم الحمار الاہلی	قمر	۶۰۶	لحم الضان	مشتری
۳۵۲	لبن الرماک	〃	۶۳۹	لحم الحمار الوحش	〃	۶۲۱	لحم الضب	مریخ
۳۴۹	لبن الضان	قمر	۶۳۳	لحم الحمام	شمس	۶۹۸	لحم الضبع و	〃
۳۵۸	لبن الغزال	〃	۶۳۳	لحم الحیہ	〃		ضبعا	
۳۴۶	لبن اللقاح	زحل	۶۲۷	لحم الخنزیر	زحل	۶۵۱	لحم الطاؤس	〃
۳۴۷	لبن الماعز	〃	۶۹۳	لحم الخطاف	مریخ	۶۲۲	لحم الظبی والغزال	زحل
۳۵۳	لبن النساء	قمر	۶۱۸	لحم الخفاش	شمس	۶۱۴	لحم العصفور	〃
۶۹۴	لحم الابل وجمل	زحل	۵۲۳	لحم الدب	〃	۶۵۲	لحم العقعق وعکہ	〃
۶۳۹	لحم الاسد	مریخ	۶۰۹	لحم الدجاج	مشتری	۶۰۴	لحم العندلیب و	〃
۶۹۵	لحم الایل	〃		والدیک			عنادل	
۶۳۰	لحم الارنب البری	مشتری	۶۱۳	لحم الدراج	〃	۶۵۳	لحم الغراب	مریخ
۶۵۴	لحم ابن عرس	مریخ	۶۱۰	لحم الذئب	مریخ		الاسود	
۶۴۸	لحم الاوز وطیر الماء	قمر	۶۲۳	لحم الرخان	زحل	۶۹۰	لحم الفاختہ	مشتری
۶۹۶	لحم البازی	زحل	۶۱۱	لحم الرخم	〃		وصلصل	
۶۳۰	لحم الببغا	〃	۶۲۸	لحم الزرافہ	〃	۶۲۴	لحم القنفذ	مریخ
۶۰۱	لحم البط	قمر	۶۵۵	لحم سبرک	〃	۶۴۳	لحم القرد	زحل
۶۱۹	لحم البلبل	مشتری	۶۳۵	لحم السلحفات	مشتری	۶۵۹	لحم الفیل	〃
۶۳۲	لحم البقر	مریخ	۶۴۶	لحم السماد	زحل	۶۱۵	لحم القبر و	مشتری
۶۵۵	لحم البقر الوحش	〃	۶۹۹	لحم السمانی	〃		ابو الملیح	

نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۷۰۱	لحم القردہ	مریخ	۸۰۲	لوز الحلو	مشتری	۳۳۴	مشمش	قمر
۷۰۲	لحم القمری	زحل	۸۰۳	لوز المر	〃	۴۴۸	مشیمہ دوابہ	〃
۷۰۳	لحم الکبش	〃	۸۰۴	لیمون حامض	زحل	۸۳۷	مصطگی و	زحل
۷۰۴	لحم الکرکی	〃	۸۰۳	لیمون حلو	〃		علک رومی	
۷۰۶	لحم الکلب	〃	باب المیم			۸۶۴	مغاث دکنی	مشتری
۷۰۷	لحم اللق لق	مشتری	۸۶۲	ماش وج	قمر	۷۶۶	مقل ازرق	زحل
۷۰۸	لحم الماعز	〃	۸۵۳	ماش ہندی	〃	۸۹۹	ملح البقہ	قمر
۷۰۹	لحم السمک البحری	〃	۲۲	ماس	〃	۹۰۰	ملح اندرانی	〃
	وسقنین بری	〃	۷۵۴	مار الکاذی	مشتری	۹۰۱	ملح الزجاج	〃
۷۱۰	لحم الرمیس	زحل	۸۱۰	مامیران چینی	عطارد	۹۰۳	ملح الچین	〃
۷۱۱	لحم الحمام وسمانہ	مریخ	۸۲۳	ماہی زہرج	مریخ	۴۶۶	ملح الھیط	〃
۷۱۳	لحم النسر	〃	۴۳۵	مازریون	〃	۹۰۴	ملح الہندی	
۷۱۴	لحم النعامہ	زحل	۲۰۰	محلب	قمر	۴۲۰	مو	زحل
۷۱۲	لحم النمر	〃	۳۰۷	میعہ	مشتری	۲۵۳	موز	
۷۱۴	لحم الوعل و بقر جبلی	〃	۱۳۴	مرکی	زحل		طلع	〃
			۸۳۱	مرداسنج	مریخ	۴۶۲	میعہ سائلہ	مریخ
۷۰۵	لحم الواق واق	زحل	۸۷۷	مرجان	مشتری	باب النون		
۷۶	لحم الھدہد	عطارد	۶۲۸	مرو	زحل			
۷۰۳	لحیۃ التیس	زحل	۳۵۹	مرزنجوش	مریخ	۸۰۰	نارجیل	مشتری
۹۶	لسان الثور	مشتری	۶۱۰	مرقشیثا	〃	۸۶۹	ناریل بحری	〃
۸	لسان الحمل	زحل	۱۰۶	مستعجل [?]	شمس	۸۰۳	ناسپاتی	قمر
۹۱	لسان العصافیر	شمس	۶۰۴	مشک	زحل	۸۳۲	نبات الجلاب	مشتری
۷۸۱	لعل بدخشانی	〃	۶۲۶	مشط الغول	〃	۶۹۱	نرجس و	زہرہ
۷۸۱	لک	〃	۴۳۸	مشکدانہ	〃		بسمر [?]	
۷۵۸	لولو و مرواریہ	قمر و زحل	۸۳۵	مشکطرامشیع	مریخ	۲۰۸	نحاس	زحل

نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی	نمبر شمار	نام عربی دوا	نسبت نجومی
۳۱۷	شناع	مریخ	۹۰۳	وردِ احمر	مشتری	۹۳۲	یوفاریقون	مریخ شمس
۱۴۷	شناله	زحل	۲۰۵	ورد بری	وزہرہ	باب الیاء		
۸۳۸	نسج العنکبوت	مریخ	۹۱۳	ورس	شمس	۹۰۳	یاسمین	مشتری
۹۹۳	نشاء	قمر	۹۳۰	ورد الزراقی	قمر	۹۰۰	یاقوت کبود	شمس
۳۲۰	نطرون	″	۳۶۰	ورق بلہ	″	۹۳۷	یاقوت احمر	
۸۹۴	نفط		۴۴۱	ورد بلہ	″	۷۹۰	یبروج الصنم	زحل
۸۹۷	نمام وسیسنبر	مریخ	۵۰۴	ورد چینی و	مشتری		فی اصل	
۹۰۵	نشادر	″		نسرین			الاقاع البری	
۹۰۲	نیلج	زحل	باب الہاء			۹۳۸	یشب	شمس
۹۱۲	نیب	مشتری	۵۰۵	ہلیون و	مشتری	۵۹۱	یقطین و	قمر
باب الواوَ				عود الحیہ			قرع	
۴۳۴	وودع وخرمہرہ	قمر	۵۴۹	بتہ بار	قمر	تمت		

خاتمہ

اسمین یہ بات بیان کی گئی ہے کہ بعض دوائیان اس طور مدبر اور اصلاح کیجاوین تو بہتر اثر ہوگی۔ تو جاننا چاہیے کہ اکثر مفرد دوائیان ایسی ہین جنکی اصلاح اور تدبیر اگر کیجاوے تو یا تو وہ فساد اور نقصان پیدا کرین یا اُنکا کامل اثر جو بتجربہ لکھا گیا ہے نظاہر ہو یا ساتھی اُس اثر مقررہ کے کسی اور عضو کو نقصان پہونچاوین یا بالکل بے اثر محض ہون لہذا اُن دوائون مین سے بعض دوائون کی تدبیر و اصلاح وغیرہ ضرورۃً اس خاتمہ مین ذکر کیجاتی ہے اور تدبیر بنانے مار لجبز کی بھی مذکور ہوگی انشاء اللہ تعالےٰ

فصل۔ جاننا چاہیے کہ جن طریقون سے اُن تدبیر طلب دوائون کی تدبیر و اصلاح کیجاتی ہے اُن طریقون کی اصطلاحات اطبا مین چند عربی نام علیحدہ علیحدہ ہین اور جیسے بعض اُن نامون کو اشارۃً آگے کی جدول مین ذکر کیا ہے لہذا یہ ضروری معلوم ہوا کہ پہلے اُن نامون کے لغوی و اصطلاحی معنے بیان کردین تاکہ طالب کو اور آگے مطالب مین آسانی ہو وباللہ التوفیق ۔

اَحراق کے لغوی معنے جلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض فلزی ادویہ کا مختلف طریقون سے جلا کر کشتہ یا راکھ بنانے کو کہتے ہین۔ تکلیس لغت مین مادہ اسکا کلس ہے

...کے معنے خمیر ہونے کے ہین (یعنے جوش بنالینا) اور اصطلاح مین سخت و کرخت دواے فلزی وغیرہ کو نرم اور بھر بھرا کسی طرح پر بنالینے کو کہتے ہین حل کے معنے پیسنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی خشک و سخت ارضی دوا کے نرم و رقیق کرنے کو کہتے ہین تشویہ کے ہندی معنے جھلجھلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی کسی رطوبت ناک پھل یا جڑ وغیرہ کو جھلبھلا کے عرق نکالنے کو کہتے ہین تحمیص کے معنے کھلانیکے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض حبوب یعنے دانون اور ابازیر یعنے تخمون کے نیم بریان کرنے اور کھلانے کو کہتے ہین تقلیہ کے معنے بھوننے اور تلنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض دوا کے نقصان دفسا[د]... روغن وغیرہ مین بھون یا تلکے دفع کرنے کو کہتے ہین تدبیر کے معنے انجام بینی کے ہین اور اصطلاح مین بعض دوا مین ایسے تصرف کرنے کو کہتے ہین جسکی وجہ سے اس دوا کا ناقص و فاسد اثر دفع ہو جاسے تاکہ انجام کو بعد استعمال کے کچھ نقصان استعمال کرنے والے کو نہ پہونچے ترویق کے معنے شراب نچوڑنے اور صاف کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض پتیون کا رنگ یعنے سبز عرق نچوڑ کر اور آگ پر پھاڑ کے صاف کرنے کو کہتے ہین غسل کے معنے دھونے کے اور اصطلاح مین بھی بعض دویہ کو مختلف طریقون سے دھو کر لائق استعمال کرنے کو کہتے ہین تصویل کے معنے زیادہ کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بعض دواے فلزی کو خوب باریک کرکے پانی پر سے غبار لینے کو کہتے ہین تطریہ کے معنے ترائی بخشنے کے ہین اور اصطلاح مین گھی و روغن وغیرہ کی حدت و خرابی وغیرہ کو دھو کر دفع کرنے کو کہتے ہین تصفیہ کے معنے صاف کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض خشک دوا کو چھان کے صاف اور بے مضرت کرلینے کو کہتے ہین تصعید کے معنے چڑہانے کے ہین اور اصطلاح مین بترکیب مقررہ کسی دوا کے جوہر اڑانے کو کہتے ہین ۔

اس جدول مین بعض دوا کی تدبیر اور اصلاح کرنیکا بیان ہے

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
ابرک[1]	تکلیس	ابرک کو باریک کترکے چند چھارے کی گٹھلی کے ہمراہ پوٹلی مین باندھ کر گرم پانی کے طاس مین خوب ملین جب ابرک چھنکے پانی کے اندر آجاوے تو نتھار کر اور سکھا کے ہمراہ شہد اور نوشادر مساوی الوزن کے خوب پیسکر کوزہ گل حکمت مین تین شبانہ روز تیز آنچ دین حتی کہ شہد اور نوشادر کا وزن جاتا رہے ورنہ پھر آنچ دیوین پھر ہمراہ شورہ مساوی کے پیسکر دوسری آنچ دین تو کلس اور نرم ہوجائے گا۔ یہ مکلس ابرک بواسیر و دردِ فالج کے لیے مجرب ہے

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
ابرک	حل	ایک بڑی سولی کو اندر سے خالی کرکے خوب حل کی ہوئی ابرک کو اسکے اندر بھرین اور سولی ہی کی ڈاٹ خوب مستحکم لگا کے گھوڑے کی لید مین گاڑدین اور چوتھے روز نکالین بحکم خدا ابرک حل ہوکر سفید و چمکدار پانی کی طرح ہوجاویگی۔
"	احراق	سفید اور صاف ابرک کو دہوکے اور تہوڑہ سے آہستہ کپڑے کے انگوٹہا تیز سرکہ مین بھگودین اور بعد تین روز کے اسی سرکہ مین کسی موسل وغیرہ نکال کے کوٹین اور سنگین تھیلی مین ہمراہ گٹھلی کھجور کے بھر کے تیز سرکہ مین ملین تو نرم اور لچلچا ہوجائے پھر نکال کے اور پتھر پر خوب پیس کے ٹکیان بنالین اور مٹی کے باسن مین سرپوش گل حکمت کرکے ایک ہفتہ تک بنواکنڈے کی آنچ دین کہ راکھ ہوجاوے پھر نکال کے بھنگرہ اندرائن اور دہتورہ اور بہیڑے اور آنولے کے عرق مین علٰحدہ علٰحدہ پیس کے اور ٹکیان بناکے مٹی کے باسن مین سرپوش وگل حکمت کرکے علٰحدہ علٰحدہ بدستور آنچ دین۔ علامت ابرک کے کشتہ کامل کی یہ ہے کہ وہ دہوپ مین چمک اس سے نظاہر ہو۔ بعض لوگون نے تین سو آنچون تک مبالغہ کیا ہے یہ ترکیب ہندی ہے۔
ابریشم	تکلیس	ابریشم کو خوب صاف کرکے اور دہوکے اور کتر کے لوہے کے برتن مین رکھکر آگ پر رکھین اور تلے اوپر کرتے جاوین اسقدر رکھا وین کہ کرخت قابل لینے اور سفوف ہونے کے ہوجاوے
اجوائن	تدبیر	تین شبانہ روز تیز سرکہ مین بھگوکر سایہ مین خشک کرلین۔ لیکن سرکہ چار انگل اجواین سے اوپر ہو۔
افیون	تکلیس	افیون کو ریزہ ریزہ بقدر باقلے کے کرکے مٹی کے برتن مین تھوڑا تھوڑا بھونین۔ یا چراغ کی لو مین پٹپالین۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب
افیون	تدبیر	افیون کو پانی یا گلاب مین چار پہر تر کرکے آگ پر رکھین اور ملین تاکہ خوب حل ہوجاوے پھر چھان کے اور تفل دفع کرکے پانی کو پکاکے بستہ کرلین کہ قابل گولی باندہنے کے ہوجاوے۔ اگر وقت پکانے کے ذرا سی شراب انگوری بھی شامل کرین تو لطیف اور خوش کیفیت اور بے مضرت ہوجاوے۔
انڈے کا چھلکا	احراق	انڈے کے چھلکے کو تین روز نمک پانی مین بھگوکے اندر دلی جھلی اور آلائش سے پاک کرکے اور نرم نرم کوٹ کے اور کوزہ مین بھر کر اور گل حکمت کرکے پھونک دین تا راکھ ہوجاوے۔ بہتر چھلکا بچہ نکلا ہوا ہے اور شتر مرغ کے انڈے کا چھلکا سب سے بہتر ہے۔
ایضاً	تدبیر	انڈے کے چھلکے کو پانی نمک اور راکھ کھلی ہوئی مین بھگوکے اور دہوکے اندر کی جھلی اور آلائش کو دفع کرین اور پھر مکرر دہوکے اور خشک کرکے کام مین لاوین۔ ایضاً۔ سرد پانی سے کئی بار دہووین حتی کہ بو دفع ہوجاوے۔
ایلوہ	تدبیر	ایلوہ کو سیب یا بہی یا شلجم یا گاجر یا امرود مین رکھ کے اور کپڑا لپیٹ کے اوسپر آٹا لگاوین اور آگ مین ڈال دین بعد ایک لحظہ کے کہ گرمی ایلوہ تک پہونچ گئی ہو نکال کے خشک کرلین اور کام مین لاوین۔
بارتنگ کے پتے	ترویق	پتون کو دہوکر اور صاف کرکے پیسین اور اسکا رانگ یعنے عرق سبز نچوڑ کے آگ پر پکاوین جب پھٹ جاوے چھان لین۔
بال آدمی کے	تحمیص	بالون کو صابون لگاکر دہوین اور خشک کرکے کنگھی کرین اور باریک کتر کے آگ پر اسقدر کہلاوین کہ لائق پیسنے کے ہوجاوین اور ان مین بو آنے لگے۔ بہتر بالون سے آدمی کے سر کے بال ہین۔
پارہ	تصفیہ و تدبیر	پارہ کو چالیس مرتبہ سنگین کپڑے مین چھانین بعدہٗ شیشہ یا پتھر یا مٹی کے کھرل مین ارنڈ کا رانگ ڈال ڈال کے پیسین تاکہ سیاہی اور چکناہٹ زائل ہوجاوے پھر کہ کے رانگ مین پیسین پھر ہڑ بھگوئی ہوئی کے عرق مین پیسین پھر نصف وزن پانی مین ہانڈی کے اندر نرم آنچ پر جوش دین اور تھوڑا تھوڑا پانی اور داخل کرتے جاوین تخمین بعد جب پانی جل جاوے اوپر پارہ رہجاوے پارہ کو لے لین اور استعمال مین لاوین

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
بارہ سنگھا	احراق	اسکے باریک ورق کترکے اور کپڑ الیٹ کے گل حکمت کرین اور تیز آنچ پر پھونک دین۔ لیکن خارجی علاج مین کشتہ کرنے کی کچھ ضرورت نہین ہے صرف گھس کے استعمال کرین ــــ
بچھو	تکلیس واحراق	بچھو کو مٹی کے برتن مین زندہ رکھکے اور سرپوش اور خمیر لگاکے گرمی تنور مین رات بھر رکھین اور صبح کو نکال کے اور پیس کے ریشمی کپڑے مین چھانین اور کام مین لاوین۔ اور گرمی تنور سے یہ مراد ہے کہ تنور مین خوب آگ جلاکے آگ کو نکال لین اور صاف کرلین آسمین بچھو والے سرپوش باسن کو رکھ کے تنور کو بند کرین۔ بہتر تنور جلانے کے واسطے لکڑی انگور کی ہے اور اگر بچھو کو راکھ کرنا منظور ہو تو تیز آنچ دین کہ راکھ ہوجائے بہتر بچھو زرد اور نشانی نر کی ضعیفی ولاغری ہے ــــ
بہروزہ	تدبیر	ایک ہانڈی مین بقدر نصف پانی بھر کے آسکے منہ پر جھرجھرا کپڑا باندھین اور اسپر بہروزہ رکھکے سرپوش کرین اور آگ پر رکھین جب بہروزہ پانی کی گرمی سے ٹپک کے چھنکر ہانڈی مین گرجانے کو کپڑا مع کدورت دفن کرین اور بہروزے کے اسی طرح مکرر پانچ چھ بار کرین تا بہروزہ قابل سفوف کرنے تک ہوجاے ــــ
پھٹکری	تکلیس	پھٹکری کو کرتے مین رکھکے آگ تیز پر رکھین تاکہ جل کے خشک اور مثل کھیل کے ہوجاے ــــ
بھلاوان	تدبیر	دو چمچہ یا دو لوہے کے ٹکڑے گرم کرین اور بھلاوین کو دو ٹکڑے کرکے آسمین خوب دباوین اور جو شہد سا نکلے اسکو بانس کی نھپی سے جدا کرکے کھین رکھدین اور بھلاوین کو چھیل کے اور کوٹ کے دوا مین شریک کرین اور اگر معجون یا دوا مین لانا منظور ہو تو بعد اس تدبیر کے مع چھلکا ہمراہ اخروٹ یا روغن زیتون کر کے ڈالین
بھنگ	تدبیر و تکلیس	بھنگ کو گرد وغبار سے پاک اور صاف کرکے دوب گھاس کے رانگ مین ملکر خشک کرلین پھر اجوائن بھگوئی ہوئی کے پانی مین ملکے خشک کرلین بعدہ گائے کا گھی لگاکے کورے مٹی کے برتن مین آگ پر کھلالین اور جلنے نپاوے ــــ

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
پیاز جنگلی و نرگسی	تشویہ	یہ پیاز دو قسم کی ہوتی ہے ایک گودہ دار دوسری پرت دار گودہ دار سم اور غیر مستعمل ہے اور پرت والی پیاز کی اصلاح یہ ہے کہ پیاز جنگلی صاف کرکے اور آٹا سا ہوا لپیٹ کے گرم بھوبھل میں دبائیں تاکہ آٹا پکجاوے اور گرمی پیاز تک پہونچ جاوے پھر آٹے کو دفع کرکے استعمال کریں۔
تربد	تصفیہ	اس جڑ کے اوپر کا چھلکا اور اندر کا گودہ دفع کرکے ریشہ لیں کیونکہ ان دونوں میں سمیت ہے۔
تخم ریحان تخم کنوچہ	تحمیص	کورے مٹی کے برتن میں آگ پر رکھ کے کھلالیں تاکہ جلنے نہ پاوے صرف نیم بریان ہوجاوے۔
توتیا	غسل و تصویل	توتیا کو خوب پیس کے چینی کے برتن میں رکھیں اور اوپر سے عرق انگور نچوڑے ہوئے کو ڈالیں اور سات روز یونہیں رہنے دیں پھر میٹھے پانی میں آہستہ آہستہ پیسیں اور خشک کرکے برف کے ہمراہ پھر باریک پیسیں اور سکھا کے رکھ لیں ایضاً توتیا باریک پیس کے بعد سے پانی میں فضول کے تہ نشین کرلیں اور خشک کرکے مکرر یہی عمل کریں سات مرتبہ۔
چاکسو	تدبیر	چاکسو کی پوٹلی باندھ کے سولف یا مونگ کی دال یا گدھے کی لید میں جوش کرکے چھیل ڈالیں۔
چاندی	احراق	چاندی کو برادہ کرکے لوہے کے برتن میں ہمراہ نمک اور پانی کے تیز آگ پر جلا دیں اور اس پر سے ذرا سی گندھک پسی ہوئی چھڑک دیں تو بالکل جل جاوے۔
جست	احراق	شاہترہ سبز پیس کے جست پر خوب تھوپ دیں اور اوپر کپڑا لپیٹ کے گل حکمت کریں اور تیز آنچ میں ایک شبانہ روز رکھیں بعدہ نکالکر باریک پیس لیں واسطے امراض چشم کے مفید ہے۔
چمگادڑ	احراق	بچہ چمگادڑ کو پر اور آلائش شکمی سے پاک کرکے دھوئیں اور نمک چھڑک کے کوزہ میں رکھ کر سرپوش کریں اور تیز آگ میں کوزہ کو ڈالدیں تاکہ جل جاوے۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
جمالگوٹہ	تدبیر	جمال گوٹہ کو ایک پوٹلی مین باندھکے گوبر یا گدہے کی لید مین پانی ملاکر اسمین ڈالدین اور خوب جوش دین پھر دوسرا جوش اسی طرح دہی مین دیوین پھر جمال گوٹہ کو چھیل کے دو ٹکڑے کرین اور اسکے بیچ مین جو زیرہ نما غشا ہوتا ہے نکال کے پھینک دین۔ جسکو انقلاب معدہ ہو اسکو جمال گوٹہ کا استعمال کسی طور جائز نہین۔
چونہ	غسل	ایک بڑے برتن مین چونہ گھولدین تھوڑی دیر مین تہنشین ریت اور کنکر کو دفع کرکے پانی کو رات بھر ٹھہرنے دین صبح کو پانی صاف نتھار لین اور دوسرا پانی ڈالین صبح کو وہ بھی نتھار لین اسی طرح سات بار کرین لیکن تہنشین کو خشک کرکے کام مین لاوین۔
رانگہ	احراق	ایک کنڈے کو درمیان سے خالی اور گول کرلیا کرین اور لونگ دکالی مرچ مساوی اور ہیرا کسیس انکا چوتھائی ان اجزا کو باریک کوٹ کے ایک نصف پیسے ہوئے اجزا کی کنڈے کے اندر بچھادین اسکے اوپر ہرن کھر رانگہ رکھکے نصف باقی آمیزہ اجزا کو رانگے کے اوپر ڈال کے کنڈے کو بند کردین اور ہوا کنڈے کی تیز آنچ مین یہ کنڈا رکھکے پھونک دین اور بعد سرد ہونے کے نکال کر کام مین لائین۔
روغن	غسل	کوئی روغن ہو اسپر پانی سرد خوب ساڈال کے روغن کو پانی پرسے کانچھ لین اگر زیادہ گرم کوئی روغن ہو اسکی اصلاح کے لیے تین بار یا زیادہ حسب حاجت یہی تدبیر غسل مین لائین۔
زفت	غسل	زفت کو سرد پانی مین پگھلاکے گرائین تاکہ کدورت تہنشین ہوجاے اور جو پانی کے اوپر رہے اسکو لیکر اسی طرح کئی تین بار کرین اور استعمال مین لاوین اور اگر نیم گرم پانی ہو تو اچھا ہے۔
زیرہ	تدبیر	زیرہ کو سرکہ مین چینی کے برتن کے اندر بھگو دین بین شبانہ روز الا سرکہ چار انگل زیرہ سے اوپر ہو پھر زیرہ کو نکال کے سایہ مین خشک کرین اور عمل مین لائین۔ اور دھوپ مین یا آگ پر سکانا بھی بعض نے جائز رکھا ہے۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
۳۴ زمرد	غسل	زمرد کو خوب کھرل کرین اور پانی مین ملاوین جو جلد تہ نشین ہو اسمی ذرہ اور کنکری کو پھر پیسین اور پانی مین ملاوین اسی طرح کئی بار ذرد کو مکرر پیسین اور پانی مین ملاوین پھر آخر کو ذرد علیحدہ کرکے سب پانیون کو ایک مین ملا کے ایک شبانہ روز بند کرکے ساکن رکھین بعدہ تہ نشین کو لے کر کام مین لاوین الا آنکھ کے لیے پھر پیسین ۔
۳۵ سانپ	احراق	سیاہ یا جو نسا سانپ چاہین زندہ ایک کوزے مین رکھ کر سرپوش اور گل حکمت کرکے ایک رات بھر خوب گرم تنور مین رکھدین پھر نکال کے دیکھین سو کھ گیا ہوگا پیس کے کام مین لائین ۔ خنازیر کو مفید ہے ۔
۳۶ سجی	احراق	سجی کو ریزہ ریزہ کرکے مٹی کے برتن یا کڑھیہ کو آگ پر خوب گرم کرکے اسمین ڈالین اور کسی چیز سے ہلاتے جاوین جب مثل راکھ کے ہوجاوے تو کام مین لاوین ۔
۳۷ سرمہ	غسل وتکلیس	سرمہ کو تین شبانہ روز عرق بادیان سبز مین بھگو کے سایہ مین خشک کرلین بعدہ روئی لپیٹ کے جلاوین جب دہوان موقوف ہو نکال کے صاف کرلین ایضاً سرمہ کی ڈلی کو بکری کی چربی مین خوب لپیٹ کے آگ پر رکھدین جب چربی جلجاوے اور سرمہ سُرخ ہوجاوے نکال کے عورت کے دودہ مین یا گاوے گھی مین سرد کرلین ایضاً سرمہ کو خوب باریک کھرل کرکے بہت سے پانی مین گھولدین اور تہ نشین کو خشک کرکے لے لین ۔
۳۸ سفیدا	غسل	سفیدا خوب پیس کے پانی مین گھولدین جب ٹھہر جاوے تو ذرد اور کنکری کو پھر پیس کے گھولین اسیطرح تین مرتبہ مکرر پیسین اور گھولین بعدہ ایک رات بھر پانی کو بند کرکے اور ساکن کرکے نتھار لین اور تہ نشین کو عمل مین لائین
۳۹ سقمونیا	تشویہ	سیب یا بہی یا امرود کو اندر سے خالی کرکے اور تل مقشر اسکے اندر چپکا کے سقمونیا کو اسمین رکھ کے اسکو بند کرکے اور ایک کپڑے مین باندھ کے آٹیکا خمیر اسپر لگائین اور تنور یا بھوبھل مین رکھین جب پک جاوے تو نکال کے سقمونیا کو اندر سے نکال کے اور سایہ مین خشک کرکے کام مین لائین ۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
سنگ بصری	تدبیر	سنگ بصری کو سات بار سرخ کرکے آگ مین گلاب یا دہی کے توڑ یا انار کے ستون کے ۔ انگ مین یا عرق لیمون کے اندر بجھاوین اور سرد کرین اور کام مین لاوین ۔
سنکھیا	حل	سنکھیا کو باریک پیس کے لٹ زیرہ کی راکھ جلاکے بقدر آٹھوین حصہ کے ایک آتشی شیشی مین بھرین اور راش کی کھچڑی پکاکے دم کے وقت شیشی کو اُسکے اندر گاڑین اور بعد ایک پہر کے نکال کر سات روز دھوپ مین رکھین انشاء اللہ رقیق ہو جائیگی ۔
سونا	احراق	سونے کو برادہ مثل غبار کے کرکے لوہے کے باسن مین رکھین اور تھوڑا سا سیسہ پسا ہوا بھی اُسپر چھڑکین بقدر آٹھوین جزو کے اسکے بعد نمک کا پانی اُسمین ڈالین اسقدر کہ پانی دو انگل اوپر رہے پھر اُس باسن کو آگ پر رکھکے اسقدر جوش دین کہ پانی بالکل جل جاوے اور خشک سونے کر نکال کے کھرل کرین اور دستور کے موافق پانی مین دھوئین سیسے کے نشین کو بار بار پیسین ۔ اور کام مین لائین ۔
سینگیا زہر	تدبیر	سینگیا زہر کو ایک باریک کپڑے کی پوٹلی مین باندھین اور اُس پوٹلی مین ایک باریک تار لوہے کا باندھکے اُس تار کے دوسرے سرے کو ایک لکڑی کے بیچ مین باندھین اور ایک خوب بڑی ہانڈی کہ جسمین پانچ سیر دودھ بھرکے اُس لکڑی کو اُسکی لگر پر جمائین اسطور پوٹلی زہر سینگیا کی دودھ سے چھ انگل بیچی رہے اور اُسکے اوپر سرپوش بند کرکے دھیمی آنچ پر رکھین ایک شبانہ روز بعدہ اُتار کے سینگیا زہر کو خشک کرکے کام لائین اور دودھ کی ہانڈی مع دودھ زمین مین دفن کردین تاکہ کوئی حیوان اُسکو نہ کھالے ۔ اور اگر سینگیا زہر کھانے کے لیے درکار ہو یہی عمل تین بار کرین ۔ اور بعد چالیس روز کے دودھ کی ہانڈی کو زمین سے نکالین اور اُسمین کے کپڑے چھان کر خشک کرلین ۔ بعض طلا کے لیے مدد چیز ہے ۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
سیپ	احراق	سچی سیپی کو لے کر اسکے اوپر مٹی لگا کے تنور مین خوب جلاوین حتی کہ ملکر سفید اور نرم و بھر بھری ہوجاے ورنہ پھر گل حکمت کر کے جلاوین اور پیس کے کام مین لاوین۔
سیسا	”	سیسے کے باریک پتر کو ایک مٹی کے کوزہ مین رکھ کے اسپر تھوڑا سا گندہک پسا ہوا چھڑک کے کوزہ کو کسی گل سرپوش سے جسکے اندر ایک باریک سوراخ بیچ مین ہو بند کر کے گل حکمت کردین اور آگ مین پھونک دین جب خوب قل ہوجاے تو نکال کے اور پیس کے دہوئین اور کام مین لائین۔
شیشہ	تکلیس	شیشہ کو کہ صاف ہو لیکر خوب باریک مثل غبار کے کوٹ اور پیس کے لوہے کے کرچھہ مین رکھ کر آگ پر خوب سرخ کرین اور سجی کے پانی مین یعنے جسمین سجی گھلی ہو سرد کرین اسی طرح تین بار کرین تو یہ شیشہ نرم اور مثل مٹی کے ہوجائیگا پھر اسکو پیس کے کام مین لاوین واسطے پتھری توڑ جانے کے بیمثل ہے۔
شورہ	تصعید	شورہ قلمی صاف لے کر پیس ڈالین اور ایک کوری ہانڈی مین بقدر دو انگل کے ایک تہ بچھاوین اسکے اوپر سفوف تخم سرواری کا چھڑکین پھر اور تہ شورہ کی بچھاوین اور پھر سفوف تخم سرواری کا چھڑکین اسیطرح سات تہ جماوین اور اُس ہانڈی پر ایک ہانڈی اسی کے برابر اوندھا کے رکھین حتی کہ منہ بند ہوجاے بعدہ گل حکمت کر کے دہیمی آنچ پر رکھین ایک دن بھر پھر کھول کے اُس شورہ کو جو اوپر کی ہانڈی مین جما ہو لے لین اور کام مین لائین واسطے سوزاک اور جریان اور پتھری کے ہمراہ شیر گاؤ کے کہ یاد رہے بیمثل اور عجیب النفع ہے۔
عقیق	احراق و تکلیس	عقیق کو آگ پر خوب گرم اور سرخ کرین اور ٹھنڈے پانی مین بجھاوین اسیطرح متواتر کئی بار کرین حتے کہ پانی خشک ہوجاے اور یہ مثل سجی کے نرم اور بھر بھرا ہوجاے۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب
غاریقون	مدبر و مقربل	غاریقون کو کسی کملی کے ٹکڑے یا فلالین کے پارچہ مین خوب چھان لین تاکہ اسمین جو ریشے مثل ناخن کے ہوتے ہین اور انمین سیت ہوتی ہے سلحدہ اور رفع ہوجائین بعدہٗ غاریقون کو کام مین لادین۔
کاسنی کے پتے	ترویق	بغیر دہوئے کاسنی کے پتون کو کچل کے انکا رانگ نکالین اور آگ پر پھاڑ کے اور چھان کے صاف کرلین واسطے حمی محرقہ یعنے صفراوی بخار کے اور ورم جگر کے مفید ہے۔ الا انکو ہرگز نہ دہوئین کیونکہ نفع باطل ہوجاتا ہے۔
کافور	تصعید	کافور کو ایک کوری ہانڈی مین بھر کے اوپر اسکے ایک اور ہانڈی برابر اسکے اوندہا کے اور گل حکمت کرکے دہیمی آنچ دین جب کافور اڑکے اوپر کی ہانڈی مین جمے اسکو لے کر کام مین لادین۔
کچلہ	تدبیر	کچلہ کو ایک شبانہ روز تر کرین اور اوپر کا چھلکا جدا کرکے پھر اسکو سوہن سے ریت کے برادہ بنائین اور اس برادہ کو ایک شبانہ روز سرکہ مین تر کرکے خشک کرلین۔ ایضاً اس برادہ کی پوٹلی باندہ کے دودہ کی ہانڈی مین ہمراہ دودہ کے جوش کر ڈالین اور نکال کے خشک کرلین اور دودہ پھینک دین۔
کیکھوا	احراق	کیکھوے کا پیٹ چاک کرکے اسکے اندر سے کل احشا و آلائش کو نکال کر پھینکدین اور خوب دہو کر صاف کرین اور ایک کوری مٹی کی ہانڈی مین رکھ کے اور گل حکمت کرکے تنور یا چولھہ مین رکھ کے خوب آنچ دین حتی کہ جلکر سفید ہوجاے بعدہٗ نکال کے کام مین لائین۔
گندہک	تدبیر	ایک ہانڈی مین دودہ بھرین گلے تک اور ہانڈی کا منہ مہین کپڑے کی صافی سے باندہ کے بند کردین اور اس صافی پر گندہک کے ریزے بچھادین اور اسپر لوہے کا توا اوندہا دین حتی کہ اسکا سطح اندرونی گندہک سے علحدہ رہے پھر اس توے پر خوب سرخ انگارے رکھ کے دہونکے جب گندہک پگھل کے اور چھن کے دودہ مین جا رہے اس گندہک کو نکال کے کام مین لائین۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
کرو	تدبیر	کوکرو کو تین رات دن دودھ مین بھگوئین اور نکال کے سایہ مین خشک کرین اس طرح تین بار کرین اور خشک کرکے اور کوٹ کے کام مین لائین واسطے جریان اور قوت باہ کے بہتر ہے۔
کہربا	احراق	صرف کہربا کو ریزہ ریزہ کرکے اور ایک کوزہ مین رکھ کے اور گل حکمت کرکے پھونک دین اور نکال کے اور پیس کے کام مین لائین۔ کہربا بغیر جلائے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
کھیرا	تشویہ	کھیرے کے اوپر سے کو گوندھ کے لت کردین اور گرم بھوبھل مین دبا دین بعدہٗ خوب گرم ہوجانے کے نکالکر اور مٹی دفع کرکے اسکا پانی نچوڑ لین اور کام مین لاوین لیوین پھر کیکڑا لیکر اگر مادہ ہو اور ساخت مادہ کی یہ ہے کہ اگر اسکی پیٹھ مین سو؟
کیکڑا	احراق	گاڑدین تو کچھ رطوبت اس سے نکلے اور اس کیکڑے کو چیر ڈالین اور آلائش شکمی اور پاؤن کو دفع کرکے نمک اور انگور کی لکڑی کی راکھ لگا لگا کر خوب ہر تین بعدہٗ خشک کرکے ایک کوزہ مین رکھکر گل حکمت کرین اور ایک رات تنور گرم مین رکھدین تاکہ جلکر راکھ ہوجاے بعدہٗ نکال کے اور پیس کے کام مین لاوین۔
لاجورد	غسل	لاجورد کو خوب باریک مثل غبار کے پیسین اور پانی مین ڈالین اور ہلا کے روغن زیتون اسمین ڈالین اور جوش دین پھر تہ نشین کو لین اور خوب پیسین اور پھر پانی مین گھول کے اور روغن زیتون ڈال کے جوش دین اور تہ نشین کو لیکر اور خشک کرکے یہی عمل کرین اور تہ نشین کو کام مین لائین۔
لاکھ	غسل	ایک برتن مین گرم پانی خوب بہت سا بھرین اور چراغ کی لو مین لاکھ کو پگھلا کے اسی پانی مین گراتے جاوین تاکہ جو کچھ مٹی وغیرہ ہو اس پانی مین تہ نشین ہوجاے اور صاف لاکھ کو پانی پر سے اتار کے پھر یہی عمل تین بار کرین بعدہٗ لاکھ کو لے کر کام مین لاوین۔
لوکی	تشویہ	لوکی کے اوپر پنڈول مٹی خوب سی لگا کر بھوبھل مین دبا دین بعدہٗ نکال کے اور مٹی دھو کے اور چھیل کے اسکا پانی نچوڑ لین اور صاف کرکے کام مین لاوین صفراوی بخار اور ورم کبد کو مفید ہے۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
لوہچون	تدبیر	فولادی لوہے کا باریک بُرادہ دستہن سے کرین اور مٹی کے کورے برتن مین دہر کے آگ پر خوب سُرخ کرین جب خوب سُرخ ہوجاے تو مٹی کے تیل مین انکو ڈال کر بجھادین پھر نکال کے اور خشک کر کے آگ پر خوب سُرخ کرین اور انگوری سرکہ مین بجھادین بعدہ نکال کے اور آگ پر سُرخ کر کے بیل کے موت مین بجھادین اور نکال کے پھر آگ پر سُرخ کرین اور گائے کے کھٹے دہی کے تور مین بجھائین اور اس سے نکال کے دہو کر باریک پیسین اور بدستور دیو لی عقیق وغیرہ کی دہو کر نشین کو کام مین لائین
١٣ لوہے کا میل	تدبیر	خبث الحدید لو خوب لوٹین اور چھان کے خوب تیز سرکہ یا شراب انگوری مین بھگا دین چودہ روز تک اور چاہیے کہ سرکہ یا شراب چار انگل اوپر رہے بعدہ سرکہ یا شراب سے نکال کے سات روز گندنا کے رانگ یا السے ساگ کے رانگ مین بھگوئین اور درمیان مین ایک مرتبہ عرق مذکور بدل دین اور چاہیے کہ یہ عرق بھی چار انگل اوپر رہے اسکے بعد نکال کے روغن بادام یا روغن کے آلو مین بریان کرین پھر خوب باریک مثل غبار کے کھرل کر کے کام مین لادین
١٤ مازریون	تدبیر	مازریون تین رات دن تیز سرکہ مین بھگائین اور درمیان مین دو ایک مرتبہ سرکہ بدل دین اور سرکہ چار انگل اوپر رہے بعدہ نکال کر سکھالین اور جوکوب کر کے روغن بادام مین چرب کر کے جس طرح چاہین استعمال کرین۔
١٥ مازو	تقلیہ	مازو کو تلی کے تیل مین تلین اسقدر کہ پھٹ جاے بعد اسکے کوٹ کے اور چھان کے کام مین لائین۔
١٦ مونگا	احراق	مونگے کو کوٹ کے ریزہ ریزہ کر کے ایک مٹی کے کوزہ مین رکھین اور گل حکمت کر کے ایک رات کامل تنور مین رکھین تو جلکر سفید ہو جاوے الا راکھ ہونے پاوے اور اگر ایک مرتبہ مین قابل ہو تو پھر تنور مین رکھین۔
١٧ مونگے کی جڑ	احراق	مونگے کی جڑ کے جلانے کا دستور بھی مثل جلانے مونگے کے ہے الا بغیر گل حکمت کے بھی جلایا جاتا ہے۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
۔۔دار سنگ	غسل	مردار سنگ کے ہم وزن نمک لاہوری ملاکے دونون کو خوب پیسین اور چینی یا سفال کے برتن مین رکھ کے اسپر پانی ڈالین اس مقدار کہ چار انگل اوپر رہے اور پانی کو ہلادین اور چھوڑدین سات روز تک اور درمیان مین کبھی کبھی ہلادیا کرین بعد سات روز کے اور تازہ پانی بدل دین اور درمیان مین ہلاکے چھوڑدیا کرین اسیطرح بعد ہر سات روز کے نیا تازہ پانی بدلتے رہین اور بعد چالیس روز کے تہ نشین کو لے کے اور پیسکے کام مین لاوین ۔
۔۔ہ بادل	احراق	ابر مردہ جسکو اسفنج کہتے ہین لے کر صابون لگاکے خوب صاف کرین بعدہٗ نچوڑ کے اور دہوپ مین سوکھا کے باریک کترڈالین پھر کسی لوہے یا مٹی کے باسن مین رکھ کے آگ پر رکھین اور کسی لکڑی سے جلاتے جاوین یہان تک کہ جلادین کہ وہ ابر مردہ کرخت قابل پیسنے کے ہوجائے بالکل جلکر راکھ نہوجاے بعد لیکر کام مین لاوین ۔
۔۔کے پتے	ترویق	مکو کے پتون کو دہوکے اور خوب کچل کے انکا رانگ نکالین اور اس رانگ کو آگ پر پھاڑکے اور صاف کرکے کام مین لاوین ۔
۔۔وتی	تکلیس	بغیر بدہے ہوے موتی لے کر کسی مٹی کے کورے باسن مین رکھ کے تھوڑا تھوڑا دودہ اسمین ڈالین اور سرپوش سے بند کرکے اور آٹا لگاکے دھیمی آنچ پر رکھدین اور بعد دو گھنٹے کے اتار کے نکال لین تو نرم قابل پیسنے کے ہوجاے گا ۔
موم	غسل	موم کو خوب اونٹا کے ٹھنڈے پانی مین ڈالین اور چھوڑدین تاکہ مٹی وغیرہ تہ نشین ہوجاے بعدہ موم کو پانی پر سے لے کے تین مرتبہ اسیطرح اونٹا اونٹا کے پانی مین ڈالین پھر کام مین لاوین ۔
۔۔ومیائی	غسل	مومیائی کو بھی مثل موم کے اونٹا کر ٹھنڈے پانی مین ڈالین اور ٹھہرا کے پانی پر سے مومیائی اتار کے اسی طرح تین یا چار بار کرین تاکہ گرد و مٹی وغیرہ سے مومیائی صاف و پاک ہوجاوے بعدہٗ کام مین لاوین ۔

نام دوا	نام عمل	ترکیب عمل
نمکؔ	احراق	نمک کو باریک پیس کے شہد مین لت کرین اور باریک کپڑے مین باندھ کے اور گل حکمت کرکے تنور یا چولھہ مین ایک اینٹ پر رکھدین جب تنور یا چولھ سرد ہو جاوے نکال کے اور مٹی دفع کرکے کام مین لاوین۔
ہڑؔ	تقلیہ و احراق	ہڑ کو گاے کے گھی یا روغن بادام مین تلین اسقدر کہ خوب سیاہ اور چکدار ہو جاے احراق کا یہ ہے ہڑ کو خمیر آٹے مین بند کرکے غلولہ بنا کر آگ مین ڈالدین جب جلکر جل جاوے نکال کے اور پیسکے کام مین لاوین۔
ہرتالؔ	احراق	ہرتال اعلیٰ درجہ کی لیکے ریزہ ریزہ برابر چنے کے کرین اور ایک مٹی کے کوزے مین سرپوش اور گل حکمت کرکے انگارون پر رکھین اور درمیان سرپوش کے ایک سوراخ کرین تاکہ اُس سے دہوان نکلتا رہے اور دیکھتے رہین کہ جب تک دہوان نکلے تو خام ہے اور جب سفید دہوان نکلے تو سفید اور کامل ہوگا نکال کے کام مین لاوین اور اسکے دہوئین سے اپنے تئین بچاتے رہین۔
یاقوتؔ	تکلیس	یاقوت کو آگ پر خوب گرم کرکے پانی مین دس بجھاوین نرم اور مکلس ہو جاویگا
یشبؔ	احراق	یشب کو پیس کے اور ایک کوزہ گلی مین رکھ کے گل حکمت کرین اور تنور مین رکھدین حتیٰ کہ جلکر سفید ہو جاے الا راکھ ہونے پاوے اور اگر ایک آنچ مین نہ جلے تو دو تین آنچ مین کامل کرلین۔

فصل پنجم تدبیر بنانے اور استعمال کرنے ماء الجبن کے۔ جاننا چاہیے کہ دودھ مین اللہ تعالےٰ نے تین چیزین رکھی ہین ایک مائیت دوسرے دہنیت تیسرے ثفل سو دودھ کی مائیت مین صرف قوت دوائی ہے اور ثفل مین قوت غذائی ہے اور دہنیت مین قوت دوا اور غذا دونون کی ہے چنانچہ دودھ سے یہ تینون چیزین جب علیحدہ کرکے استعمال کیجاتی ہین تو اونکے استعمال سے تجربۃً علیحدہ علیحدہ فوائد معلوم ہوتے ہین پنیر جو کہ ثفل دودھ کا ہے بیشتر اُسکا استعمال غذا اً ہوتا ہے اور منجملہ اغذیہ معتادہ مین سے شمار کیا گیا ہے۔ بالائی یا مکھن یا گھی جو کہ دہنیت دودھ کی ہے بیشتر ادویہ و اغذیہ داخلی و خارجی مین مستعمل ہے کیا ہے کہ ان تینون کو واسطے دفع کرنے سوداویت یا تلیین معدہ و امعا کے یا واسطے ازلاق معدہ و امعا کے یا واسطے دفع لاغری و تولید سمن یعنے فربہی کے داخلاً استعمال کرتے ہین اور مرہمون اور مالشون وغیرہ مین خارجاً استعمال کرتے ہین اور اہل ہند سے جو ان تینون کو کثرت سے

یالائیہ مین شامل کرلیا ہے اگرچہ فائدہ فربہی کا تو یہ کرتے ہین الا منیت اور ضعف معدہ و رخوت
عضا اور فربہی مفرط اور تکدر حواس اور ثقل سر اور نزول الماء اور بلادت ذہن وغیرہ کے لیے
باعث اور سبب ہین کیونکہ تجربہ کرنے سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ بالائی یا مکھن یا گھی کی
مدا اکثرت سے استعمال کرنے والے ضرور بلید اور ناسمجھ اور سہل انگار اور آرام طلب ہوتے ہین
اکثر ضعف ہضم یا بطلان اشتہا یا ثقل سر و نزلہ و زکام و تولید بلغم و نزول الماء یا آنکھون کے
امراض مثل پھلی و جالے و ماندے و آشوب چشم وغیرہ وغیرہ کے شاکی اور ان آفتون کے علاج کے
متلاشی ہین بالآخر تجربۃً معلوم ہوا ہے کہ ایسے ہی لوگ عموماً یا ہوسا افیون وغیرہ منشیات و سمیات کو
مند و طریقون سے استعمال کرنے لگتے ہین اور یقیناً زندگی سر گذر جاتے ہین ۔ دہی کا توڑ یا پنیر سے نچوڑا ہوا
پانی یا ماء الجبن جو کہ ماہیت دودھ کی ہے بیشتر دوا مین مستعمل ہے لیئے امراض صفراوی و بعض امراض سوداوی کے نہایت
ہی مفید ہے کیا مثل حمی محرقہ اور ہیجان صفرا اور مرہ صفرا اور مادہ حمرہ و حمرہ اور حرقۃ البول اور مادہ
بثور و دمامیل وغیرہ کو اور سوداویت کو بہت فائدہ مند ہین لیکن اگرچہ دہی کا توڑا اور پنیر کا نچوڑا
ہوا پانی یہ دونون ماء الجبن کہے جاسکتے ہین اور اپنے فعل و اثر مین بھی قریب قریب ماء الجبن
کے ہین الا ماء الجبن جو ایک خاص طریقہ سے باحتیاط و اہتمام تمام بنایا جاتا ہے وہ بہ نسبت ان
دونون کے نہایت ہی لطیف و پُر اثر ہے اور بیشتر اطبا کے معمولات مین سے وہی ماء الجبن ہے لہذا
ضروری ہوا کہ ذیل مفردات مین اسکا بھی ذکر کیا جاوے اور اسکے اخذ و حاصل کرنے کی حقیقت
ظاہر کیجاوے ۔ طریقہ ماء الجبن بنانے کا یہ ہے کہ ایک بکری سیاہ رنگ کی لیوین جو تھوڑے دنون
کی گابھن ہو اور اگر سیاہ رنگ کی نہ ممکن ہو تو سرخ رنگ کی یا چتکبری ہو اور اسکو باہر کی چرائی
سے روک کے گھر مین اسکو دانہ اور چارا دیا جاوے تاکہ خراب اور سمی بقول و گھاسون سے
محفوظ رہے اور اسکو چارہ پالک کے پتے یا خرفہ کے پتے یا لونیا یا سوئے کا ساگ وغیرہ
جو کہ سرد تر ہین دیوین اور اسکو کبھی پیاسا نہ چھوڑین اور دھوپ و گرمی وغیرہ سے بچاوین جب وہ
بچہ دے اسکے چالیس روز بعد اسکا دودھ لیا جاوے اور تانبے کی قلعی دار دیگچی مین اس دودھ کو
کر کے تیز آنچ پر رکھین اور ایک انجیر کی دو پھانکی لکڑی سے اس دودھ کو چلاتے اور ہلاتے رہین جب
دودھ جوش آجاوین اسوقت ماء یہ شیر اعرابی یا پشیر مایہ یا سکنجبین کا چھینٹا دین اور بدستور انجیر کی لکڑی سے
ہلاتے جاوین جب وہ پھٹ جاوے یعنے ایسا ہو جاوے کہ لکڑی علیحدہ ہو جاوے اور پانی جدا ہو جدا
علیحدہ معلوم ہو تو دیگچی اوتار لین اور تین گھنٹہ ٹھہرا کے اور سرد کر کے کسی کف صافی مین تین بار اس

پانی کو مقطر کرلین اور کھد پھر کو چھانکر رکھین طریقہ اسکے استعمال کا یہ ہے کہ ہمراہ ادویہ مناسب منضج یا قبل
منضج کے پانچ تولہ سے شروع کرادین اور ایک تولہ بعد تین روز کے اضافہ کرین پھر بعد دو روز کے
ایک تولہ اور بڑھا دین پھر ایک روز بعد ایک تولہ اور بڑھا دین پھر روز ایک تولہ زیادہ کرتے ہوئے نوبت
حتی کہ دودھ تمام اسی ماءالجبن ہی مین عجاوتی جائے اور اس درمیان مین موافق راے طبیب کے تنقیہ
مسہل بھی ہوجاے اور تنقیہ بھی موافق راے طبیب کے اسی ماءالجبن ہی مین تہ کیا جاے اور ماءالجبن
کا بڑھانا گھٹانا موافق راے طبیب کے ہونا چاہیے جیسا وہ تشخیص کرے اور ماءالجبن کے استعمال کی
حالت مین ادویہ شدید الحرارت سے اور غذا ہاے کثیف دیرہضم و گرم سے اور رنج و غم سے اور فواکہ تشنیہ الیابس
دماغ کشیدہ سے اور گھی و ترش شیرینی وغیرہ سے نہایت پرہیز رکھے ورنہ سخت مضرت کا خوف ہے فائدہ یہ جو
ترتیب اضافہ کرنے اور بڑھانے کی مذکور ہوئی بہت عمدہ و معمول اطبا ء حاذقین کا ہے اسکے سوا طبیب
کو اختیار ہے جیسی مصلحت و ضرورت وقت دیکھے ویسا کرے۔

تمت

اعلان

بعد حمد حکیم مطلق و نعت نبی برحق کے حکماے حذاقت پیشہ و اطباے فراست اندیشہ کو خوشخبری
دیجاتی ہے کہ یہ کتاب اپنے فن مین لاجواب اور مفید ہر شیخ و شاب بڑی محنت اور صحت کے
ساتھ بکمال اہتمام منشی محمد نثار حسین صاحب نثار - قومی پریس لکھنؤ مین چھپکر جلوہ ظہور مین آئی اور
طالبون کو صورت مراد کی دکھائی - مصنف علام نے جملہ فوائد متعلقہ ادویہ مفردہ کو باوجود تفصیل
کے کس قدر مختصر کردیا کہ گویا دریا کوزے مین بھر دیا ایسی کتاب قلیل الحجم و کثیر النفعت حرز بازو کر
ارباب حذاقت کس نے دیکھی اور کہان چھپی مگر جب اسمین برسون کی محنت پڑی اور صرف
زر کثیر مین ہر طرح کی وسعت رہی اور تنگی مصارف کو راہ نہ دی تو اب یہ شاہد یوسف جمال
بازار طالبان کمال مین جلوہ گر ہوا اور نور افزاے دیدہ اہل جوہر ہوا کوئی صاحب اسکو
مفت کی دولت اور مال بے مشقت سمجھ کر بدون اجازت راقم کے نہ چھاپین کیونکہ یہ کتاب
بموجب قانون ایکٹ ۲۵ [illegible] داخل رجسٹر گورنمنٹ ہوگئی ہے۔

راقم

حافظ عبدالستار خان تاجر کتب - لکھنؤ - چوک

کتاب سے حضرت شاہ محمد کاظم قلندر علوی قدس سرہ کے جمع کیے ہیں قیمت مع محصول (۱۲)

شمع شمائل مصنفہ حضرت میر عبدالواحد صاحب بلگرامی اولیائے کبار اور عارفان والا تبار کے حکایات مندرج ہیں قیمت مع محصول (۳)

کتب تصوف بزبان اردو

حکایۃ الصالحین فی احوال الصادقین میں حالات بزرگان دین و عارفان اصدق و یقین درج ہیں قیمت مع محصول (۴)

در ثمینہ فی حکایات الاصفیا اسمیں حالات حضرت محبوب سبحانی غوث الثقلین سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مع حکایات بزرگان دین مندرج ہیں قیمت مع محصول (۵)

کتب شہادت و میلاد شریف

ذکر الشہادتین - یہ کتاب مولانا احمد جان انصاری کی تالیفات سے حالات شہادت شہیدان کربلا و وفات رسول مقبول و حالات حسنین علیہما السلام میں نہایت مفصل اور لائق دید ہے قیمت مع محصول (۱۲)

غزوۃ الکربلا - اسکا بیان اسکے نام سے ظاہر ہے قیمت مع محصول (۱۲)

گریہ مسدس عبرت افزا مخمس حالات کربلا قابل دید ہے قیمت مع محصول (۱۰)

دہ مجلس منظوم " " (۴)

شرح سر ترجمہ اردو سر الشہادتین " " (۸)

بہار جنت در بیان میلاد " " " (۳)

در شریف ارحلام امام شہید جلی قلم (۴)

بہار خلد در نعت و حال معراج " " (۳)

گلشن فردوس اسمیں ایک رسالہ ہے میلاد و ولادت و شفاعت و حلیہ شریف و حالات خلفائے راشدین کے بیان میں قیمت مع محصول (۴)

تقریر القلوب فی تذکرۃ المحبوب کے بیانات مشتمل مدارج النبوۃ کے ہیں قیمت مع محصول (۶)

مولود سعیدی میلاد کے بیان میں نہایت مقبول کتاب ہے قیمت حصہ اول مع محصول (۴)

ایضاً حصہ دوم (۳)

دافع الاوہام اس میں ثبوت قیام وغیرہ میلاد کا بیان ہے قیمت مع محصول (۱۰)

کتب حکمت بزبان عربی

شرح ہدایۃ الحکمۃ مصنفہ مولانا عبدالحق صاحب خیرآبادی مطبوعہ کانپور قیمت مع محصول (۱۲)

الہدیۃ السعیدیہ فی الحکمۃ الطبیعیہ مع حاشیہ التحفۃ العلیہ لشرح الہدیہ مع محصول (عہ)

کامل الصناعہ مقالہ اول تا مقالہ ثانی تصنیف علی بن عباس مطبوعہ مطبع احمدی مع محصول (۵)

کتب طب بزبان فارسی

محازن التعلیم یہ کتاب کلیات و مفردات و مرکبات میں بے مثل ہے مع محصول (۱۲)

تشریح منصوری یہ کتاب قدیم ہے " (۴)

مظہر العلاج - اسمیں ہر مرض کا علاج نہایت بسط و تفصیل سے ہے - مع محصول (۱۰)

کتب طب بزبان اردو

افضل المقال فی احوال الاطبا و الماضیہ و واصل الافادات فی تعریف المفردات مع محصول ( )

تذکرۃ الوفاق فی علاج امراق " (۵)

اعلان

چونکہ اس کتاب

منفعت نصاب

کے سر نو سے تصنیف کرنے اور چھپوانے مین

صرف زر کثیر ہوا اور ایک زمانہ گذر گیا آجتک ایسی کتاب اسم بامسمی جو جملہ

حالات مفردات مین بزبان اردو بے نظیر ہو کسی نے تصنیف نہین کی

ہر شخص فائدہ اوٹھائے اور جسکو تھوڑی سی بھی استعداد ہو وہ حکیم ہو جائے

...لا خواص بتائے لہذا بنظر احقاق حق و حفظ ما سبق کے

اعلان ... نسخہ کی نقل کرےگا یا جز جز بدون اجازت

راقم کے ... ء یہ کتاب مخزن المفردات

داخل رجسٹر سرکار ... ان جسقدر نسخے

مطلوب ... جلد (عہ) ہے

...ب کرن

راقم

...ستارخان تاجر کتب دکان

واقع چوک لکھنؤ